تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | بدھ 15 اپریل 26,2026 شوال المکرّم 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 243

سرکاری مفت میت منتقلی سروس کا آغاز

کسی بھی پیارے کے بچھڑنے کے دکھ کی گھڑی میں ہم سائبان مریم نواز

لاہور، راولپنڈی اور ملتان کیلئے میت منتقلی سروس کی گاڑیوں کی چابیاں حکام کے حوالے کیں، گاڑیوں کا معائنہ بھی کیا، میت منتقلی سروس کے ریسکیو اہلکاروں سے ملاقات، ریسکیو اہلکاروں کو رضائے الٰہی اور عوامی خدمت کے جذبے سے کام کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان میں پہلی بار سرکاری سطح پر باقاعدہ ''میت منتقلی سروس'' کا آغاز کر دیا۔ میت منتقلی سروس کی پہلے فیز میں لاہور، ملتان اور راولپنڈی کے سرکاری ہسپتالوں سے تکریم کے ساتھ میت بلا معاوضہ گھر منتقل کی جائیگی۔ جون تک میت منتقلی سروس کا دائرہ کار پنجاب کی ہر تحصیل میں بتدریج شروع کی جائے گی ۔ ہر تحصیل میں ''Deceased Care Service'' میت منتقلی کیلئے مخصوص ایمبولینس مہیا کی جائیگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور، راولپنڈی اور ملتان کے لئے گاڑیوں کی چابیاں حکام کے حوالے کیں اور میت منتقلی سروس گاڑیوں کا معائنہ بھی کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میت منتقلی سروس کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

صدرِ کی ہنگری کے پارلیمانی انتخابات میں کامیابی پر پیٹر ماجار کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ہنگری کے پارلیمانی انتخابات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

اندرا پولیو مہم ملک کے مستقبل کے لئے ایک اجتماعی خطرے کے خلاف اعلان جنگ ہے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

پاکستان عالمی تنہائی سے نکل کر دنیا کے مرکز نگاہ بن چکا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

امریکہ اور ایران کا پاکستانی قیادت پر اعتماد، دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہوا، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کا پاکستانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

ینگ ڈاکٹرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے، وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن خیبر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان دنیا کی امیدوں کا محور بنا، شہباز شریف

دعوت قبول کرنے کا ایران اور امریکا کے صدور کا مشکور ہوں، یہ میری نہیں پاکستان کے عوام کی عزت ہے، ایران اور امریکا نے 2 ہفتے کی جنگ بندی پر اتفاق کیا، دونوں ملکوں کے اعلیٰ سطح وفود میں 21 گھنٹے تک بات چیت جاری رہی

پاکستان کو امن کی بحالی کے لیے ثالثی کا موقع ملا، ابھی تک سیز فائر قائم ہے، معاملات کو حل کرانے کے لیے پوری کوشش جاری ہے، یہ تاریخی لمحہ وطن عزیز کے 24 کروڑ عوام کے لیے باعث فخر ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن کے لئے کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ امریکہ ایران مذاکرات سے متعلق کاوشوں سے آگاہ کیا اور خطے میں امن کے لئے پاکستان نے جو کردار ادا کیا اس کا اعادہ کیا۔ انہوں نے دورانِ اجلاس امریکہ اور ایران مذاکرات میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

کراچی: صدرِ مملکت آصف علی زرداری اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دنیا کو آبنائے ہرمز کی ضرورت، کسی ملک کو بلیک میل کرنے کی اجازت نہیں دینگے، ٹرمپ

امریکی وفد نے اچھے جبکہ ایران نے برے طریقے سے مذاکرات کیے، ایران کسی صورت جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا

واشنگٹن (بیورو چیف) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم کسی ملک کو بلیک میل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، ایران نے پیغام بھیجا تھا کہ وہ بے تابی سے ڈیل چاہتے ہیں۔ وائٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے وزارت خارجہ میں ملاقات کی۔

2 پاکستانی جہازوں کو انکار کے چند گھنٹوں بعد آبنائے ہرمز سے گزرنے کی خصوصی اجازت مل گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے 2 جہازوں خیر پور اور شالامار کو تواتر کی قبح آبنائے ہرمز میں داخلے سے روکا گیا تھا تاہم چند ہی گھنٹوں بعد دونوں جہاز ہرمز سے واپس پلٹنے کے بعد واپس اندر کی جانب بڑھنا شروع ہوئے۔ جہازوں کے کیپٹن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

مذاکرات کا رک جانا بدقسمتی ہے، شیری رحمن

کوئی بھی بڑا سفارتی نتیجہ ایک ہی نشست میں حاصل نہیں ہوتا، مذاکرات کا رک جانا بدقسمتی ہے کیونکہ یہ وقت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

اقوام متحدہ کا ایران کے ساتھ جنگ بندی برقرار، مذاکرات جاری رکھنے پر زور

آبنائے ہرمز میں بحری تجارت میں خلل کے باعث عالمی معیشت عدم استحکام کا شکار ہے

نیویارک (بیورو چیف) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ایران کے ساتھ تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں۔ ترجمان اقوام متحدہ نے بتایا کہ مشرق وسطیٰ میں کئی ہفتوں سے تباہی اور پریشانی جاری ہے،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک-آئی ایم ایف اسپرنگ میٹنگز 2026 میں اپنی مصروفیات کے پہلے دن ورلڈ بینک گروپ کی منیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز) محترمہ انیا بجرڈے سے ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب حکومت کا فری سولر پینل اسکیم میں چھ ماہ کی توسیع کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے فری سولر پینل سکیم میں چھ ماہ کی توسیع کا فیصلہ کیا ہے، اضافی فنڈز سے مزید سولر سسٹمز تقسیم ہوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

صدر زرداری کی بیساکھی کے موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم ہندو اور سکھ برادری کو دلی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیساکھی کے موقع پر پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم ہندو اور سکھ برادری کو دلی مبارکباد پیش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

حکومت کا اے آئی میں 1 ارب ڈالر سرمایہ کاری منصوبے پر عملدرآمد شروع کرنیکا فیصلہ

سرکاری اور پرائیویٹ شعبے کو کمپیوٹنگ پاور، گرافکس پروسیسنگ یونٹس فراہم کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے آرٹی فیشل انٹیلی جنس میں ایک ارب ڈالر سرمایہ کاری منصوبے پر عملدرآمد شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

خلیجی ممالک کے فضائی آپریشن میں بہتری، پروازوں میں نمایاں اضافہ

لاہور (این این آئی) ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کے تناظر میں خلیجی ممالک کے فضائی آپریشن میں مسلسل بہتری دیکھنے میں آ رہی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

وزیر داخلہ کا امن و امان کی صورتحال پر فورسز کو خراج تحسین

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

وزیراعظم شہباز شریف سے جاپانی ہم منصب کا رابطہ، ایران امریکا مذاکرات پر گفتگو

پاکستان جنگ بندی کو برقرار رکھنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، وزیراعظم شہباز شریف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف سے جاپان کی وزیرِ اعظم ساناٹے تاکائچی نے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے جس میں امریکا اور ایران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

پشاور میں پولیس مقابلہ، اشتہاری اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے شاہ پور میں پولیس مقابلہ ہوا ہے جس میں ایک ملزم ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم قتل، منشیات فروشی اور پولیس پر حملوں سمیت 19 مقدمات میں مطلوب تھا۔

دنیا کو دہشتگردی سے محفوظ بنانے کیلئے پاکستان تنہا بوجھ اٹھا رہا ہے، امریکی رکنِ کانگریس

پاکستانیوں کو امریکی ویزے کے حصول میں مسائل کے حل کے لیے بھی کام کریں گے، ٹام سوازی

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے چیئرمین رکن کانگریس ٹام سوازی اور امریکہ میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کی مشترکہ پریس کانفرنس میں پاک امریکہ تعلقات کے موضوع پر منعقدہ تاریخ ساز سمپوزیم کے

لاہور صوبائی وزیر لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ سید عاشق حسین کرمانی محکمانہ امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 30 روز کی توسیع

صوبہ بھر میں کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر پابندی برقرار ہے، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت عائد پابندی میں 30 روز کی توسیع کر دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق صوبہ بھر میں آؤٹ آف ڈور ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ حکومت پنجاب نے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے واضح کیا کہ ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہے

مشرق وسطیٰ کشیدگی، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ

ہفتہ وار مہنگائی کی سالانہ شرح 8.24 فیصد تک پہنچ گئی، ادارہ شماریات

لاہور (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے پاکستان پر اثرات پڑنے شروع ہو گئے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں ایک فیصد تک اضافہ، سالانہ شرح بڑھ کر آٹھ اعشاریہ دو چار فیصد ہو گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے پیٹرول ڈیزل سمیت 23 اشیاء مہنگی ہوئیں، ایک ہفتے میں 23 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، جن میں پیاز، ٹماٹر، آلو، انڈے اور زندہ مرغی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پیاز اٹھارہ فیصد سیز ائد جبکہ ٹماٹر گیارہ فیصد سیز یادہ

(بقیہ نمبر 18)

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں ریکارڈ اضافہ پاکستان کی عالمی بحری صلاحیت کو اجاگر کر رہا ہے، محمد جنید انوار چوہدری

قومی صلاحیت کو نمایاں کر رہا ہے اور بندرگاہوں کو تجارت اور علاقائی روابط کے فعال مراکز میں تبدیل کر رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے حکومت کی مستقبل پر مبنی حکمت عملی اور پورٹ اتھارٹیز کی غیر معمولی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں ریکارڈ اضافہ پاکستان کی عالمی بحری صلاحیت کو اجاگر کر رہا ہے اور ملکی بندرگاہوں کو تجارت و کاروبار کے ممتاز مراکز کے طور پر مستحکم بنا رہا ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں مسلسل اضافہ نئے سنگ میل قائم کر رہا ہے،

(بقیہ نمبر 21)

پولیس چوکی انڈسٹریل ایریا میں زیر حراست شخص کی موت، 7 افراد کیخلاف مقدمہ درج

زیر حراست شخص افتخار کی لاش پھندا لگی حالت میں برآمد ہوئی تھی، قتل اور تشدد کی دفعات کے تحت کارروائی

لاہور (این این آئی) پولیس چوکی انڈسٹریل ایریا میں زیر حراست شخص کی پھندا لگی لاش ملنے کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جس میں پولیس اہلکاروں سمیت 7 افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ قتل، اختیارات سے تجاوز اور تشدد کی دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مقتول افتخار کو دوران حراست تشدد کا نشانہ بنایا گیا،

(بقیہ نمبر 26)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا

پاکستان کو توسیعی فنڈ سہولت (EFF) کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (RSF) کے تحت 21 کروڑ ڈالر تک رسائی حاصل ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے بعد ملک کے لیے اہم مالی معاونت کی راہ ہموار ہو گئی۔ آئی ایم ایف کے مطابق ایگزیکٹو بورڈ سے منظوری کے بعد پاکستان کو توسیعی فنڈ سہولت (EFF) کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (RSF) کے تحت 21 کروڑ ڈالر تک رسائی حاصل ہوگی

ابوظہبی میں ایرانی میزائل کا ملبہ گرنے سے پاکستانی شہری جاں بحق

اماراتی فضائی دفاعی نظام نے آنے والے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا تھا

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی میں بیلسٹک میزائل کے ملبے کے گرنے سے ایک پاکستانی شہری سمیت مزید دو افراد جاں بحق ہو گئے ہیں، جبکہ کئی افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق اماراتی فضائی دفاعی نظام نے آنے والے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا تھا، تاہم اس کا ملبہ ابوظہبی کے علاقے سویحان میں جا گرا جس کے نتیجے میں

(بقیہ نمبر 19)

کراچی: رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی ایکسپو سینٹر میں پاکستان انٹیریئر فرنیچر ایکسپو کا افتتاح کر رہی ہیں۔

تہران میں پاکستانی سفارتخانے کے قریب بمباری، سفیر اور عملہ محفوظ

کشیدہ صورتحال کے باوجود پاکستانی سفارتی عملہ اپنی ذمہ داریاں نبھا رہا ہے اور حالات پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایران کے دارالحکومت تہران میں پاکستانی سفارتخانے اور سفیر کی رہائشگاہ کے قریب شدید بمباری کی اطلاعات سامنے آئی ہیں تاہم تمام پاکستانی سفارتی عملہ محفوظ رہا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق بمباری کا سلسلہ رات تقریباً 8 بجے شروع ہوا، جس کے دوران سفارتخانے کے اطراف میں زور دار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی سفارتخانے کے سامنے ایرانی فوج کا مرکز ارتش واقع ہے جو ممکنہ طور پر حملے کا

(بقیہ نمبر 23)

پیٹرولیم مصنوعات پر ہدفی سبسڈی ٹیکنالوجی کی مدد سے نظام کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور سبسڈی اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت اور صوبوں نے پیٹرولیم مصنوعات پر ہدفی سبسڈی کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا اور کہا گیا کہ ہدفی سبسڈی کے نظام کو ٹیکنالوجی کی مدد سے جلد حتمی شکل دی جائے گی۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور سبسڈی اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا، جس میں پیٹرولیم ڈویژن نے ملک میں ایندھن کی صورت حال پر

(بقیہ نمبر 27)

وزارتِ مذہبی امور کا حج تربیت ویکسینیشن اور ادویات ایک ہی دن فراہم کرنے کا فیصلہ

ملک بھر کے 10 حاجی کیمپوں میں بیک وقت تربیت اور ویکسینیشن کا عمل 8 اپریل سے شروع ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارتِ مذہبی امور نے حکومتی ہدایات پر مؤثر عمل درآمد کرتے ہوئے حج تربیت، ویکسینیشن اور ادویات پیکنگ کی سہولیات ایک ہی دن فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک بھر کے 10 حاجی کیمپوں میں بیک وقت تربیت اور ویکسینیشن کا عمل 8 اپریل سے شروع ہوگا، تمام سرکاری عازمینِ حج کے لیے اپنے مقررہ شیڈول پر حاجی کیمپ میں شرکت لازمی قرار دی گئی ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ

(بقیہ نمبر 28)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، چیئرمین بورڈ کیپٹن (ر) زاہد سعید اور سیکرٹری صحت عظمت محمود، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیفر ٹیٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے دورے پر ماسٹر پلان پر بریفنگ لے رہے ہیں۔

ناقص کپڑا فروخت کرنے پر دکاندار کے خلاف ہرجانے کا دعویٰ دائر

لاہور (این این آئی) صارف عدالت میں سمن آباد کے ایک دکاندار کے خلاف ناقص کپڑا فروخت کرنے پر ہرجانے کا دعویٰ دائر کر دیا گیا۔ سمن آباد کی رہائشی خاتون نے موقف اختیار کیا کہ اس نے شادی میں پہننے کے لئے فینسی سوٹوں کا کپڑا خریدا تاہم گھر آ کر معائنہ کرنے پر کپڑا ناقص کوالٹی کا نکلا۔ درخواست گزار نے دکاندار

(بقیہ نمبر 29)

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس 31 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس 31 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ رجسٹرار آفس نے بانی اور بشریٰ بی بی کیس کی کازلسٹ جاری کر دی، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف سماعت کریں گے۔ عدالت نے نیب کی درخواست پر بانی اور بشریٰ بی بی کے وکیل سے جواب طلب کر رکھا ہے جبکہ

(بقیہ نمبر 30)

پنجاب میں فوجداری نظام کی بہتری کیلئے اہم فیصلے، کیس فلو مینجمنٹ سسٹم کی منظوری

نارکوٹک کیسز کیلئے نئی پراسیکیوشن پالیسی 2025ء منظور، مقدمات کی تیز رفتار پیروی یقینی بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فوجداری نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں مقدمات کے نظام کو موثر اور تیز بنانے کے لیے بڑے فیصلے کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب نے کیس فلو مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے مقدمات کی نگرانی اور رفتار بہتر بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی نارکوٹک کیسز کے لیے پراسیکیوشن پالیسی 2025ء کے مسودے کی منظوری بھی دے دی گئی ہے، جسے سیکرٹری پراسیکیوشن کی جانب

(بقیہ نمبر 31)

جی ایس پی پلس سٹیٹس برقرار رہنا چاہیے، اسے سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، ایس ایم تنویر

ٹیکسٹائل کا شعبہ ملکی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے معرکہ حق جیتا، اب معرکہ معیشت بھی جیتنا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ ایس (یو بی جی) ایم تنویر نے کہا ہے کہ پاکستان کا جی ایس پی پلس سٹیٹس برقرار رہنا چاہیے، اس پر سمجھوتا نہیں ہو سکتا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ یو بی جی ایس ایم تنویر کا کہنا تھا ہم مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، معیشت کی بہتری کیلئے کام کر رہے ہیں، تجارت کے لئے فری ٹریڈ معاہدے ہونے چاہئیں، جی ایس پی پلس سٹیٹس 8 ممالک کو ملا ہوا ہے، جی ایس پی

(بقیہ نمبر 32)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن صوبے میں کفایتی اقدامات کی نگرانی کے لئے تشکیل کردہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، جعلی وملاوٹ شدہ اشیائے خورونوش تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے غیر معیاری اور مضر صحت اشیا تیار کرنے والے یونٹس کے خلاف سخت ایکشن لیا۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں 8 یونٹس پر چھاپے مارے گئے، جن میں سنگین خلاف ورزیوں پر

(بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، شادی میں ہوائی فائرنگ کرنیوالی دلہن کی ضمانت منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے گوہڑہ میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے والی دلہن کی ضمانت منظور

(بقیہ نمبر 35)

اسلامی ممالک آزاد خارجہ پالیسیاں پر مبنی پالیسیاں تشکیل دیں، جے یو آئی (س)

مغربی طاقتیں مسلمان کو محکوم اور مغلوب بنا کر غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، نائب ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز اور مولانا توقیر عباس

(بقیہ نمبر 33)

پنجاب بھر میں میٹرک امتحانات کا آغاز، 27 لاکھ سے زائد طلبہ شریک

صوبے بھر میں 4 ہزار 92 امتحانی مراکز قائم، 247 سینٹرز کو حساس قرار

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں میٹرک کے سالانہ امتحانات کا باقاعدہ آغاز ہو گیا، جس میں 27 لاکھ 96 ہزار سے زائد امیدوار شرکت کر رہے ہیں۔ محکمہ تعلیم کے مطابق امتحانات کے انعقاد کے لیے صوبے بھر میں 4 ہزار 92 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں جن

(بقیہ نمبر 36)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

دو چار ڈی سی سیز کو ہتھکڑیاں لگوانا پڑیں گی تو شاید حالات ٹھیک ہو جائیں، لاہور ہائیکورٹ

ڈی سی کے وکلا پیش نہ ہونے پر عدالت برہم، توہین عدالت کے کیس میں ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کو ریکارڈ سمیت طلب کرلیا

لاہور(این این آئی) ہائی کورٹ نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ دو چار ڈی سیز کو ہتھکڑیاں لگوانا پڑیں گی تو شاید حالات ٹھیک ہو جائیں۔ عدالتی حکم کے باوجود قبضہ واپس نہ دلوانے کے کیس میں ڈی سی گجرات کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت لاہور ہائی کورٹ میں ہوئی، جہاں عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کو ریکارڈ سمیت طلب کرلیا۔

قصور میں پاورلومز سے 25 سالہ نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد

نوجوان کو قتل کیا گیا یا اس نے خودکشی کی تاحال کچھ نہیں کہہ سکتے، پولیس حکام

قصور(این این آئی) قصور میں تھانہ بی ڈویژن کے علاقے چاہ بلندے والا میں پاورلومز سے پھندا لگی لاش برآمد ہوئی۔ اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، پولیس تھانہ بی ڈویژن نے لاش کو قبضہ میں لے کر تفتیش شروع کردی، لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ نوجوان کو قتل کیا گیا یا اس نے خود کشی کی تاحال کچھ نہیں کہہ سکتے، مرنے والے نوجوان کی شناخت 25 سالہ علی کے نام سے ہوئی ہے، علی رکن پورہ کا رہائشی اور والدین کا اکلوتا بیٹا تھا۔ نوجوان رات گھر سے پاورلومز آیا مگر کئی گھنٹے گزرجانے کے بعد واپس گھر نہ آیا، تلاش شروع کی گئی تو پاورلومز کے کھاتے میں پھندا لگی لاش دیکھ کر کہرام مچ گیا۔ پولیس حکام نے مزید بتایا کہ واقعہ کی تحقیقات شروع کردی گئی، تفتیش کے بعد ہی اصل حقائق سامنے آئیں گے۔

غیر حاضری پر کراچی پولیس کے 17 پولیس افسران اور اہلکار کو سزا

کراچی(این این آئی) ایس ایس پی سینٹرل نے ڈیوٹی سے غیر حاضری اور فرائض میں غفلت پر 17 پولیس افسران و اہلکاروں کیخلاف ایکشن لے لیا۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر عمران خان کی جانب سے ڈیوٹی سے غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 17 پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

کراچی پولیس چیف آزاد خان سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

ملک کا امن ہمیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز ہے، شیخ نعیم طاہر

یہ وطن پاکستان گلدستہ اور صوبے اس کے پھول ہیں جہاں ہر صوبہ کی ثقافت قابل احترام اور ملک کی پہچان ہے

سرگودھا(این این آئی) مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ سرگودھا کے ڈویژنل سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا ہے کہ ملک کا امن ہمیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز ہے جس کے دفاع کیلئے پوری قومی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے یہ وطن پاکستان گلدستہ اور صوبے اس کے پھول ہیں جہاں ہر صوبہ کی ثقافت قابل احترام اور ملک کی پہچان ہے۔ زرائع کے مطابق مسلم لیگ ن علما و مشائخ ونگ کے ڈویژنل سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ وطن میں امن ہمیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز ہے جس کے دفاع کے لئے پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان گلدستہ اور صوبے اس کے پھول ہیں جہاں کی خوشیوں اور ثقافت قابل احترام اور ملک کی پہچان ہیانہوں نے بلوچ ثقافت کے دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ سفید پگڑی، بلوچی کڑھائی سے مزین ملبوسات قابل رقص ہیں۔

جواد احمد انٹرویو کے دوران اینکر سے الجھ پڑے

لاہور(این این آئی) معروف گلوکار و سیاسی رہنما جواد احمد انٹرویو کے دوران اینکر سے الجھ پڑے۔ سوشل میڈیا پر ایک کلپ وائرل ہورہا ہے جس میں جواد احمد انٹرویو کے دوران صحافی پر غصہ ہو جاتے ہیں اور غصے سے کہتے ہیں یہاں سے نکل جاؤ۔ بات یہیں پر ختم نہیں ہوتی بلکہ جواد احمد اینکر کے پاس جا کر اس کا ہاتھ پکڑ کر مروڑ دیتے ہیں۔ جواد احمد کو بھاڑ میں جاؤ، دو ٹکے کے صحافی کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے۔

ملکی سلامتی و تحفظ ہر چیز سے مقدم ہے، علامہ طاہر اشرفی

دہشت گرد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا اور پُرامن احتجاج ہر شہری کا حق ہے، چیئرمین علماء کونسل

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل علامہ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش ہے، ملکی سلامتی وتحفظ ہر چیز سے مقدم ہے۔ قومی پیغام امن کمیٹی کے اراکین کے ہمراہ پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کا بھرپور مقابلہ کر رہی ہیں، قومی پیغام امن کمیٹی کا مقصد مساوات اور بھائی چارے کا فروغ ہے۔

نیا بلدیاتی ایکٹ 2025ء نافذ، لاہور میں 433 یونین کونسلز بنیں گی، نوٹیفکیشن جاری

ڈیمارکیشن مکمل، لاہور کی 9 ٹاؤن کارپوریشنز کے نئے نام منظور، یونین کونسل کی آبادی 21 سے 29 ہزار مقرر

لاہور (این این آئی) نئے بلدیاتی ایکٹ 2025ء پر عمل درآمد کا باقاعدہ آغاز ہو گیا، بلدیاتی انتخابات کے لئے ڈیمارکیشن کا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے جبکہ لاہور کی 9 ٹاؤن کارپوریشنز کے نئے نام بھی نوٹیفائی کردیئے گئے۔ ٹاؤن کارپوریشنز کے ڈیمارکیشن کے نتیجے میں یونین کونسلز کی تعداد کا بھی تعین کرلیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور میں 433 یونین کونسلز بنیں گی۔ یونین کونسل کی آبادی 21 ہزار سے 29 ہزار تک کی رکھی گئی، قبل ازیں شہر میں 500 یونین کونسلز بنانے کی ورکنگ کی گئی تھی۔ ٹاؤن کارپوریشن ماڈل ٹاؤن کی آبادی 22 لاکھ 97 ہزار نفوس پر مشتمل ہوگی جس میں 21 موضع جات ، 77 یونین کونسلز بنیں گی۔ ٹاؤن کارپوریشن شالیمار ٹاؤن کی آبادی 21 لاکھ 48 ہزار 724 ہوگی جس میں 22 موضع جات، 72 یونین کونسلز بنیں گی۔

حیدرآباد میں ہولی کی رنگارنگ تقریبات، خوشیوں اور مذہبی عقیدت کا اظہار

حیدرآباد(این این آئی) حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں ہندو برادری کی جانب سے قدیم تہوار ہولی جوش وخروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔ ہندو برادری کی جانب سے ہولی کی شہر کے مختلف مقامات پر رنگارنگ تقریبات کا انعقاد بھی کیا گیا جہاں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تہوار کے موقع پر شہریوں کی بڑی تعداد نے ایک دوسرے کو رنگ لگا کر خوشیوں کا اظہار کیا، بچوں، نوجوانوں اور بزرگوں نے ہولی کے موقع پر خوب رنگ کھیل کر خوشیاں بانٹیں۔

پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھا، عاطف اکرام شیخ

نئی اتھارٹی معیار، شفافیت اور اعتماد کو فروغ دے گی، بزنس کمیونٹی کو عالمی معیار کی ٹیسٹنگ سہولیات میسر آئیں گی

لاہور (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ زرعی مصنوعات، فوڈ اور ادویات کی شفاف نگرانی کے لیے پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھا، یہ اتھارٹی خطے میں مرکزِ امتیاز کے طور پر ابھرے گی اور معیار، شفافیت اور اعتماد کو فروغ دے گی۔ اس موقع پر ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین و نائب صدر ذکی اعجاز نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کے قیام سے ہماری انڈسٹری کو بہت سی امیدیں وابستہ ہیں، خصوصا اس حوالے سے کہ بزنس کمیونٹی کو عالمی معیار کی ٹیسٹنگ سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی کاوشوں کو سراہنا چاہوں گا

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں

اسلام آباد(این این آئی) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 83 ڈالرز فی بیرل کی سطح پر پہنچ گئی۔ دوسری جانب ٹریڈنگ کے آغاز پر سونے کی قیمت میں بھی تقریباً 2 فیصد اضافہ ہوا ہے، سونے کی فی اونس قیمت 88 ڈالرز کے اضافے سے 5176 ڈالرز ہوگئی۔

بدین: وائس چانسلر سندھ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر فتح محمد مری بدین پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں۔

آپریشن غضب للحق: افغان طالبان، فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان کے 50 ٹھکانے تباہ

سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ سیف اللہ، چمن، سمبازہ، گھڈوانہ، جانی اور غزنالی سیکٹر میں مؤثر کارروائیاں کی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) آپریشن غضب للحق کے تحت افغان طالبان، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں پاک فوج نے مذکورہ عناصر کے 50 ٹھکانوں کو تباہ کردیا، کارروائیاں 3 اور 4 مارچ کی درمیانی شب بھاری ہتھیاروں کے ساتھ کی گئیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ سیف اللہ، چمن، سمبازہ، گھڈوانہ، جانی اور غزنالی سیکٹر میں مؤثر کارروائیاں کی گئیں، ان مقامات کو سرحد پار سے دہشت گردی کے لیے استعمال کیا جارہا تھا

پی آر اے نے فروری میں 41 ارب سے زائد ٹیکس ریونیو اکٹھا کیا

گزشتہ سال اسی ماہ 23.6 ارب روپے کے محصولات اکٹھے ہوئے تھے، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی کی تاریخ میں پہلی بار ماہ فروری میں 75 فیصد گروتھ ریٹ ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال فروری میں 41 ارب سے زائد ٹیکس ریونیو اکٹھا کرلیا۔ گزشتہ سال فروری میں 23.6 ارب روپے کے محصولات اکٹھے کیے گئے تھے۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت اجلاس میں محصولات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں صوبہ بھر کے افسران نے ویڈیو لنک پر شرکت۔ چیئرمین نے بہترین کارکردگی پر تمام افسران اور عملے کو شاباش دی۔ ترجمان پی آر اے کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے اصلاحاتی پروگرام پر عملدرآمد کے نتائج واضح ہورہے ہیں، جدید اصلاحات کے نفاذ اور شفاف ٹیکس کولیکشن سسٹم کی بدولت اضافہ ممکن ہوا۔

کراچی سمیت ملک بھر کے لیے بجلی مہنگی کردی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی سمیت ملک بھر کے لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی کردی گئی۔ صارفین پر 8 ارب 67 کروڑ روپے سے زائد کا بوجھ ڈالنے کے لیے بجلی 35 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی گئی۔ اطلاق مارچ سے مئی 2026 کے 3 ماہ کے لیے ہوگا۔ اس سلسلے میں نیپرا نے بجلی مہنگی کرنے کا فیصلہ وفاقی حکومت کو بھیج دیا ہے۔ یاد رہے کہ جولائی تا ستمبر 2025 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بھی بجلی 33 پیسے مہنگی کی گئی تھی۔

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی حنا پرویز بٹ و دیگر کا پنجاب یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو۔

سرگودھا پولیس افسر کی غیر قانونی حراست میں بزرگ شہری جاں بحق

سرگودھا(این این آئی) پولیس افسر کی مبینہ بدتمیزی اور غیر قانونی حراست میں بزرگ شہری جاں بحق ہوگیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ رشوت، تذلیل اور پھر موت! تھانہ جھاوریاں کے اے ایس آئی کیخلاف سنگین الزامات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس حکام کا مزید کہنا ہے کہ اے ایس آئی سرفراز نے قصبہ کہوٹ میں چھاپہ مار کر بزرگ شہری غلام شبیر سمیت 4 افراد کو غیر قانونی حراست میں لیا تھا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ اے ایس آئی سرفراز کے خلاف تحقیقات شروع کردی گئی ہے

پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی 3361 بوتلیں غیر ملکی شراب برآمد

کارروائی کے دوران پانچ گاڑیوں کی تلاشی لی گئی، جن سے اعلیٰ کوالٹی کی غیر ملکی شراب کی 3361 بوتلیں برآمد ہوئیں، ترجمان

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے علاقوں اتھل اور گڈانی میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے بڑی مقدار میں غیر ملکی شراب برآمد کر لی۔ ترجمان کے مطابق کارروائی کے دوران پانچ گاڑیوں کی تلاشی لی گئی، جن سے اعلیٰ کوالٹی کی غیر ملکی شراب کی 3361 بوتلیں برآمد ہوئیں۔ حکام کے مطابق یہ کارروائی خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کی گئی جس کے نتیجے میں سمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی گئی۔

جہانگیر ترین، وزیر مملکت عبدالرحمان خان کانجو سے انکی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کررہے ہیں

سرگودھا، غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم کے مالکان کے خلاف مقدمات درج

شہریوں سے دھوکہ دہی اور سرکار کو 32 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچانے اور ضلع کونسل ملازمین کو اسلحہ تان کر سنگین نتائج کی دھمکیاں

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم مالکان کے خلاف شہریوں سے دھوکہ دہی اور سرکار کو 32 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچانے کے ساتھ کارسرکار میں مزاحمت کر کے ضلع کونسل ملازمین کو اسلحہ تان کر سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق ضلع کونسل کے انفورسمنٹ انسپکٹر افتخار احمد کی مدعیت میں چک 70 شمالی ہاسنگ سکیم کے مالکان کے خلاف پولیس نے سیکشن 154 کریمنل پروسیجر کوڈ 1898، سیکشن (172) 4 پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022، شیڈول 8 پارٹ 2 سیریل نمبر 11,12,13,14,18، شیڈول 8 پارٹ 1 سیریل 2 کے ساتھ سیکشن 06 کے تحت 186,342,109,420,II کے تحت درج کیا جس میں بتایا گیا کہ ملزمان سید شفاقت علی، عزیز الرحمان، ارشد کاظمی نے رقبہ 110 کنال 10 مرلے پر مشتمل ہاسنگ سکیم چک 70 شمالی کی فائل داخل کی اور این او سی کے حصول کے بغیر ہاسنگ سکیم سائٹ پر ترقیاتی کام شروع کردیا

سندھ حکومت کا 19 ویں سندھ گیمز 16 تا 19 اپریل کو سکھر میں کرانے کا فیصلہ

حکومت سندھ نیشنل گیمز کی طرح 19 ویں سندھ گیمز کو بھی کامیاب بنائے گی، سردار محمد بخش مہر

کراچی(این این آئی) سندھ حکومت نے 19 ویں سندھ گیمز 16 تا 19 اپریل کو سکھر میں منعقد کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر کھیل و امور نوجوانان سندھ سردار محمد بخش مہر کی زیر صدارت اہم اجلاس میں ہوا، جس میں 19 ویں سندھ گیمز 16 سے 19 اپریل تک سکھر میں منعقد کرانے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سیکرٹری کھیل منور علی مہیسر، ڈائریکٹر اسد اسحاق، چیف انجینئر اسلم مہر، سیکشن افسر علی ڈنوگو پانگ اور سندھ اولمپک ایسوسی ایشن کے عہدیداران احمد علی راجپوت اور اصغر بلوچ نے شرکت کی۔ اجلاس میں سکھر میں سندھ گیمز کے انعقاد اور تھر جیپ ریلی کے انتظامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ سیکرٹری کھیل منور علی مہیسر نے بتایا کہ 19 ویں سندھ گیمز میں 40 سے زائد کھیل شامل ہوں گے، جن میں صوبے بھر سے گرلز اور بوائز کھلاڑی حصہ لیں گے۔ وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ عید کے فوراً بعد ڈویژنل سطح پر سندھ گیمز کے ٹرائلز 24 تا 29 مارچ تک منعقد کیے جائیں۔

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان دفتر آنے والے سائلین کے مسائل کا جائزہ لے رہے ہیں۔

چین میں تربیت پانے والے 885 زرعی ماہرین ماسٹر ٹرینرز بن کر وطن واپس پہنچ گئے

اے آئی پر مبنی زراعت، ڈرون ٹیکنالوجی، جدید بیجوں کی پیداوار سمیت مختلف شعبوں میں تربیت حاصل کی

لاہور(این این آئی)885 پاکستانی زرعی پیشہ ورافراد نے چین کی معروف جامعات میں جدید اور جامع تربیت مکمل کر لی ہے اور وہ ملک کے زرعی شعبے کو جدید بنانے میں کردار ادا کرنے کے لیے ماسٹر ٹرینرز کی حیثیت سے وطن واپس پہنچ گئے۔ سخت انتخابی عمل کے ذریعے منتخب کیے گئے اس گروپ نے مصنوعی ذہانت پر مبنی زراعت، ڈرون ٹیکنالوجی، جدید بیجوں کی پیداوار اور آبی نظم و نسق کے نظام سمیت مختلف شعبوں میں خصوصی تربیت حاصل کی۔ بیان میں مزید کہا گیا سخت انتخابی عمل کے ذریعے منتخب کیا گیا یہ گروپ اب ماسٹر ٹرینرز کی حیثیت سے وطن واپس پہنچ گیا جو مقامی زرعی منظرنامے میں انقلاب برپا کرنے کے لیے تیار ہے۔ مصنوعی ذہانت پر مبنی کاشتکاری اور ڈرون ٹیکنالوجی سے لے کر جدید بیجوں کی پیداوار اور آبی وسائل کے انتظام تک، یہ ماہرین ایسی جدید مہارتوں سے لیس ہیں۔ جو قومی سطح پر پیداوار اور غذائی تحفظ میں اضافے کے لیے ناگزیر ہیں۔

لاہور: وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلیمان ملک نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں ایچ آر کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے "چالان نہیں، ہیلمٹ" مہم کا آغاز کردیا

اس اقدام کا بنیادی مقصد شہریوں کو سزا دینا نہیں بلکہ ان کی جانوں کو محفوظ بنانا ہے، ترجمان نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس

کراچی(این این آئی) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے موٹرسائیکل سواروں کی جانوں کے تحفظ کو ترجیح دیتے ہوئے خصوصی آگاہی مہم "چالان نہیں، ہیلمٹ " کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے۔ اس مہم کا مقصد قانون پر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ شہریوں میں ذمہ دارانہ رویوں کو فروغ دینا اور روڈ سیفٹی کلچر کو مستحکم کرنا ہے۔ موٹر سائیکل سواروں میں ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنانے کے لیے شروع کی گئی اس مہم کے تحت ایسے افراد جو ہیلمٹ کے بغیر سفر کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں، انہیں فوری طور پر چالان کرنے کے بجائے پہلے موقع پر ہیلمٹ خریدنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ افسران موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ کی اہمیت، ممکنہ خطرات اور حادثات کی صورت میں سر کی چوٹ کے مہلک نتائج سے آگاہ کرتے ہیں۔ مہم کے طریقہ کار کے مطابق اگر موٹر سائیکل سوار موقع پر ہی ہیلمٹ خرید کر پہن لیتا ہے تو اس کے خلاف چالان کی کارروائی نہیں کی جاتی۔ تاہم بار بار خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

پاکستان کا بگرام ایئربیس پر بڑا حملہ، ایئرکرافٹ ہینگر اور ویئر ہاؤس تباہ

امریکی جریدے نیویارک ٹائمز نے بھی پاکستان کی کامیابی کی تصدیق کردی سیٹلائٹ تصاویر بھی جاری

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کی جانب سے افغان طالبان رجیم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ پاکستان نے افغانستان کے اہم ترین بگرام ایئربیس کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ پاک فضائیہ کی کارروائی میں بگرام ایئربیس پر ایک ایئرکرافٹ ہینگر اور دو ویئر ہاؤس تباہ ہوگئے۔ معروف امریکی جریدے نیویارک ٹائمز نے بھی تصدیق کردی۔ سیٹلائٹ تصاویر بھی جاری کردی گئیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان کی جارحیت کے جواب میں پاک افواج کے مؤثر اور تباہ کن جوابی حملے جاری ہے۔ افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ گزشتہ روز بھی پاک فضائیہ کی کارروائی میں جلال آباد میں ایمونیشن ڈپو اور ڈرونز اسٹوریج تباہ کردیا گیا۔ واضح رہے کہ پاکستانی افواج کا آپریشن غضب للحق کامیابی سے جاری ہے، اب تک افغان طالبان رجیم کے 400 سے زائد کارندے ہلاک ہوچکے ہیں۔

لاہور سیکرٹری فوڈ سیفٹی کرن خورشید سہولت ان دیگو بازار گلشن راوی کے دورے کے دوران آٹے کی سپلائی کا جائزہ لے رہی ہیں۔

ہنگامی صورتحال پیش آئے تو فوری طور پر سفارتخانے یا قونصل خانے سے رابطہ کریں

سعودی عرب میں پھنسے پاکستانی شہریوں کیلئے سفارتخانے کی نئی ایڈوائزری جاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں پاکستانی سفارتخانے نے وہاں موجود پاکستانی شہریوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ اگر کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال پیش آئے تو فوری طور پر سفارتخانے یا قونصل خانے سے رابطہ کریں۔ یہ ہدایات خاص طور پر ان پاکستانیوں کیلئے جاری کی گئی ہیں جو وزٹ ویزا یا عمرہ کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب آئے ہوئے ہیں۔ پاکستانی سفارتخانے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکل یا ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر سفارتخانے سے رابطہ کریں۔ پاسپورٹ گم ہونے، قانونی مسائل یا طبی ایمرجنسی کی صورت میں سفارتی عملہ مدد فراہم کرے گا۔ عمرہ یا وزٹ ویزا پر آنے والے افراد کیلئے خصوصی ہنگامی رابطہ نمبرز جاری کیے گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں: پاکستانی شہری لینڈ لائن نمبرز 966126689149 اور 966126692371 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

چین کا خطے میں ثالثی کی کوششوں کے لیے خصوصی مندوب بھیجنے کا اعلان

چین سعودیہ کے تحمل اور تنازعات کو پرامن ذرائع سے حل کرنے کے عزم کی قدر کرتا ہے، وانگ ای

بیجنگ(این این آئی) چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ وزیر خارجہ وانگ ای نے اپنے سعودی اور اماراتی ہم منصبوں کو مطلع کیا ہے کہ بیجنگ خطے میں بڑھتے ہوئے تنازع اور ایران پر مسلط کردہ اسرائیل-امریکہ کی جنگ کے پیش نظر ثالثی کے لیے مشرق وسطی میں ایک خصوصی مبعوث بھیجے گا۔ چین ریاض کی جانب سے دکھائے گئے تحمل اور تنازعات کو پرامن ذرائع سے حل کرنے کے عزم کی قدر کرتا ہے۔

عالمی حالات کے تناظر میں برآمدات کے حوالے سے ازسرنو حکمت عملی مرتب کرنا ہوگی، مقررین

ٹیکسٹائل، زرعی اجناس، دواسازی، سرجیکل آلات کی طلب کے پیش نظر پیداواری صلاحیت بڑھائی جائے

لاہور(این این آئی) عالمی حالات کے تناظر میں برآمدات کے حوالے سے ازسرنو حکمت عملی مرتب کرنے کی ضرورت ہے، اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان روایتی منڈیوں کے ساتھ نئے خطوں کی منڈیوں پر توجہ مرکوز کرے تاکہ ایک خطے پر انحصار کم ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار ماہر معاشیات و ٹیکس امور اسحاق بریار، سابق نائب صدر پاکستان ٹیکس بار و صدر انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن عاشق علی رانا، سینئر نائب صدر غلام حسین، فنانس سیکرٹری وحید اعوان اور دیگر نے "بدلتی صورتحال اور آئندہ کی حکمت عملی" کے موضوع پر منعقدہ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ سی پیک کے تحت تیار ہونے والا انفراسٹرکچر لاجسٹکس کے اخراجات کم کرنے اور متبادل تجارتی راستے فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

برائلر گوشت 15 روپے کلو مہنگا، فارمی انڈوں کی قیمت میں 17 روپے کمی

لاہور(این این آئی) سرکاری نرخنامے میں فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 15 روپے اضافے سے 490 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 338 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 17 روپے کمی سے 200 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ دوسری جانب اوپن مارکیٹوں میں طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے کے برعکس فروخت کیا جارہا ہے۔

قصور: ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا بیوٹیفکیشن اور ترقیاتی سکیموں پر پیشرفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

صوبوں کو آمدن بڑھانے کیلئے اپنی استعداد میں اضافہ کرنا ہوگا، علی عمران آصف

ٹیکس نظام کی تقسیم، شرح، تعداد کے حوالے سے اسٹڈی رپورٹ کی تیاری، پارلیمنٹ میں بحث کرائی جائے

لاہور(این این آئی) سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے کہا ہے کہ صوبوں کو آمدن بڑھانے کیلئے اپنی استعداد میں اضافہ کرنا ہوگا لیکن اس کے تحت ٹیکسیشن کا مزید بوجھ ڈالنے کی حکمت عملی نہیں ہونی چاہیے ، وفاق اور صوبوں میں ٹیکس نظام کی تقسیم، شرح اور تعداد کے حوالے سے ایک جامع اسٹڈی رپورٹ تیار کرانے کی ضرورت ہے جس پر قومی اسمبلی ، سینیٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں بحث کے بعد قومی ٹیکس پالیسی مرتب کی جائے اور اس پر عملدرآمد کرایا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر غیر جانبداری سے حقائق کا جائزہ لیا جائے تو صوبے اپنے طور پر خاطر خواہ آمدن پیدا کرنے میں مسلسل ناکامی سے دو چار ہیں اور یہ شرح جی ڈی پی کے ایک فیصد سے بھی کم ہے۔

مقبوضہ جموں وکشمیر، کرفیو، پابندیوں کا سلسلہ جاری

سری نگر(این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں نئی دلی کے مسلط کردہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی سربراہی میں قائم انتظامیہ کی طرف سے نافذ کرفیو جیسی پابندیاں کا سلسلہ مسلسل چوتھے دن بھی جاری رہا۔ پابندیوں کا مقصد ایران پر امریکی، اسرائیل جارحیت اور ملک کے سپریم رہنما آیت اللہ خامنہ ای کے قتل کیخلاف پرامن احتجاجی مظاہروں کو روکنا ہے۔

سپریم کورٹ کے حتمی فیصلہ کیخلاف اپیل سننے کا اختیار نہیں، وفاقی آئینی عدالت

آئین لامتناہی مقدمہ بازی کی اجازت نہیں دیتا، زمین کے معاوضے کا جھگڑا عوامی نہیں بلکہ ایک نجی معاملہ ہے، تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ سپریم کورٹ کے حتمی فیصلے کے خلاف آئینی عدالت میں متوازی اپیل دائر نہیں کی جاسکتی۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان نے تحریری فیصلہ میں کہا کہ ستائیسویں ترمیم میں وفاقی آئینی عدالت کو سپریم کورٹ کے فیصلوں پر نگرانی یا اپیل سننے کا اختیار نہیں ملا۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ آئین لامتناہی مقدمہ بازی کی اجازت نہیں دیتا۔

پنجاب میں رواں سال سٹرابری کی پیداوار میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ

سٹرابری وٹامن سی کے حصول کا اہم ترین ذریعہ ہے جس کے 100 گرام پھل میں 52 سے 64 ملی گرام تک وٹامن سی پایا جاتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) ریسرچ انفارمیشن یونٹ آری فیصل آباد کے ماہرین اثمار نے بتایا کہ پنجاب میں سٹرابری کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے جبکہ مذکورہ پرکشش، خوبصورت، ذائقہ دار پھل وٹامن سی کے حصول کا اہم ترین ذریعہ اور بے شمار غذائی وطبی خصوصیات کا حامل ہے لہٰذا باغبان و کاشتکار بھرپور مالی منفعت حاصل کرنے کیلئے سٹرابری کی کاشت کو مزید فروغ دیں تا کہ مذکورہ پھل کی طلب کو پورا کرنے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے بتایا کہ جہاں سٹرابری کے پھل کو موسم گرما کے دوران انتہائی پسندیدگی سے کھایا جاتا ہے وہیں اس کی دیگر مصنوعات جام، جیلی، مربہ، چٹنی تیار کرکے اسے بیرون ممالک برآمد بھی کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹرابری وٹامن سی کے حصول کا اہم ترین ذریعہ ہے جس کے 100 گرام پھل میں 52 سے 64 ملی گرام تک وٹامن سی پایا جاتا ہے۔

کیرالہ، بحریہ اہلکار کے گھر سے منشیات برآمد، گرفتار

ترواننت پورم(این این آئی) بھارتی ریاست کیرالہ میں بحریہ کے ایک اہلکار سے منشیات برآمد کر لی گئی ہے ۔ اہلکار کو گرفتار کر لیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ایکسائز اہلکاروں نے ضلع الپوزا میں ماراریکولم ساؤتھ پنچایت کے رہائشی 37 سالہ بنوی ویلیم کو پومکاو کے علاقے میں اس کے گھر پر چھاپے کے دوران گرفتار کیا۔ ایکسائز انفورسمنٹ اور اینٹی نارکوٹک اسپیشل اسکواڈ کی ایک ٹیم کی طرف سے ایک خفیہ اطلاع کی بنیاد پر تلاشی لی گئی۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کھمبی کی پیداوار 15 لاکھ ٹن سے تجاوز کرگئی

کاشتکار کھمبی کو سال میں دومرتبہ مارچ اور اکتوبر میں کاشت کرکے بہترین پیداوار حاصل کرسکتے ہیں، ماہرین

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کھمبی کی پیداوار 15 لاکھ ٹن سے تجاوز کرگئی ہے جبکہ کھمبی کے زیر کاشت رقبہ میں مسلسل اضافہ ہونے لگا ہے نیز کاشتکار کھمبی کو سال میں دومرتبہ مارچ اور اکتوبر میں کاشت کرکے بہترین پیداوار حاصل کرسکتے ہیں۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین زراعت نے بتایا کہ کھمبی کی صحت اور منافع کیلئے جادوئی فصل کو موجودہ زرعی نظام میں غیر روائتی فصلوں اور دیگر غذائی اجناس کے ساتھ شامل کیا جاسکتا ہے جو غذائیت کے لحاظ سے بھی شاندار اثر رکھتی ہے مگر پاکستان میں اس کی کاشت کی جانب توجہ نہیں دی جاتی لہٰذا کھمبی کی کاشت کو وسعت دے کر زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ امریکہ، جاپان، جرمنی، تائیوان اور بعض دیگر ممالک میں کھمبی کمرشل بنیادوں پر کاشت کی جاتی ہے

سلمان ندوی کو پاکستان مخالف بیان پر تنقید کا سامنا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اسٹیبلشمنٹ کے حمایت یافتہ مذہبی اسکالر سلمان ندوی ایک ایسے وقت میں پاکستان کے خلاف تبصرے کرنے پر سخت تنقید کی زد میں ہیں جب ہمسایہ ملک ایران پر صیہونی حملوں اور سرحد کے ساتھ پاکستانی چوکیوں پر افغان طالبان کے حملوں کے بعد ملک کو علاقائی سلامتی کے بڑھتے ہوئے چیلنجز کا سامنا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ندوی نے پاکستان کی موجودہ فوجی قیادت کے خلاف ہرزہ سرائی کی تھی

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ ڈسٹرکٹ سروس ڈیلیوری کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

وزیر بلدیات کا ستھرا پنجاب کے پہلے ویسٹ ٹو ویلیو منصوبے کا دورہ

وزیراعلیٰ مریم نواز نے ویسٹ ٹو ویلیو کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے

لاہور(این این آئی) وزیراعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے لاہور کے نواحی علاقے لکھوڈیر میں ستھرا پنجاب کے پہلے ویسٹ ٹو ویلیو منصوبے کا دورہ کیا۔ انہوں نے لکھوڈیر ڈمپنگ سائٹ پر پائلٹ بائیوگیس پلانٹ کا معائنہ کرتے ہوئے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ذیشان رفیق کو پائلٹ بائیوگیس پراجیکٹ سمیت ویسٹ ٹو ویلیو فیز پر بریفنگ بھی دی گئی۔

پناگ گلی میں محکمہ خوراک کے نئے ڈرائینگ سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا

وزیر خوراک جاوید اقبال بڈھانوی اور وزیر ہائر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک نے ڈرائینگ سنٹر کا افتتاح کیا

کوٹلی/ پناگ گلی (این این آئی) وزیر خوراک ٹیکنیکل ایجوکیشن و کے ڈی اے جاوید اقبال بڈھانوی اور وزیر ہائر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک نے پناگ گلی میں محکمہ خوراک کے نئے ڈرائینگ سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس علاقہ مکینوں کے لیے ریلیف کا بڑا ذریعہ جس سے نہ صرف آٹے کی بروقت فراہمی ممکن ہو سکے گی بلکہ تقسیم کے نظام میں شفافیت اور بہتری بھی آئے گی۔ افتتاحی تقریب میں محکمہ خوراک کے افسران مقامی نمائندگان سیاسی وسماجی شخصیات اور عوام الناس کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ وزراء حکومت کا شاندار اور والہانہ استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور عوام نے حکومت کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ مقررین نے کہا کہ پناگ گلی اور ملحقہ علاقوں کے عوام کو ماضی میں آٹے کے حصول کے لیے طویل فاصلہ طے کرنا پڑتا تھا

اسرائیل کو لبنان پر زمینی حملے سے روکنے کے لیے تمام پتے کھیلیں گے، فرانس

پیرس (این این آئی) ایک فرانسیسی سفارتی ذریعے نے بتایا ہے کہ پیرس امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ کسی بھی فوجی آپریشن میں حصہ نہیں لے گا۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ذریعے نے کہا فرانسیسی افواج امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ کسی بھی مشترکہ آپریشن کا حصہ نہیں ہوں گی۔ لبنان کی صورتحال کے بارے میں ذریعے نے کہا کہ ان کا ملک اسرائیل کو زمینی حملے سے روکنے کے لیے اپنے تمام پتے کھیلے گا۔

لاہور لاہور بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان حیات باجوہ جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

بحرین، ایران کی حمایت میں سوشل میڈیا پر ویڈیوز اپلوڈ کرنے پر مزید گرفتاریاں

منامہ(این این آئی) بحرین میں ایران کے حملوں سے متعلق ویڈیوز شیئر کرنے اور مبینہ طور پر ان سے ہمدردی ظاہر کرنے پر مزید چار افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ حکام کے مطابق اب تک 8 افراد کو سوشل میڈیا پر ایرانی حمایت یافتہ مواد اپلوڈ کرنے کے جرم میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق بحرین کی وزارت داخلہ کے مطابق سوشل میڈیا پر ایسے مواد کی اشاعت عوامی رائے کو گمراہ کرنے اور شہریوں و رہائشیوں میں خوف و ہراس پھیلانے کا سبب بن سکتی ہے۔

خطے میں صرف امریکی فوجی اہداف کو نشانہ بنا رہے ہیں، ایرانی وزارت خارجہ

سعودی عرب پر ہمارے حملے کی باتیں محض الزامات، ہم صرف اپنا دفاع کر رہے، اسماعیل بقائی

ریاض (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران خطے میں صرف اور صرف امریکی فوجی اہداف کو پوری درستی کے ساتھ نشانہ بنا رہا ہے۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں کہا کہ ہم صرف اپنا دفاع کر رہے ہیں اور پڑوسی ممالک پر جارحیت نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ تہران ان مقامات کو نشانہ بناتا ہے جہاں سے ایران پر حملے کیے جاتے ہیں۔



ہیلتھ کارنر

گردے انسانی جسم میں اہم کردار کے حامل اعضاء

لوبیے کی شکل کے یہ اخراجی اعضاء پسلیوں کے نیچے، ریڑھ کے ہڈی کے دونوں اطراف پائے جاتے ہیں

ڈاکٹر سلیم خان

گردے انسانی جسم کے اعضائے رئیسہ میں شمار ہوتے ہیں اور جسم کو صحت مند رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ لوبیے کی شکل کے یہ اخراجی اعضاء پسلیوں کے نیچے، ریڑھ کے ہڈی کے دونوں اطراف پائے جاتے ہیں۔ ان کا کام جسم سے فاسد مادوں کا اخراج ہے۔ یہ خون میں پیدا ہونے والے غیر ضروری اور فاسد مادوں اور زائد پانی کو الگ کر کے مثانے میں بھیج دیتے ہیں، جہاں سے یہ زہریلا آمیزہ خارج ہوتا رہتا ہے۔ یہ اعضا جسم میں پانی، نمکیات اور دیگر مادوں کے مابین توازن برقرار رکھتے ہیں۔ توازن بگڑنے سے انسان مختلف بیماریوں کا شکار ہوسکتا ہے۔ گردوں سے کئی قسم کے ہارمون کا بھی اخراج ہوتا ہے جو فشار خون (بلڈ پریشر) کو معتدل رکھتے اور سرخ جسیموں کی پیدائش کو کنٹرول کرتے ہیں۔ یہ اعضاء وٹامن ڈی کی ایک قسم کو تحریک دیتے ہیں جو جسم میں کیلشیم کے انجذاب میں مدد کرتی ہے۔ گردوں کے افعال میں خرابی انسانی صحت کو شدید متاثر کرتی ہے۔ انتہائی صورت میں امراض گردہ جان لیوا بھی ثابت ہوتے ہیں۔ پاکستان میں گردوں کے امراض سے ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد سالانہ بیس ہزار سے زائد ہے، جب کہ تین کروڑ کے لگ بھگ شہری گردوں کی بیماریوں کا شکار ہیں۔

امراض گردہ

☆**گردے فیل ہوجانا:** سب سے عام مرض گردوں کے فعل کا متاثر ہوجانا ہے۔ عرف عام میں اسے گردوں کا فیل ہوجانا بھی کہتے ہیں۔ اس مرض میں گردے کمزور ہوجاتے ہیں اور اپنا کام پوری طرح انجام نہیں دے پاتے۔ اس صورت میں مریض کو ڈائیلاسز کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس طریقے میں مشین کے ذریعے خون سے فاسد مادے اور اضافی پانی نکالا جاتا ہے۔ ☆**پتھری کا بننا:** گردوں کا دوسرا سب سے عام مرض ان اعضا میں پتھری کا بننا ہے۔ پتھری اس وقت بنتی ہے جب معدنیات اور خون میں موجود فاضل مادے ٹھوس شکل اختیار کرنے لگتے ہیں۔ پتھری، گردوں سے فاسد مادوں کے اخراج میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ اس کی وجہ سے مریض کو اخراج بول کے دوران انتہائی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، تاہم پتھری مہلک ثابت نہیں ہوتی۔ ☆**گردوں میں سوجن:** طبی زبان اس مرض کو (Glomerulonephritis) کہا جاتا ہے۔ گردے کے اندر انتہائی مہین ساختیں ہوتی ہیں جو Glomeruli کہلاتی ہیں۔ یہی ساختیں خون کو صاف کرتی ہیں۔ انفیکشن، بعض ادویات کے استعمال یا کسی اور وجہ سے ان ساختوں میں سوجن پیدا ہوجاتی ہے۔ ☆**تھیلی نما ساختوں کا بننا:** یہ ایک جینیاتی مرض ہے جس میں گردوں کے اندر چھوٹی چھوٹی تھیلیاں بن جاتے ہیں جن میں مائع بھرا ہوتا ہے۔ یہ تھیلیاں گردوں کے افعال میں رکاوٹ پیدا کر کے ان کے ناکارہ ہونے کا سبب بن سکتی ہیں۔ ☆**نظام بول میں انفیکشن:** اس صورت میں بولی نظام میں کہیں بھی انفیکشن ہوجاتا ہے۔ مثانے اور پیشاب کی نالی کا انفیکشن سب سے عام ہے۔ اس کا علاج بہ آسانی ہوجاتا ہے۔ تاہم علاج میں تاخیر گردوں کے ناکارہ ہونے کا سبب بن سکتی ہے۔

علامات: یہ بات قابل توجہ ہے کہ گردے کی بیماریوں کا پتا اس وقت چلتا ہے جب یہ خاصی بڑھ چکی ہوتی ہیں۔ ایسی صورت میں درج ذیل علامات محسوس ہونے پر فوراً ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے: بھوک کا نہ لگنا، جسمانی و ذہنی تھکن، یادداشت کی کمزوری، نیند کا نہ آنا، پٹھوں میں کھچاؤ، پیروں، ٹخنوں میں سوجن، بیدار ہونے پر آنکھوں کے گرد سوجن محسوس ہونا، جلد کا خشک ہونا، پیشاب کا بار بار آنا (بالخصوص رات کے پچھلے پہر)۔ متلی یا قے ہونا، بھوک کا اڑ جانا، پیشاب کی مقدار میں کمی بیشی، پیشاب کا رک جانا، خون کی کمی، اشتہا میں کمی، پوٹاشیم کی سطح کا اچانک بلند ہوجانا؛ یہ وہ علامات ہیں جن کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ کی بیماری شدت اختیار کر رہی ہے اور گردوں کے ناکارہ ہونے کا باعث بن سکتی ہے۔

وجوہات: ایک شخص کے گردوں کے امراض کا شکار ہونے کی مختلف وجوہ ہوسکتی ہیں۔ وہ افراد جو ذیابیطس میں مبتلا ہیں، انھیں گردوں کے امراض لاحق ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ ذیابیطس گردوں کی بیماریوں کا سب سے اہم سبب ہے۔ گردوں کے 44 فی صد مریض اس مرض کا بھی شکار ہوتے ہیں۔ اس کا علاوہ بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) بھی گردوں کے مرض میں مبتلا کرتا ہے۔ مٹاپا، ورزش نہ کرنا، غذا میں بے اعتدالی، پانی کا کم مقدار میں پینا بھی گردوں کے مرض کا شکار بناسکتا ہے۔

علاج: گردوں کے کئی امراض کا علاج ادویہ سے ہوسکتا ہے۔ شدید صورتوں میں ڈائیلاسز اور ٹرانسپلانٹ کی ضرورت پڑتی ہے۔ مرض شدید ہونے پر لاعلاج ہوجاتا ہے اور مریض کی موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔

احتیاط: ہر مرض کی طرح امراض گردہ سے محفوظ رکھنے میں بھی احتیاط اہم کردار ادا کرتی ہے۔ صحت بخش طرز زندگی اپنائیں۔ متوازن غذا اور زیادہ مقدار میں پانی کا استعمال، ورزش، ہر قسم کے نشے سے پرہیز امراض گردہ سے بچاتا ہے۔ ذیابیطس اور فشار خون کو کنٹرول میں رکھنا بھی گردے کی بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لیے ضروری ہے۔

گردوں کا کام جسم سے فاسد مادوں کا اخراج ہے، یہ خون میں پیدا ہونے والے غیر ضروری، فاسد مادوں اور زائد پانی کو الگ کر کے مثانے میں بھیج دیتے ہیں، جہاں سے یہ زہریلا آمیزہ خارج ہوتا رہتا ہے، یہ اعضا جسم میں پانی، نمکیات اور دیگر مادوں کے مابین توازن برقرار رکھتے ہیں، توازن بگڑنے سے انسان مختلف بیماریوں کا شکار ہوسکتا ہے، گردوں سے کئی قسم کے ہارمون کا بھی اخراج ہوتا ہے جو فشار خون (بلڈ پریشر) کو معتدل رکھتے، یہ اعضاء وٹامن ڈی کی ایک قسم کو تحریک دیتے ہیں جو جسم میں کیلشیم کے انجذاب میں مدد کرتی ہے، گردوں کے افعال میں خرابی انسانی صحت کو شدید متاثر کرتی ہے، انتہائی صورت میں امراض گردہ جان لیوا بھی ثابت ہوتے ہیں

عاطف سلمان

اگر آپ طویل عرصے تک اپنا وزن قابو میں رکھنا چاہتے ہیں تو مہینے میں پانچ دن فاقہ کیجئے یا ایسی غذائیں کھایئے جن میں کم سے کم کیلوریز ہوں۔ ماہرین طب کا اندازہ ہے کہ اس طرح تین مہینے تک اس طریقے پر عمل جاری رکھا جائے تو کچھ اور کئے بغیر ہی کم از کم پانچ پونڈ وزن کم کرنے میں کامیابی مل سکتی ہے یعنی ایک سال میں 20 پونڈ تک وزن کم کیا جاسکتا ہے۔ اس کا ایک اور فائدہ یہ بھی ہوگا کہ وزن گھٹنے کے ساتھ ساتھ بدن میں جلن اور سوزش کم ہوگی جو موٹاپے، کینسر اور دل کے امراض کی وجہ بنتی ہے۔ اس عادت سے شوگر اور بلڈ پریشر کنٹرول میں رہیں گے جبکہ مضر کولیسٹرول (ایل ڈی ایل) کی مقدار بھی نہیں بڑھے گی۔ یونیورسٹی آف سدرن کیلیفورنیا اور دیگر کئی اداروں نے مل کر یہ تحقیق کی ہے جس میں 100 افراد بھرتی کئے گئے جو بہت موٹے تو نہیں تھے لیکن ان کا وزن بڑھا ہوا تھا۔ ان میں سے 70 افراد نے چھ ماہ تک ڈاکٹروں کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہر ماہ تین ہفتے تک معمول کا کھانا کھایا اور بقیہ دن خاص خوراک کھائی جس میں 750 سے 1100 کیلوریز تھیں (یہ خوراک فاقے کے برابر تھی)۔ اس کے علاوہ بقیہ رضا کاروں نے کو تین ماہ بعد اسی دائرے میں شامل کیا گیا۔ ان میں سے پانچ دن یا سات دن خاص غذا کھانے والے افراد کا وزن پانچ پونڈ تک کم ہوا اور ان کے بلڈ پریشر اور کولیسٹرول بھی معمول پر رہے۔ ماہرین نے یہ بھی نوٹ کیا کہ ہفتے میں پانچ روز کم کیلوریز کھانے والوں کے بدن میں چکنائی کم ہوئی اور اندرونی سوزش میں بھی کمی واقع ہوئی۔ ماہرین نے کہا ہے کہ کم کیلوریز والے کھانے میں سبزیوں کا سوپ، انرجی بارز، سبز چائے، بادام، شہد، اخروٹ، سمندری نمک، ناریل اور دیگر اشیا کھائی جاسکتی ہیں جبکہ ان پانچ دنوں میں گوشت، دودھ سے بنی اشیا اور پروسیسڈ غذا کا استعمال منع ہے۔

ماہرین طب کے مطابق اگر آپ طویل عرصے تک اپنا وزن قابو میں رکھنا چاہتے ہیں تو مہینے میں پانچ دن فاقہ کیجئے یا ایسی غذائیں کھایئے جن میں کم سے کم کیلوریز ہوں اس طرح تین مہینے تک اس طریقے پر عمل جاری رکھا جائے تو کچھ اور کئے بغیر ہی کم از کم پانچ پونڈ وزن کم کرنے میں کامیابی مل سکتی ہے یعنی ایک سال میں 20 پونڈ تک وزن کم کیا جاسکتا ہے۔

ہلدی میں موجود جادوئی اجزاء سینے کی جلن سے لے کر فوڈ پوائزننگ تک کا بہترین علاج ہیں

ثانیہ خان

ہلدی نامی مصالحہ دنیا کی بہترین دوا ہے کیونکہ اس میں موجود جادوئی اجزاء سینے کی جلن سے لے کر زہر خورانی (فوڈ پوائزننگ) تک کا علاج ہیں۔ ہلدی میں موجود بعض اجزاء کئی طرح کے کینسر کو قبل از وقت روک سکتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت میں ہلدی کا زیادہ استعمال کیا جاتا ہے لیکن اب ماہرین نے چوہوں پر تجربات کیے اور انہیں معمول سے زیادہ ہلدی کھلائی۔ امریکی ماہرین نے کہا ہے کہ چوہوں پر کیے گئے تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ ہلدی میں موجود ایک عنصر سرکیومن چوہے میں بریسٹ کینسر پھیلنے میں اہم رکاوٹ ثابت ہوا ہے۔ ایک اور تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ دماغ میں الزائمر کی وجہ بننے والے اجزا کو بھی ہلدی ختم کرنے میں جادوئی کردار ادا کرتی ہے۔ اسی بنیاد پر ماہرین کھانے میں ہلدی کی زیادہ مقدار پر زور دے رہے ہیں۔ یونیورسٹی کالج لندن میں ایک اور دلچسپ تجربہ کیا گیا جس میں دیکھا گیا کہ آیا ہلدی ہمارے جین کو تبدیل کرسکتی ہے یا نہیں؟ ہم جانتے ہیں کہ جینیاتی تبدیلیاں بہت سارے امراض کی وجہ بنتی ہیں۔ اس ٹیسٹ میں جین کے اطراف موجود بعض اجزاء کو نوٹ کرنا تھا۔ وومن کینسر انسٹی ٹیوٹ کے سائنسدان کے مطابق اسے جین کا بیکنگ کہا جاسکتا ہے جو کسی سافٹ ویئر کی طرح جین کو کہتا ہے کہ اسے کیا کام کرنا ہے اور کیا نہیں۔ اسے جینیاتی زبان میں میتھائلیشن کہتے ہیں اور اس کی ہدایات بیماری بھی پیدا کرسکتی ہیں۔ اس کے لیے 40 سے 50 سال تک کے 100 رضا کار بھرتی کیے گئے اور انہیں 3 گروہوں میں تقسیم کیا۔ ایک گروپ کو ہلدی کے کیپسول دیئے گئے جس میں 3.2 ملی گرام ہلدی، ایک گروہ کو فرضی کیپسول اور تیسرے کو ایک چمچہ ہلدی دی گئی اور وہ بھی روزانہ 6 ہفتے تک کھلائی گئی۔ اس کے بعد ان کے خون کے ٹیسٹ لیے گئے تو ماہرین یہ جان کر حیران رہ گئے کہ تمام افراد کے خون میں امنیاتی خلیات پہلے کے مقابلے میں تھوڑے کم تھے۔ لیکن اس سے زیادہ حیرت کی بات یہ ہوئی کہ وہ، ڈپریشن، الرجی، کینسر اور دیگر امراض کی وجہ بننے والے جین میں تبدیلیاں دیکھی گئیں۔ اس سے ظاہر ہوا کہ ہلدی بیماریوں کی وجہ بننے والے جین کو بھی تبدیل کرسکتی ہے۔ اس طرح اب ہلدی میں پہلی بار جین تبدیل کرنے والے خواص دریافت ہوئے ہیں۔ آپ کے باورچی خانے میں رکھا ایک مصالحہ دنیا کی بہترین دوا ہے۔

دنیا کی فربہ ترین خاتون کی کامیاب سرجری

بھارتی ڈاکٹروں کے مطابق مصر سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کی

سرجری کر کے ان کا وزن 100 کلوگرام کم کردیا گیا ہے۔ ان کے بارے میں خیال تھا کہ وہ دنیا کی فربہ ترین خاتون تھیں۔ رپورٹ کے مطابق ایمان احمد عبدالعاطی کا وزن قبل ازیں 500 کلوگرام تھا اور وہ گزشتہ دو دہائیوں سے بھی زائد عرصے سے اپنے گھر سے باہر نہیں نکلی تھیں۔ تاہم انہیں وزن کم کرنے کی خصوصی سرجری کے لیے گزشتہ ماہ ممبئی لایا گیا تھا۔ ایمان احمد کی سرجری کرنے والے ڈاکٹروں کی طرف سے جاری ہونے والے ایک بیان کے مطابق، ہم تمام خیر خواہوں کو مطلع کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں کہ سیفی ہسپتال کی میڈیکل ٹیم نے ایمان احمد کی کامیاب سرجری کی ہے۔ اس بیان کے مطابق سیفی ہسپتال میں منگل 21 اگست کو ایمان احمد کی لیپر واسکوپک سلیو گیسٹریکومی کی گئی۔ ڈاکٹروں کی طرف سے مزید کہا گیا ہے، اب انہیں منہ کے ذریعے سیال خوراک دی جارہی ہے۔ میڈیکل ٹیم کا مستقبل کا لائحہ عمل یہ ہوگا کہ تمام متعلقہ طبی مسائل کو جلد از جلد حل کیا جائے تاکہ وہ اس حد تک تندرست ہوسکیں کہ مصر واپس روانہ ہوسکیں۔ انہیں 11 فروری کو بھارت کے معاشی دارالحکومت ممبئی لایا گیا تھا۔ اس مقصد کے لیے ایئر بس کے ہوائی جہاز میں خصوصی طور پر رد و بدل کیا گیا تھا۔ ایمان کی بہن نے گزشتہ برس اکتوبر میں وزن میں کمی لانے والی سرجری کے ماہر ڈاکٹر لکڑ والا سے رابطہ کیا تھا اور بتایا تھا کہ ان کی بہن کو فوری طور پر علاج کی ضرورت ہے۔ ایمان بچپن سے ہی ایک ایلیفنٹیاسس (elephantiasis) نامی بیماری کا شکار تھیں جس میں جسم کے اعضا سوزش کا شکار ہو جاتے ہیں اور اسی باعث وہ بہت ہی کم حرکت کرسکتی تھیں۔ ان کے مسلسل بڑھتے وزن کے سبب وہ بہت سی دیگر طبی پیچیدگیوں کا بھی شکار تھیں۔ ایمان احمد کو ابتداء میں بھارتی ویزا دینے سے انکار کر دیا گیا تھا تاہم ان کی طرف سے بھارتی وزیر خارجہ ششما سوراج کے نام ایک ٹویٹ میں ویزا جاری کرنے کی درخواست کی گئی تھی جس کے جواب میں انہوں نے ایمان کے ویزے کا بندوبست کیا تھا۔

فروری کے آغاز میں ہسپتال میں آمد کے بعد سے ان کا وزن کم کر کے اب 400 کلوگرام تک لایا جا چکا ہے۔ ترجمان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا، ایمان 100 کلوگرام وزن کم کر چکی ہیں اور علاج کے سبب روزانہ کی بنیاد پر ان کے وزن میں بتدریج کمی واقع ہو رہی ہے۔ 37 سالہ ایمان احمد کا تعلق مصر کے بندرگاہی شہر اسکندریہ سے ہے۔ انہیں ہفتہ 11 فروری کو بھارت کے معاشی دارالحکومت ممبئی لایا گیا تھا۔ اس مقصد کے لیے ایئر بس کے ہوائی جہاز میں خصوصی طور پر رد و بدل کیا گیا تھا۔ ایمان کی بہن نے گزشتہ برس اکتوبر میں وزن میں کمی لانے والی سرجری کے ماہر ڈاکٹر لکڑ والا سے رابطہ کیا تھا اور بتایا تھا کہ ان کی بہن کو فوری طور پر علاج کی ضرورت ہے۔ ایمان بچپن سے ہی ایک ایلیفنٹیاسس (elephantiasis) نامی بیماری کا شکار تھیں جس میں جسم کے اعضا سوزش کا شکار ہو جاتے ہیں اور اسی باعث وہ بہت ہی کم حرکت کرسکتی تھیں۔ ان کے مسلسل بڑھتے وزن کے سبب وہ بہت سی دیگر طبی پیچیدگیوں کا بھی شکار تھیں۔ ایمان احمد کو ابتداء میں بھارتی ویزا دینے سے انکار کر دیا گیا تھا تاہم ان کی طرف سے بھارتی وزیر خارجہ ششما سوراج کے نام ایک ٹویٹ میں ویزا جاری کرنے کی درخواست کی گئی تھی جس کے جواب میں انہوں نے ایمان کے ویزے کا بندوبست کیا تھا۔

پولیو: زندگی بھر پیچھا کرنے والا مرض

ٹانگوں اور بازوں کا مفلوج ہونا، پولیو کی عام علامات ہیں۔ بہت سے مریض ورزش کے ذریعے اس حالت میں بہتری لانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں مگر اس بات کا خطرہ موجود رہتا ہے کہ یہ علامات ایک بار پھر لوٹ آئیں۔ پولیومیلائٹس Poliomelitis ایک وائرل انفیکشن ہے جو منہ کے راستے کسی فرد کے جسم میں منتقل ہوتا ہے۔ اس انفیکشن سے متاثرہ فرد کے لعاب یا فضلے کے ذریعے یہ دوسرے افراد کے معدے تک پہنچتا ہے اور پھر وہاں سے ان کے خون میں شامل ہو جاتا ہے۔ بہت سے افراد جو اس وائرس سے متاثر ہو بھی جائیں تو ان میں اس مرض کی علامات کبھی ظاہر نہیں ہوتیں۔ قریباً 90 فیصد افراد کو یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ وہ اس وائرس سے متاثر ہو چکے ہیں۔ ایسے لوگوں میں اس وائرس کے خلاف مزاحمت پیدا ہو جاتی ہے۔ عام طور پر بچے ہی اس خطرناک وائرس کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔ پولیو سے اعصابی نظام متاثر ہوتا ہے جس کا نتیجہ فالج کی صورت میں نکلتا ہے، خاص طور پر ٹانگوں، بازوں اور کمر وغیرہ کا حصہ۔ یہ چیز خطرناک ہوسکتی ہے۔ پولیو سے متاثر ہونے والے مریض ایک سال سے لے کر کئی دہائیوں تک اس مرض کے اثرات میں مبتلا رہ سکتے ہیں۔ پولیو میں مبتلا ہونے والے بچوں کی ایک ٹانگ یا بازو اکثر چھوٹا رہ جاتا ہے۔ مگر عام طور پر صحت مند اعصاب، بیماری سے متاثرہ اعصاب کی جگہ لے لیتے ہیں اور اس کے اثرات میں کمی واقع ہوجاتی ہے اور چند برس بعد بہت سے مریض معمول کی زندگی کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ عام طور پر بچے ہی اس خطرناک وائرس کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں، اسی باعث پانچ برس سے کم عمر بچوں کو خاص طور پر پولیو کے قطرے پلائے جاتے ہیں۔ کیا پولیو دوبارہ بھی ہو سکتا ہے؟ جی ہاں، پوسٹ پولیو سینڈروم (PPS)، دراصل کسی کو بہت پہلے ہونے والے ایسے انفیکشن کا نتیجہ ہوتا ہے جس سے وہ بچپن میں متاثر ہوا ہو۔ عام طور پر تقریباً تمام ایسے لوگوں کو جو کسی حد تک پولیو سے متاثر ہو چکے ہوں تو انہیں 30 سے 40 برس بعد دوبارہ یہ مرض کسی نہ کسی حد تک دوبارہ متاثر کرسکتا ہے۔ عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ PPS کی وجہ بہت زیادہ جسمانی مشقت پر مبنی کام یا اسپورٹس بنتے ہیں۔ مریض جب یہ سمجھ رہے ہوتے ہیں کہ وہ اس بیماری پر قابو پا چکے ہیں، انہیں ایک بار پھر اس کی علامات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کی علامات میں جسمانی تکلیف، سانس لینے میں مشکل، بے آرام نیند اور تھکن وغیرہ شامل ہیں۔ ان تکالیف کا نتیجہ بالآخر ویل چیئر پر زندگی کی صورت میں نکلتا ہے۔

جوان خون، پٹھوں اور اعصاب کو دوبارہ جوان کردیتا ہے، نئی تحقیق

چوہوں پر ہونے والے تجربات کے نتیجے میں دریافت ہونے والے حقائق کا اطلاق اگر انسانوں پر بھی ہوتا ہے تو عمر رسیدہ دماغ اور پٹھوں کو جوان کرنے کے لیے محض نیا خون لگوانا ہی کافی ہو گا۔ اس حوالے سے کی جانے والی دو اسٹڈیز میں جوان چوہوں کا خون بوڑھے چوہوں کو لگایا گیا جس کے بعد ان بوڑھے چوہوں میں عمر کے باعث پیدا ہونے والے دماغی مسائل، سیکھنے کے عمل اور یادداشت میں پیدا ہونے والی کمی کے خاتمے کے علاوہ ان چوہوں کے دماغ میں نئے سیل یعنی نیورونز بھی بننا شروع ہوگئے۔ تیسری تحقیق کے دوران معلوم ہوا کہ نوجوان چوہوں کا خون لگانے سے بوڑھے چوہوں میں (جن کو ایک 70 برس کے انسان سے تشبیہ دی جاسکتی ہے) ورزش کی صلاحیت میں بہتری پیدا ہوئی۔ سال 2000 کے لیے مشترکہ طور نوبل انعام برائے طب حاصل کرنے والے نیوروسائنسدان ایرک کینڈل کہتے ہیں، میرے خیال میں یہ اسٹڈی نہایت شاندار ہے۔ کولمبیا یونیورسٹی سے منسلک کینڈل نے یہ انعام مالیکیولر بیسس آف میموری یعنی یادداشت کی خلوی بنیاد کے موضوع پر اپنی تحقیق کی بنیاد پر حاصل کیا تھا۔ حالیہ اسٹڈیز میں سے ایک کے شائع شدہ نتائج کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے ایرک کینڈل کا کہنا تھا، اس تحقیق کے مطابق خون میں ایسے نفوذ پذیر عوامل ہوسکتے ہیں جو عمر سے متعلق ہوتے ہیں اور اگر آپ ان مادوں کو الگ کرسکیں تو پھر آپ انہیں طاقت پہنچانے والے سپلیمنٹس فراہم کرسکتے ہیں۔ 84 سالہ ایرک کینڈل ان تحقیقوں میں خود شریک نہیں رہے۔ ماضی میں ہونے والی اسٹڈیز سے یہ بات تو ثابت ہوچکی ہے کہ بوڑھے چوہوں کو جوان چوہوں کا خون لگانے سے ان کے دماغی افعال میں بہتری پیدا ہوتی ہے۔ تاہم حالیہ اسٹڈیز اس حوالے سے اولین ہیں جن سے معلوم ہوا ہے کہ جوان خون دراصل عمر کے سبب پیدا ہونے والے مسائل کو دور بھی کرسکتا ہے۔ تحقیقی جریدے نیچر میڈیسن میں شائع ہونے والی اس تحقیق میں امریکا کی اسٹین فورڈ یونیورسٹی اور کیلیفورنیا یونیورسٹی سان فرانسسکو کے بائیولوجسٹ شریک تھے جن کی سربراہی ٹونی ویس کورے کر رہے تھے۔ اس تحقیق کے دوران ماہرین نے دو طرح سے بوڑھے چوہوں کو نوجوان خون لگایا۔ پہلے طریقے میں تو انہوں نے تین ماہ کی عمر کے چوہوں کا خون 18 ماہ کے چوہوں میں انجیکٹ کیا جبکہ دوسرے طریقے میں انہوں نے نوجوان چوہوں کے نظام دوران خون کو سرجیکلی بوڑھے چوہوں کے نظام دوران خون سے جوڑ دیا۔ تحقیقی رپورٹ کے مطابق جوان خون ملنے کے بعد ان بوڑھے چوہوں کی سیکھنے اور یاد رکھنے کے حوالے سے بنائے گئے دو اسٹینڈرڈ ٹیسٹوں میں کارکردگی بہتر ہوئی۔ پانی میں سے گزر کر اپنی منزل تک پہنچنے کے لیے ایک ٹیسٹ واٹر میز کے دوران انہوں نے بہت کم غلطیاں کیں جبکہ یادداشت کے حوالے سے ایک ٹیسٹ جس میں غلطی کی صورت میں بجلی کا ایک جھٹکا دیا جاتا ہے، ان کی کارکردگی میں بہتری دیکھی گئی۔ جب ان چوہوں کے دماغوں کا تجزیہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ جوان خون حاصل کرنے والے بوڑھے چوہوں کے دماغ میں دیگر چوہوں کی نسبت مثبت اسٹرکچرل اور مالیکولر تبدیلیاں واقع ہوئی تھیں۔

صحت کی دنیا میں انقلاب: شدید سر درد کا فوری علاج دریافت کرلیا گیا

جن افراد کو سر کا شدید درد یعنی میگرین لاحق ہوتا ہے وہی اس عذاب کو سمجھ سکتے ہیں لیکن اب ایک اسرائیلی کمپنی نے بازو پر باندھی جانے والی ایسی پٹی بنائی ہے جو اس بے بس کر دینے والی کیفیت کو کم کرسکتی ہے۔ اس پٹی کو اوپری بازو پر بلڈ پریشر کے پٹے کی طرح پہنا جاتا ہے جسے نیری ویو کا نام دیا گیا۔ میگرین پٹی میں 2 برقیرے (الیکٹروڈ)، ایک چپ اور ایک بیٹری لگی ہے جو بازو کی جلد سے مس ہوتی رہتی ہے۔ کمپنی کے مطابق برقیرے ہلکی بجلی خارج کرتے رہتے ہیں جو بازو کی رگوں اور اعصاب سے ہوتی ہوئی دماغ کی جڑ تک جاتی ہے۔ اس طرح دماغ کے نیوروٹرانسمیٹر سرگرم ہوجاتے ہیں جو درد کم کرنے والی قدرتی دوا کی طرح کام کرتے ہیں۔ سر کا خوفناک درد شروع ہوتے ہی اسے اسمارٹ فون سے آن کیا جاتا ہے اور ایپ کے ذریعے بجلی کے جھماکوں کی شدت اور تیزی کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ اس پٹی کو کئی مریضوں پر آزمایا گیا ہے، 71 ایسے مریضوں میں یہ پٹی لگائی گئی جنہیں ایک مہینے میں درد کے 8 دورے تک پڑتے تھے۔ تاہم ڈاکٹروں نے مریضوں کو پٹی کے بارے میں نہیں بتایا جب کہ کچھ افراد کو فرضی علاج دیا گیا جو بہت کمزور تھا۔ لیکن جب بجلی کی پٹی لگائی گئی تو 64 فیصد مریضوں نے کہا کہ ان کا درد 50 فیصد تک کم ہوگیا۔ ان تمام مریضوں کا کم سے کم 20 منٹ تک علاج کیا گیا تھا۔ مریضوں اور ڈاکٹروں دونوں نے اس طریقہ علاج کو موثر پایا ہے کیونکہ میگرین سے سر درد کی شدید کیفیت پیدا ہوتی ہے اور اب تک یہ مرض حتمی علاج کے دائرے میں نہیں آسکا ہے۔

چار ملکی وزرائے خارجہ اجلاس

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان آنے والے دنوں میں امریکہ اور ایران کے درمیان براہِ راست مذاکرات کی میزبانی کرے گا، مشترکہ چیلنجوں کا مؤثر انداز میں مقابلہ کرنے کے لیے موجودہ مشکل حالات میں مسلم اُمہ کا اتحاد نہایت اہم ہے، عالمی برادری نے پاکستان کی اَمن کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سراہا ہے، ایران اور امریکہ دونوں ہی نے مذاکرات میں سہولت کاری کے لیے پاکستان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُن کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ علاقائی صورتحال پر پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے درمیان ہونے والے مشاورتی اجلاس میں تفصیلی اور نتیجہ خیز بات چیت کے بعد خطے میں جاری تنازعات کے جلد اور مستقل خاتمے پر زور دیا گیا جبکہ چاروں وزرائے خارجہ کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں انتہائی مثبت اور مفید رہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اِن ملاقاتوں میں خطے کی مجموعی صورتحال، اَمن و استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسلام آباد میں ہونے والے چارملکی مشاورتی عمل کے دوسرے اجلاس کے متعلق اُن کا کہنا تھا کہ پہلا اجلاس 19 مارچ کو منعقد ہوا تھا جس میں موجودہ علاقائی کشیدگی، انسانی جانوں کے نقصان اور معاشی اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ جاری تنازعہ انتہائی افسوسناک ہے کیونکہ اِس کے اثرات پورے خطے میں عوام کی زندگیوں اور معیشت پر پڑ رہے ہیں۔ ممکنہ امریکہ ایران مذاکرات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ تینوں مہمان وزرائے خارجہ نے پاکستان میں ہونے والے ایسے تمام سفارتی اقدامات کی مکمل حمایت کا اظہار کیا جن کا مقصد کشیدگی میں کمی، عسکری تصادم کے خطرات کو کم کرنا اور بامعنی مذاکرات کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنا ہو۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ وزیرِاعظم میاں شہبازشریف کی قیادت میں پاکستان مسلسل علاقائی اور عالمی شراکت داروں کے ساتھ رابطے میں ہے اور تنازعہ کے خاتمے کے لیے ہرممکن سفارتی کوشش میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ حالیہ دنوں میں اُن کی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سمیت مختلف عالمی رہنماؤں سے ٹیلیفون پر تفصیلی گفتگو بھی ہوئی جس میں پاکستان کی طرف سے کی جانے والی اَمن کی کوششوں کی مکمل حمایت کا یقین دلایا گیا۔ اسحاق ڈار کے مطابق اُنہوں نے دنیا کے مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ سے بھی رابطے کیے ہیں تاکہ جاری تنازعے کے مستقل اور پائیدار حل کے لیے عالمی حمایت حاصل کی جا سکے۔ اِس سے قبل مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کو روکنے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی میزبانی میں اسلام آباد میں اہم بیٹھک ہوئی جس میں پاکستان، سعودی عرب، مصر اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ نے تنازعات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا۔ یہ اجلاس نائب وزیرِاعظم کی دعوت پر ہوا جس میں مشرقِ وسطیٰ میں جنگ بندی اور قیامِ اَمن کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا جبکہ سعودی عرب نے پاکستان، ترکیہ اور مصر کی جانب سے جاری ثالثی کی کوششوں کو سراہا۔ چاروں وزرائے خارجہ نے آئندہ بھی قریبی رابطے میں رہنے اور مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

سعودی عرب کے وزیرِ خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے وزیرِاعظم سے اہم ملاقات کی جس میں اسحاق ڈار، قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل محمد عاصم ملک اور معاونِ خصوصی طارق فاطمی بھی شریک تھے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ وزیرِاعظم نے سعودی وزیرِ خارجہ کو پاکستان کی طرف سے سعودی عرب کیساتھ مکمل اور غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا کہ پاکستان ہر مشکل وقت میں سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔ اُنہوں نے موجودہ بحران میں سعودی قیادت کے تحمل کو سراہا۔ جناب شہبازشریف نے خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے فروغ کے لیے کی جانے والی سفارتی کوششوں سے سعودی وزیرِ خارجہ کو آگاہ کیا اور مسلم اُمہ میں سعودی عرب کے قائدانہ کردار پر زور دیتے ہوئے اِس نازک وقت میں اسلامی ممالک کے اتحاد کی ضرورت کو اُجاگر کیا۔ سعودی وزیرِ خارجہ نے وزیرِاعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے خطے کی موجودہ صورتحال پر سعودی عرب کے مؤقف سے آگاہ کیا۔ دونوں ممالک نے خطے میں اَمن اور استحکام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے اور قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ شہبازشریف سے ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ نے بھی ملاقاتیں کیں جن میں مہمان وزرائے خارجہ کو پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں سے آگاہ کرتے ہوئے زور دیا گیا کہ ایران سمیت خطے کے مختلف مسلم ممالک میں بڑھتی کشیدگی کے خاتمے کے لیے اجتماعی اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ کشیدگی انسانی جانوں، معیشت اور املاک کے لیے سنگین خطرات پیدا کر رہی ہے۔ اِن ملاقاتوں میں ترک اور مصری وزرائے خارجہ نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر اپنے اپنے ملک کا مؤقف پیش کیا جبکہ پاکستان کے مثبت اور فعال سفارتی کردار کو سراہا۔ اجلاس سے قبل نائب وزیرِاعظم کی تینوں ممالک کے مہمان وزرائے خارجہ سے الگ الگ ملاقاتیں بھی ہوئیں۔

دوسری جانب دنیا بھر کی طرف سے عوامی دباؤ بڑھ رہا ہے۔ امریکہ کی 50 ریاستوں میں ایران جنگ اور ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف "نو کنگ" کے عنوان سے ریلیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق مختلف ریاستوں میں تین ہزار سے زائد احتجاجی مظاہرے ہوئے اور ریلیاں نکالی گئیں مظاہرین نے ایران جنگ اور صدر ٹرمپ کی غلط پالیسیوں کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا اور شدید نعرے بازی کی گئی۔ ایک مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے کہا کہ امریکی صدر پوری دنیا کو بحران سے دوچار کر رہے ہیں، امریکی اپنے ملک میں آمریت نہیں چاہتے، ایک شخص نے ملک کے قانون کو اپنے ہاتھ میں لے رکھا ہے، امریکی تاریخ میں پہلے کبھی کسی نے طاقت کا اتنا غلط استعمال نہیں کیا۔ عراق جنگ پر امریکیوں سے جھوٹ بولا گیا اور آج ایران کے خلاف جنگ پر ہم سے جھوٹ بولا جا رہا ہے۔ ایران کے خلاف جنگ اسرائیلی وزیراعظم کے ایماء پر شروع کی گئی، ایک خودمختار ملک کے خلاف بلا جواز جنگ شروع کرکے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ غزہ میں ہزاروں افراد کو قتل کیا گیا، غزہ کو ملبے کا ڈھیر بنادیا گیا، ایران میں بھی اب تک ہزاروں شہری مارے جاچکے ہیں۔ فرانس، سپین، جرمنی، نیدرلینڈز، یونان، اٹلی اور آسٹریلیا میں بھی اتوار کو "نو کنگ" مظاہرے ہوئے جن میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی سفارتکاروں کے ذریعے بالواسطہ مذاکرات میں پیشرفت ہورہی ہے، ایران کے ساتھ جلد ڈیل ہوسکتی ہے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران نے کئی پاکستانی پرچم بردار جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دی یوں وہاں سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد 20 ہوگئی، ایرانی سپیکر باقر قالیباف نے جہازوں کو گزرنے کی اجازت دی۔ ایران نے امریکہ اور اسرائیل کا کتنا نقصان کیا اور اس کو کیا نقصان اٹھانا پڑا اس پر مختلف آراء ہوسکتی ہیں لیکن یہ بات تو طے ہے کہ دو چار دنوں کے لیے شروع کی گئی اِس جنگ میں ایران نے دنیا کی سپر پاور کا ایک ماہ سے زائد عرصے تک جی داری سے مقابلہ کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نہ صرف داخلی سطح پر بلکہ دنیا بھر سے امریکہ پر اِس جنگ کے خاتمے کا پریشر بڑھ رہا ہے، یورپ نے بھی امریکہ کا ساتھ نہیں دیا اور یورپ سمیت دنیا بھر میں ہونے والے "نو کنگ" مظاہرے اور ریلیاں اس بات کا اشارہ ہیں کہ عوام اِس جنگ کو اور امریکی صدر کو "ایک بادشاہ" کے طور پر دیکھتے ہیں۔ پاکستان یہ جنگ بند کرانے کے لیے دن رات کوشاں ہے، وہ تمام متعلقہ ممالک سے رابطے میں ہے، اِس کی کوشش ہے کہ امریکہ اور ایران مذاکرات جلد از جلد پاکستان میں شروع کرائے جاسکیں تاکہ خطے میں اَمن قائم ہو اور دنیا سکھ کا سانس لے۔ اِس جنگ نے نہ صرف خطے کے ممالک بلکہ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے، توانائی کی قلت کے باعث مستقبل میں کئی بحرانوں کے خدشات سر پر منڈلا رہے ہیں، تیل کی بڑھتی قیمتوں اور گیس کی قلت کے باعث کئی ممالک میں مہنگائی کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ گیس نہ ملنے کے باعث فرٹیلائزر سیکٹر متاثر ہو رہا ہے جس کے اثرات فصلوں پر پڑ سکتے ہیں اور اِس سے مستقبل قریب میں دنیا کے کئی ممالک میں کھانے پینے کی اشیاء کی قلت پیدا ہوسکتی ہے۔ بین الاقوامی ماہرین معیشت کے مطابق یہ جنگ جلد بند نہ ہوئی تو دنیا کی بعض معیشتیں دیوالیہ پن تک بھی پہنچ سکتی ہیں، یورپ میں گیس اور تیل کی قلت بہت سے معاشی مسائل پیدا کرسکتی ہے، خود امریکہ میں معاشی بحران جنم لے رہا ہے۔ دنیا بھر میں اِس وقت ممکنہ کساد بازاری پر بات کی جارہی ہے۔ اسرائیل کے ایماء پر امریکہ کی طرف سے شروع کی گئی اِس جنگ کا ایک سبق یہ بھی ہے کہ مسلمان ممالک کو مضبوط اتحاد قائم کرنے کی اشد ضرورت ہے، وقت آن پہنچا ہے کہ تمام اسلامی ممالک 'بنیان مرصوص' کی مانند جڑ جائیں اور ایسی طاقت تشکیل دیں جس پر حملہ آور ہونے سے قبل اسلام دشمن قوتوں کو سوبار سوچنا پڑے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

بڑھتی ہوئی جنگ کے مسائل

سلمان عابد

امریکا، اسرائیل اور ایران جنگ پانچویں ہفتہ میں داخل ہوچکی ہے۔ اس جنگ نے ان ممالک سمیت سعودی عرب، خلیجی ممالک سمیت دیگر ممالک کو بھی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ ایک طرف امریکا اور ایران کے درمیان باہمی سطح پر بات چیت کے امکانات تو دوسری طرف ان ممالک سمیت دیگر ممالک بشمول پاکستان پس پردہ بات چیت کی مدد سے مسائل کے حل کی تلاش کا عمل بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ امریکا پر یہ دباؤ کہ وہ ایران کے خلاف حتمی کارروائی کرے، خود نئے مسائل یا ٹکراؤ کے اضافے کی نشاندہی کرتی ہے۔ خلیجی تعاون کونسل نے ایران امریکا مذاکرات میں خلیجی ممالک کی شمولیت پر زور دیا ہے۔

امریکا کے صدر کے بقول ہم نے اس جنگ میں اپنے اہداف کو حاصل کرلیا ہے اور جلد ہی ہم ایک معاہدہ کے تحت اس جنگ سے نکل جائیں گے۔ لیکن جس انداز میں یہ جنگ آگے بڑھ رہی ہے اور جس طرح سے اس جنگ نے دوسرے ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے تو یہ خطرات بڑھ رہے ہیں کہ جنگ کا دائرہ کار بھی بڑھ سکتا ہے اور اس میں مختلف ممالک کے درمیان پراکسی جنگ کے مسائل بھی دیکھنے کو مل سکتے ہیں۔

ایک سوال یہ بھی ہے کہ پاکستان، ترکی اور مصر جو جنگ کے خاتمے کے لیے کوششیں کرتے نظر آرہے ہیں اگر وہ اس عمل میں کامیاب ہوتے ہیں تو ان ملکوں کی سیاسی پزیرائی ضرور ہوگی لیکن اگر یہ جنگ بڑھتی ہے اور جنگ بندی کے امکانات محدود ہوجاتے ہیں تو پھر سب کی بھی مشکلات بڑھ سکتی ہیں۔ پاکستان کی موجودہ پالیسی توازن پر مبنی ہے اور اب تک ہماری یہی کوشش ہے کہ کسی بھی طریقے سے جنگ بندی پر تصفیہ ہو اور جو ایران، سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں ایک دوسرے کی سطح پر بداعتمادی بڑھ رہی ہے وہ ختم ہو۔ لیکن ایک بات سمجھنی ہوگی کہ اگر یہ جنگ مزید آگے بڑھتی ہے اور خلیجی ممالک کے داخلی مسائل بھی بڑھتے ہیں تو ہم پر بھی ایک خاص پوزیشن لینے کے لیے دباؤ بڑھ سکتا ہے۔

اسی کو بنیاد بنا کر جو سعودی، ترکیہ، مصر اور پاکستان کے وزرائے خارجہ کے درمیان اہم بیٹھک اسلام آباد میں ہوئی ہے۔ یہ ملاقات اور اس کے نتیجے میں مزید سفارت کاری کی کوشش اس جنگ کے ختم ہونے یا نہ ہونے کے کچھ اشاروں کو سامنے لاسکے گی۔ کیونکہ پاکستان سمیت ان ممالک کی سہولت کاری کی اپنی اہمیت ہے لیکن فیصلہ کی اصل طاقت امریکا، اسرائیل اور ایران کے پاس ہی ہوگی کہ وہ کس حد تک ایک دوسرے کے لیے سیاسی لچک دکھاتے ہیں۔

امریکا کے صدر اس برتری سے جنگ بندی کی طرف جانا چاہتے ہیں کہ وہ اس جنگ سے سرخرو ہوئے ہیں۔ کیونکہ امریکا کی داخلی سیاست میں ٹرمپ پر بہت زیادہ تنقید بڑھ رہی ہے اور ان کے خلاف لوگ بھی سڑکوں پر احتجاج کر رہے ہیں کہ ہمیں ٹرمپ کی صورت میں بادشاہت منظور نہیں اور وہ جنگ بندی کریں۔ لیکن کیونکہ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس جنگ کو ایک ایسی جگہ پر لے کر آگئے ہیں کہ ان کے لیے بغیر کامیابی کے پلٹنا کسی بھی طور پر ممکن نہیں۔ اسی لیے کہا جارہا ہے کہ ٹرمپ کے پاس دو ہی آپشن ہیں اول وہ ایران کے ساتھ کمزور معاہدہ کریں، جنگ سے باہر نکلنے کو ترجیح دیں یا دوئم، فوجی کارروائی میں مزید شدت پیدا کرکے طویل جنگ کا خطرہ مول لیں۔ یہ جو کہا جارہا ہے کہ پاکستان ایران کو امریکا کیسے ساتھ سنجیدہ مذاکرات پر لاسکتا ہے، درست بات ہے۔ لیکن اصل سوال یہ ہے کیا امریکا ایران کے بارے میں اپنے موقف میں سیاسی لچک دکھا سکے گا۔ اسی طرح امریکا اور موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ضمانت کون دے گا کیونکہ وہ سیاسی یوٹرن بہت لیتے ہیں اور ایران کی قیادت بھی ان پر بہت زیادہ اعتماد کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اس لیے مذاکرات میں امریکا کی ضمانت کونسا ملک دے گا اس پر سوالیہ نشان ہے۔

ایران یہ بھی سمجھتا ہے کہ امریکا اور اسرائیل اسے اس خطہ میں تنہا کرنا چاہتا ہے۔ ایران کے بقول امریکا مذاکرات کے نام پر ایران پر ایک بڑے حملے کی تیاری کر رہا ہے۔ پاکستان کا کیونکہ سعودی عرب کے ساتھ ایک دفاعی معاہدہ بھی ہے تو اس پر تو پاکستان کی ذمے داری اور زیادہ بڑھ جاتی ہے کہ وہ سعودی عرب اور ایران تنازعہ میں شدت کو کم کرے۔ اگرچہ مذاکرات کی باتیں اپنی جگہ مگر آج بھی جنگ پر مبنی کارروائیاں شدت کے ساتھ جاری ہیں جو یقینی طور پر مذاکرات کے عمل کو پیچھے دھکیلنے کا سبب بن سکتی ہیں، خود ایران کے بقول امریکا ہمیں مذاکرات کے کھیل میں الجھا کر ہمارے خلاف ایک بڑی

اسرائیل کے سیاہ فام یہودی

وسعت اللہ خان

یہ درست ہے کہ اسرائیل آئینی طور پر خالص یہودی ریاست (جیوش ہوم لینڈ) بتائی جاتی ہے۔ چنانچہ اسرائیل کی انیس فیصد عرب آبادی سے درجہِ دوم کا اور مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کے فلسطینیوں سے درجہ سوم اور چہارم کا سلوک سمجھ میں آسکتا ہے۔ مگر اسی اسرائیلی آئین میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ملک ان تمام یہودیوں کی محفوظ آماجگاہ ہے جو دنیا میں کہیں بھی آباد ہیں۔ وہ جب چاہیں اسرائیل کے شہری بن سکتے ہیں۔ انھیں اسرائیل میں اترتے ہی بلا امتیازِ رنگ ونسل وخطہ مساوی سماجی وقانونی حقوق حاصل ہوں گے۔ کیا واقعی یہ سچ بھی ہے؟

اسرائیل میں دو طرح کے یہودی آباد ہیں۔ ایک وہ جو روس، مشرقی ومغربی یورپ اور شمالی امریکا سے ہجرت کر کے یہاں پہنچے۔ انھیں اشکنازی یہودی کہا جاتا ہے۔ دوسرے وہ جنھوں نے افریقہ، عرب اور بھارت و پاکستان ووسطی ایشیا سمیت غیر مغربی دنیا سے ہجرت کی۔ انھیں سفاری یہودی کہا جاتا ہے۔

اسرائیل کے قیام سے پہلے مشرقی یورپ سے تعلق رکھنے والے ایک پرجوش نوجوان رہنما زیو وجیبوٹنسکی نے یہودی مراجعت کے نظریے کے تحت ارگون نامی مسلح آبادکار گروہ کی بنیاد رکھی۔ اگرچہ اسرائیل کے قیام سے آٹھ برس قبل اگست انیس سو چالیس میں جیبوٹنسکی کا انتقال ہوگیا۔ مگر ان کا شمار اسرائیلی ریاست کے "فاؤنڈنگ فادرز" میں ہوتا ہے۔

جیبوٹنسکی ان تمام رہنماؤں کا نظریاتی گرو سمجھا جاتا ہے جنھوں نے بائیں بازو کی جانب جھکاؤ رکھنے والی بن گوریان کی لیبر پارٹی کے برعکس صیہونیت، الٹرانیشنل ازم اور انتہائی دائیں بازو کے خیالات سے لبریز لیخود جماعت کی بنیاد رکھی۔ اس انتہا پسند مذہبی قوم پرستی نے مینہم بیگن، ایتزاک شمیر اور نیتن یاہو جیسے رہنما پیدا کیے۔ مگر یہ امر محض حسنِ اتفاق نہیں ہے کہ اسرائیل میں آج تک کوئی بھی غیر اشکنازی وزیرِاعظم نہ بن سکا۔

جیبوٹنسکی نے نوے برس پہلے کہا تھا کہ" خدا کا شکر ہے کہ تہذیبِ مشرق سے ہم یہودیوں کا کوئی لینا دینا نہیں۔ ہمارے بہت سے ناخواندہ بھائی (عرب، ایشیائی و افریقی یہودی) صدیوں پرانے فرسودہ رسوم ورواج کو مشرقیت کا نام دیتے ہیں مگر ہمیں ان کا قبلہ درست کرنا پڑے گا۔ یہ مقصد حاصل کرنے کے لیے ہم انھیں ابھی سے اچھی تعلیم بھی دے رہے ہیں تاکہ وہ اپنی نام نہاد مشرقی دقیانوسی سے نجات پا کر اچھے شہری بن سکیں (یورپی یہودیوں کی طرح)۔

ہم بہت پہلے کسی مضمون میں صراحت کر چکے ہیں کہ صیہونیت کے نظریے نے روس، مشرقی ومغربی یورپ میں آباد اشکنازیوں کے ہاں جنم لیا۔ اس نظریہ کو دستاویزی شکل دینے والے تھیوڈور ہرزل کا تعلق ہنگری سے تھا اور اس کی صدارت میں سوئس شہر باسل میں اگست اٹھارہ سو ستانوے میں منعقد ہونے والی پہلی صیہونی کانگریس کے دو سو مندوبین میں غالب اکثریت اشکنازیوں کی تھی۔ یعنی ابتدائی زمانے سے ہی صیہونیت کا غیر یورپی دنیا میں آباد یہودیوں سے کوئی لینا دینا نہیں تھا۔

مشرق میں آباد یہودیوں کے برعکس یورپی یہودی نہ صرف دولت مند تھے بلکہ اس دولت کے سبب ان کا سیاسی اثر ورسوخ بھی یورپ کے ہر دربار اور حکومت میں تھا۔ بینکاری نظام پر ان کی گرفت کے سبب ہر یورپی حکومت ان کی مقروض یا احسان مند تھی۔ حتی کہ سترہ سو چھہتر میں جب ریاستہائے متحدہ امریکا کا جنم ہوا تو اس کی معاشی رگوں میں بھی یہودی قرضہ گردش کر رہا تھا۔ اس بارے میں بھی ہم سابقہ مضامین میں تفصیلی روشنی ڈال چکے ہیں۔

یورپ میں نازی ہالوکاسٹ سے متاثر ہونے والے یہودی بھی اشکنازی تھے۔ چنانچہ اسرائیل میں روزِ اول سے ہی اشکنازیوں نے اپنی مظلومیت اور صیہونی نظریے کے پھیلاؤ میں سرگرم حصہ لینے کی بنیاد پر جس مملکت کی بنیاد رکھی وہاں نسلی تفریق کی غیر اعلانیہ پالیسی پر سنجیدگی سے عمل ہونا باعثِ حیرت نہ تھا۔

برسوں بعد ڈی کلاسیفائی ہونے والی سرکاری دستاویزات سے پتہ چلتا ہے کہ اسرائیل آنے والے سفاری یہودیوں کے ہزاروں بچے" مہذب" بنانے کے مشنری جذبے کے تحت پیدائش کے فوراً بعد اسپتالوں اور میٹرنٹی ہومز سے چرا کر متمول اسرائیلی و بیرونِ ملک مقیم اشکنازی خاندانوں کے حوالے کر دیے گئے۔ اس منصوبے کا سب سے بڑا نشانہ یمنی نژاد یہودی بنے۔

مئی انیس سو اڑتالیس تا انیس سو چون کے دوران چار برس سے کم عمر کا ہر آٹھواں یمنی بچہ غائب کر کے اسے لاولد یا ضرورت مند اشکنازی خاندانوں کے حوالے کر دیا گیا۔

ایتھوپیائی یہودی اپنی شناخت " بیتا اسرائیل" گروہ کے طور پر کرتے ہیں مگر ایتھوپیا میں یہودی کمیونٹی کو مقامی امہاری زبان میں فلاشا کے توہین آمیز نام سے پکارا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے آوارہ گرد۔

انیس سو ستر کی دہائی میں ہزاروں فلاشاز کو سوڈان کے راستے اسمگل کر کے اسرائیل پہنچایا گیا۔ اس وقت اگرچہ فلاشا اسرائیل کی یہودی آبادی کا دو فیصد ہیں مگر ان میں سے نصف خطِ غربت سے نیچے زندگی گذار رہے ہیں۔ ان کے محلے خستہ حال ہیں۔ نئی نسل منشیات کے استعمال، متشدد رویے اور اسکول سے بکثرت اخراج کے سبب پہچانی جاتی ہیں۔ انھیں ادنی درجے کی ملازمتوں یا فوج کے نچلے رینکس میں بھرتی کے لیے ہی موزوں سمجھا جاتا ہے۔ فلاشا یہودیوں میں ڈپریشن اور خودکشی کا تناسب کسی بھی دیگر اسرائیلی یہودی کمیونٹی سے زیادہ ہے۔

ایک ایتھوپیائی نژاد اسرائیلی خاتون ایکٹوسٹ عورت یارس کے بقول" ہمارا خون فوج میں بھرتی ہونے کے لیے تو ٹھیک ہے مگر کسی اور کام کے لیے نہیں"۔

انیس سو نوے کی دہائی میں متعدد اسرائیلی اسپتالوں نے ایچ آئی وی کے خدشے کے پیشِ نظر افریقی یہودیوں کی جانب سے خون کے عطیات ضایع کر دیے۔ دو ہزار بارہ میں تل ابیب میں سیاہ فام یہودیوں کا احتجاجی مظاہرہ طاقت استعمال کر کے منتشر کیا گیا۔ دو ہزار پندرہ میں دو پولیس والوں نے ایک ایتھوپیائی نژاد اسرائیلی فوجی کو نسلی گالیاں دیتے ہوئے زدوکوب کیا۔ اس واقعہ کی وڈیو نے آگ لگادی اور ہزاروں سفاری یہودیوں نے پارلیمنٹ کے باہر احتجاج کیا۔ دو ہزار انیس میں بھی ایسا ہی ایک مظاہرہ ہوا۔ مگر صیہونیت چونکہ ایک نسل پرست یورپی نظریہ ہے لہذا اشکنازی یہودیوں کی برتری ریاستِ اسرائیل کا بنیادی نصب العین ہے۔

سوچئے اگر رنگ ونسل کی بنیاد پر اپنے ہم مذہبوں سے یہ سلوک ہے تو عربوں اور دیگر سے نفرت کا کیا عالم ہوگا؟ نفرت بربریت کی شکل میں یہی صیہونیت پورے خطے کو دیمک کی طرح کھا رہی ہے۔

سونے کے انڈے دینے والی چڑیا

سعد اللہ خان برقی

بائیں شائیں تو ہوتی رہیں گی یہ کشمیر یہ یک جہتی، یہ اسرائیل یہ امریکا بھی چلتے رہیں گے۔ یہ بانی، یہ وژن، یہ سیاست، یہ جمہوریت، یہ وزیر مشیر معاون اور ان کی پیاری خوشخبریاں بھی رہیں گی اور ان پر ہماری دانائی دانشوری کے طومار بھی ایسے چلتے رہیں گے۔

تم شہر میں ہوتے ہو تو کیا غم جب اٹھیں گے
لے آئیں گے بازار سے جا کر دل وجاں اور

آج چلیے تھوڑی بہت قصہ کہانی کر لیتے ہیں۔ ایک بڑی اچھی سی پیاری سی راج دلاری سی کہانی یاد آرہی ہے لیکن کہانی تو کہانی ہوتی ہے کہانی میں تاریخ یا مقام وغیرہ نہیں ڈھونڈے جاتے۔ اس میں بادشاہ ہوتے ہیں شہزادے شہزادیاں ہوتی ہیں دیو پریاں بھی ہوتی ہیں، جادوگر اور ساحر بھی ہوتے ہیں لیکن مقامات اور زمانے نہیں ہوتے کہ یہ کب ہوا تھا کہاں ہوا تھا، مثلاً ایک زمانے سے ہم پرستان کی کہانیاں سنتے ہیں لیکن یہ کبھی کسی نے نہیں پوچھا کہ پرستان کہاں ہے، کس طرف ہے، وہاں کیسے آیا جاتا ہے، علی بابا کہاں تھا وہ چالیس چوروں کا غار کہاں تھا اور وہ اس کا کوڈ "کھل جا سم سم" کیوں تھا اور اس میں یہ اتنی تاثیر اور حساسیت کیسے تھی۔ پھر وہ چالیس چور کیا ہوا ان کا غار کیا ہوا، ٹھیک ہے بعض لوگ بعض کہانیوں میں پوچھ لیتے ہیں کہ گل نے صنوبر کے ساتھ کیا کیا تھا اور صنوبر نے گل کے ساتھ کیا کیا لیکن پھر بھی کہانی کہانی ہوتی ہے۔ مطلب یہ کہ آپ کو آم کھانے سے غرض ہونا چاہیے پیڑ گننے سے نہیں۔ کہانی سننے والوں کو یہ کہنے کی تو اجازت ہوتی ہے کہ "پھر کیا ہوا" لیکن یہ اجازت ہرگز نہیں کہ کیوں ہوا، کیسے ہوا اور کہاں ہوا، کب ہوا کیسے یہ غضب ہوا۔

اب ہم جو کہانی سنانا چاہ رہے ہیں۔ اس میں ایک تھی چڑیا۔ اب یہ پوچھنا آپ کا کام نہیں کہ وہ چڑیا کہاں تھی۔ تو ایک تھی چڑیا جو سونے کے انڈے دیتی تھی اب اگر سننے والا یہ پوچھنا شروع کردے۔ کہ کیوں؟ آخر وہ سونے کے انڈے کیوں دیتی تھی کیا اس کے اندر سونے کی کان تھی یا کوئی سنار بیٹھا تھا جو سونے کے انڈے بناتا تھا۔ یا یہ کہ وہ انڈے کتنے کتنے گرام یا تولے کے ہوتے تھے یا اس وقت بازار میں سونے کا بھاؤ کیا تھا۔ بس اتنا آپ کے لیے کافی ہے کہ وہ جو چڑیا تھی وہ سونے کے انڈے دیتی تھی عام انڈے نہیں۔ ظاہر ہے کہ جب وہ سونے کے انڈے دیتی تھی تو شکاری بھی اس کے پیچھے لگے ہوں گے جیسے لیلا کے پیچھے لگے ہوتے تھے اور اس بیچاری کو گانا پڑا تھا کہ

لیلیٰ میں لیلیٰ ایسی ہوں لیلیٰ
ہر کوئی چاہے مجھ سے ملنا اکیلا

تو بہت سے شکاری اس چڑیا کے پیچھے لگے ہوئے تھے اور چاہتے تھے کہ اس چڑیا کو پکڑ کر اپنے پنجرے والی مُنیا میں بند کردیں۔ یعنی اسے قفس میں اسیر کر کے اس کے انڈے حاصل کریں۔ لیکن ہر مدعی کے واسطے دار ورسن کہاں۔

اب اپنے ہاں لیجیے کتنے ہیں جو اس "مینڈیٹ" نام کی چڑیا کو شکار کرنے نکلتے ہیں اور اسے پکڑنے اور اپنے پنجرے کا اسیر کر کے اس کے انڈوں کے املیٹ۔ خاگینہ اور برمی کھانا چاہتے ہیں یا ٹوکریوں میں جمع کر کے بیچنا چاہتے ہیں لیکن

ساقی سبھی کو ہے غم تشنہ لبی مگر
مے ہے اسی کی نام پہ جس کے اُبل پڑے

ہاں تو اس سونے کے انڈے دینے والی چڑیا کے بھی بہت سارے شکاری تھے لیکن بازی صرف ایک شکاری لے گیا کہ اس نے چڑیا کو شکار کرنے کی بجائے خود کو اس کا شکار بنایا یا ایسا پوز کیا ایک شکاری سب پر حاوی نکلا۔ اس نے چڑیا اور اس کی ماں کو یقین دلایا کہ میں تو صرف چڑیا کی چہچہاہٹ کا عاشق ہوں اس کے انڈوں کا نہیں۔ چڑیا بے شک اپنے ہی پنجرے میں رہے اور انڈے دیا کرے، میں اس کے انڈوں کی طرف دیکھوں گا بھی نہیں، صرف اس کے ساتھ اس کے پنجرے میں بیٹھا رہوں گا۔ اسے دیکھتا رہوں گا اور پیاری پیاری میٹھی میٹھی سریلی چہچہاہٹ سنتا رہوں گا، بس

مرتا ہوں اس آواز پہ ہر چند سر اڑ جائے
جلاد کو لیکن وہ کہے جائیں کہ ہاں اور

اس کا یہ پینترہ کامیاب ہوا اور اسے چڑیا کی قربت ہم نشینی ہم نفسی بلکہ ہم قفسی میسر آگئی، ایک شکاری سب پر حاوی ہوگیا۔ لیکن یہ بات نہ چڑیا کو معلوم تھی نہ کسی اور کو بلکہ شکاریوں کو بھی نہیں جو اسے اپنے چند خاص نجومیوں سے حاصل ہوئی تھی کہ چڑیا صرف سونے کے انڈے نہیں دیتی بلکہ اس میں ایک اور گن بھی ہے اور وہ یہ کہ اگر کوئی اس کا "سر" کھائے تو وہ بادشاہ بنے گا۔ اب چڑیا تو اس کے دسترس میں تھی لیکن اگر ایسے ہی پکڑ کر ذبح کرتا اور اس کا سر بھون کر یا پکا کر کھاتا تو الزام اس پر آتا۔ یعنی وہ ایسا کرنا چاہتا تھا کہ نہ سیخ جلے نہ کباب۔ چنانچہ اس نے چند شکاریوں کو گانٹھ لیا اور ان کو یہ جھانسہ دیا کہ تم کو اس کے انڈے دے دوں گا۔

شکاری راضی ہوگئے ان میں بڑے گھاگ شکاری اور نہایت ہی ماہر نشانہ باز تھے، اس لیے انھوں نے بڑی دور سے کسی خفیہ مقام سے ایسا ٹھیک ٹھیک نشانہ لگا کر "تیر" مارا کہ مہابھارت کے ارجن اور درون اچاریہ بھی حیران رہ گئے ہوں گے۔ ارجن مہابھارت کا ایک پانڈو تھا اور اسے اس کے استاد درون اچاریہ نے بلا کا ماہر تیر انداز بنایا تھا۔ بیچ میں یہ کہانی آگئی ہے تو اسے بھی سن لیجیے۔ جب مشہور ومعروف خاتون شہزادی درویدی کا سوئمبر ہو رہا تھا تو اس سوئمبر کی شرط یہ تھی کہ نیچے تیل کی کڑاھی میں دیکھ کر اوپر ایک گھومتی ہوئی مچھلی کی آنکھ میں تیر مارا جائے اور ارجن نے یہ کر دکھایا یہاں بھی۔ ایسے ہی ایک ماہر تیر انداز نے سونے کی چڑیا کو تیر مار دیا۔ ہاہا کار مچی، بہت شور شرابا ہوا، بہت سارے ماہرین نے تیر انداز کو ڈھونڈنے کی کوشش کی لیکن تیر انداز کا پتہ نہیں چلا۔ یہاں وہاں کچھ زندہ مردہ لوگوں کے نام لیے گئے لیکن پتہ نہیں چلا۔ چنانچہ چڑیا کے ہم نشین شکاری نے آنسو بہا بہا کر نہایت دکھ کے ساتھ اس کا سر بھون کر کھالیا۔ اب اگر آگے بھی پوچھیں گے کہ پھر کیا ہوا۔ تو آپ سے بڑا اسٹوپڈ اور کوئی نہیں۔ وہی ہوا جو شکاری نے چاہا۔ اور کیا؟

تلاش منزل جاناں تو اک بہانہ تھا
تمام عمر "میں" "اپنی طرف" "روانہ" تھا

ایران، امریکا مذاکرات...... پہلا قدم!

ایم جے گوہر

تاریخ شاہد ہے کہ جنگیں مسائل کا حل نہیں ہوتیں بلکہ اپنے اندر کے جنگی جنوں کی تسکین اور تباہی و بربادی کا سبب بنتی ہیں۔ جنگ میں شامل ہر دو فریق ایک دوسرے پر قابض ہونے، اپنا تسلط قائم کرنے اور اہداف کے حصول میں ناکامی کے امکانات دیکھتے ہیں تو پھر آخری حربہ جسے انگریزی اصطلاح میں (Face Saving) کہتے ہیں یعنی اپنی عزت بچانے کے لیے مذاکرات کی میز پر آجاتے ہیں۔

ایسے موقع پر کسی تیسرے فریق کی ثالثی کی ضرورت پڑتی ہے جو دونوں فریق سے اپنے اچھے مراسم کو استعمال کرتے ہوئے جنگ رکوانے میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ گزشتہ سال مئی میں جب بھارت نے پاکستان پر غیر ضروری طور پر جنگ مسلط کی تو اپنے دفاع کا حق استعمال کرتے ہوئے پاکستان کی بہادر افواج نے بھارت کو ایسا منہ توڑ جواب دیا کہ مودی سرکار کے اوسان خطا ہوگئے، اس کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی منت سماجت کر کے پاکستان سے اپنے تعلقات کی بنیاد پر جنگ رکوانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

دنیا جانتی ہے کہ بھارت نے جارحیت کی تھی اور پاکستان نے اپنا دفاع، بالآخر صدر ٹرمپ کی ثالثی کے بعد پاک بھارت جنگ کا خاتمہ ہوا۔ امریکا کے صدر ٹرمپ آج بھی بڑے فخر سے یہ کہتے ہیں کہ انھوں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ رکوائی۔ وہ کھلے دل سے پاکستان کی فوجی اور سیاسی قیادت بالخصوص وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتوں اور بروقت دانشمندانہ فیصلوں کی اعلانیہ تعریفیں کرتے ہیں۔

غالباً اسی پس منظر میں امریکا کے صدر ٹرمپ اور ایرانی قیادت نے اب دوست اور قابل اعتماد ملک پاکستان پر بھروسہ کرتے ہوئے اس کے ثالثی کے کردار کو کھلے دل سے خوش آمدید کرتے ہوئے یہ امیدیں باندھی ہیں کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے کوئی ایسا راستہ تلاش کیا جائے جو دونوں فریق کو قابل قبول ہو۔ مذاکرات کی راہیں ہموار کرنے میں برادر ترکیہ، سعودی عرب اور مصر بھی پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون اور معاونت فراہم کر رہے ہیں تاکہ ایک ماہ سے زائد عرصے سے جاری جنگ کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ خلیج میں امن قائم ہو اور مشرق وسطیٰ کے مستقبل کے حوالے سے اسرائیل کے مذموم ارادوں کے آگے بند باندھا جاسکے۔

پاکستان کی سیاسی وقومی قیادت نے باہمی تعاون واشتراک سے بڑی ذہانت، سمجھداری، حکمت اور بصیرت کے ساتھ سفارت کاری کے محاذ پر جان دار انداز میں پیش قدمی کی ہے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار جنگ کے منفی اثرات سے پاکستان میں پیدا ہونے والی بحرانی صورت حال سے بھی نبرد آزما ہیں تو دوسری جانب اسی خلوص ومحنت کے ساتھ وہ امریکا، ایران جنگ کی شدت کو کم کرنے کے لیے بھی ٹیلی فونک سفارت کاری کے ذریعے امریکا، ایران، خلیجی ممالک کے سربراہوں، مصر، اردن، ترکیہ کی قیادت اور چین کے ساتھ مسلسل رابطوں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ عالمی ذرائع ابلاغ میں پاکستان کے ثالثی کے اس کردار کو نہایت مثبت اور قابل تحسین انداز میں دیکھا اور سراہا جارہا ہے۔

امریکی اخبار نیویارک ٹائم کا کہنا ہے کہ فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر امریکا ایران کشیدگی کم کرانے کی خفیہ سفارت کاری میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ توقع کی جارہی ہے کہ اسلام آباد امریکا، ایران مذاکرات کا مرکز بن سکتا ہے۔ ممکنہ ثالثی اور مذاکرات کی امید کے پیش نظر امریکا کے صدر ٹرمپ نے ایران کے پاور پلانٹ پر حملے مزید 10 روز کے لیے موخر کردیے جو خوش آیند بات ہے لیکن دوسری جانب وہ مشرق وسطیٰ میں اپنی فوج بھی بھیج رہے ہیں جس سے ان کے مستقبل کے عزائم کے حوالے سے شکوک وشبہات جنم لے رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ تمام تر کوشش اور دھمکیوں کے باوجود آبنائے ہرمز کھلوانے میں ناکام رہے ہیں۔ مذاکرات کے حوالے سے جنگ بندی کے لیے امریکا نے پاکستان کی معرفت ایران کو جو 15 نکاتی فارمولا بھیجا ہے اسے ایرانی قیادت نے ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے اور اپنی جانب سے جنگ بندی کے لیے پانچ شرائط پیش کی ہیں دونوں فریق اپنی اپنی شرائط پر جنگ بندی چاہتے ہیں۔

امریکا کی خواہش ہے بلکہ بھرپور مطالبہ اور شرط ہے کہ ایران اپنی جوہری صلاحیتوں کو ختم کردے۔ جمع شدہ یورینیم اور دیگر ایٹمی مواد عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے حوالے کردے اور آبنائے ہرمز کو ہر قسم کی پابندی سے آزاد علاقہ قرار دیا جائے جب کہ ایران کا مطالبہ ہے کہ سب سے پہلے حملے روکے جائیں، دوبارہ جنگ نہ کرنے کی ٹھوس ضمانت دی جائے، جنگ کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے، خلیج میں امریکی اڈے ختم کیے جائیں اور آبنائے ہرمز پر ایران کی خودمختاری کو تسلیم کیا جائے۔ مذاکرات کسی بھی سطح پر ہوں کامیابی کا دارومدار لچک دار رویوں اور کچھ لو اور کچھ دو پر منحصر ہوتا ہے۔ امریکا بڑا ملک اور عالمی سپر پاور ہے اسے بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے زیادہ لچک دکھانا چاہیے اور ٹرمپ عالمی امن قائم کرنے اور جنگیں رکوانے کے وعدے کرتے ہیں۔ ایران جنگ کا آغاز امریکا نے کیا تھا اور ختم کرنے کا پہلا قدم بھی امریکا ہی کو اٹھانا چاہیے۔

سوشل میڈیا پر جنگ: میڈیا تھیوریز کے تناظر میں

ڈاکٹر نوید اقبال انصاری

حال ہی میں اسرائیل، امریکا اور ایران کے درمیان جنگ میں اے آئی کی فیک نیوز

(ترجیحی یاد داشت) 4.Selective Retention

Cognitive Dissonance Theory کے مطابق انسان ایسی معلومات سے بچنے کی کوشش کرتا ہے جو اس کی موجودہ سوچ سے ٹکراتی ہو یعنی اس کے برخلاف ہو جب کہ ایسی معلومات کو ترجیح دیتا ہے جو اس کی سوچ سے ملتی ہو، یہی خیال بعد میں دیگر بیان کردہ تھیوریز کی بنیاد بنا۔

ماہرین ابلاغیات کے ان پیش کردہ نظریات کے مطابق "ترجیحی انتخاب" کے تحت دراصل میڈیا پر جو پیغامات آتے ہیں خواہ وہ تحریر کی شکل میں ہوں یا کسی ویڈیو وغیرہ کی شکل میں ان کو دیکھنے سننے یا پڑھنے کا فیصلہ لوگ اپنے پہلے سے قائم شدہ نظریات یا خیالات یا عقیدے کی بنیاد پر کرتے ہیں یعنی

فرض سمجھتا ہے جس کے سبب فیک ویڈیوز، جعلی خبروں اور اے آئی کے ذریعے بنائی گئی ویڈیوز جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا سوشل میڈیا پہ چھائی ہوئی نظر آتی ہیں اور پروپیگنڈہ کرنے والوں کو آسانی ہوجاتی ہے۔

اے آئی سے بنائی گئیں ویڈیوز اس قدر خطرناک یعنی حقیقت سے قریب تر لگتی ہیں کہ عام لوگ ہی نہیں، بڑی بڑی شخصیات بھی دھوکہ کھا جاتی ہیں اور انھیں بعد میں معذرت کرنا پڑتی ہے۔ حال ہی میں بانی تحریک انصاف کے بیٹے سے متعلق ایک ویڈیو پر سوشل میڈیا پر بڑا ہنگامہ کھڑا ہوا جس کی بعد میں عمران خان کی ہمشیرہ نے ٹویٹ کے ذریعے تردید کی کہ یہ ویڈیو فیک ہے۔

ایک صحافی نے بعد میں معذرت کی کہ انھوں نے اس پر سخت تنقید کی، انھیں معلوم نہ

مشال خان کا قتل: سوال کرنے کی سزا موت کیوں؟

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

مشال خان ایک ایسا نام ہے جو پاکستان کی حالیہ تاریخ میں ایک دردناک، شرمناک اور ناقابلِ فراموش سانحے کی علامت بن چکا ہے۔ 13 اپریل 2017 کا دن قومی ضمیر پر ایک ایسا سیاہ باب ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ اسی دن مردان کی عبدالولی خان یونیورسٹی میں ایک معصوم، تعلیم یافتہ اور باشعور نوجوان کو ہجوم کے ہاتھوں بے دردی سے قتل کردیا گیا، اور انسانیت خاموش تماشائی بنی رہی۔ مشال خان صرف 23 سال کا ایک ذہین، حساس اور شعور رکھنے والا نوجوان تھا، جو صحافت کا طالبعلم تھا اور اپنے خیالات کے اظہار میں نہایت جرات مند اور بے باک تھا۔ وہ معاشرتی ناانصافیوں پر سوال اٹھاتا تھا، سچ کی تلاش میں رہتا تھا، اور اپنے اردگرد کے نظام کو بہتر بنانے کی خواہش رکھتا تھا، جو اسے دوسروں سے ممتاز بناتی تھی۔ وہ ان نوجوانوں کی نمائندگی کرتا تھا جو ایک روشن، ترقی یافتہ اور باشعور پاکستان کا خواب دیکھتے ہیں، جہاں تعلیم، دلیل اور برداشت کو اہمیت دی جائے۔ اس کے خیالات میں وسعت تھی، اس کی گفتگو میں وزن تھا، اور اس کے اندر ایک بہتر معاشرہ تشکیل دینے کا عزم واضح طور پر جھلکتا تھا۔ لیکن افسوس کہ یہی روشن خیالی اور سوال کرنے کی عادت اس کے لیے خطرہ بن گئی، کیونکہ ایک ایسا معاشرہ جہاں اختلافِ رائے کو برداشت نہیں کیا جاتا، وہاں سچ بولنے والے اکثر نشانہ بن جاتے ہیں اور انہیں خاموش کرانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ مشال خان پر توہینِ مذہب کا الزام لگایا گیا، جو کہ ایک نہایت حساس، سنگین اور خطرناک نوعیت کا الزام ہے، اور بدقسمتی سے یہ الزام بغیر کسی ٹھوس ثبوت یا تحقیق کے پھیلایا گیا۔ چند ہی لمحوں میں افواہوں نے حقیقت کا روپ دھار لیا اور ایک مشتعل ہجوم کو جنم دے دیا۔ یونیورسٹی جیسے علمی اور تحقیقی ادارے میں، جہاں دلیل، برداشت اور تحقیق کو فروغ دیا جانا چاہیے تھا، وہیں ایک طالبعلم کو بغیر کسی ثبوت کے مجرم قرار دے دیا گیا، جو کہ ہمارے تعلیمی نظام پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ 13 اپریل کے دن ایک مشتعل اور بے قابو ہجوم نے مشال خان کو گھیر لیا، اسے گھسیٹا گیا، مارا پیٹا گیا اور انتہائی بے رحمی کے ساتھ اس پر تشدد کیا گیا، جیسے وہ کوئی انسان نہیں بلکہ ایک بے جان شے ہو۔ تشدد کی شدت اس قدر تھی کہ انسانیت بھی شرما جائے، اور یہ منظر دیکھنے والوں کے دل دہل جائیں۔ اس پر گولیاں بھی چلائی گئیں، اور وہ موقع پر ہی اپنی جان کی بازی ہار گیا، جبکہ کوئی بھی اسے بچانے کے لیے آگے نہ بڑھا۔ دل دہلا دینے والی حقیقت یہ ہے کہ اس کی موت کے بعد بھی ہجوم کا غصہ کم نہ ہوا، بلکہ اس کی بے جان لاش کو بھی ٹھڈے مارے گئے، جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ انسان کس حد تک اپنی انسانیت کھو سکتا ہے۔ یہ منظر صرف ایک قتل کا نہیں تھا، بلکہ یہ ہمارے معاشرے کے اخلاقی زوال، عدم برداشت اور اجتماعی بے حسی کی ایک واضح تصویر پیش کر رہا تھا، جو ہر حساس دل کو جھنجھوڑ دینے کے لیے کافی ہے۔ پولیس کے پہنچنے تک سب کچھ ختم ہو چکا تھا۔ ایک زندہ انسان، ایک سوچتا سمجھتا ذہن، ایک روشن مستقبل※ سب کچھ مٹی میں مل چکا تھا، اور پیچھے رہ گئی تھی صرف خاموشی اور افسوس۔ بعدازاں جب تحقیقات کا آغاز ہوا تو یہ حیران کن اور افسوسناک حقیقت سامنے آئی کہ مشال خان پر لگائے گئے تمام الزامات بے بنیاد، جھوٹے اور من گھڑت تھے، جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ یہ انکشاف اس سانحے کو مزید دردناک بنا دیتا ہے کہ ایک بے گناہ انسان کو محض افواہوں اور جھوٹے الزامات کی بنیاد پر اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑا، جو ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ پولیس نے اس کیس میں 57 افراد کو گرفتار کیا، جن میں سے کچھ کو عدالتوں نے سزائیں سنائیں، کچھ کو بری کر دیا گیا، جبکہ چند افراد اب بھی قانون کی گرفت سے باہر ہیں، جو انصاف کے نظام پر سوال اٹھاتے ہیں۔ اگرچہ عدالتی کارروائی کے ذریعے کچھ حد تک انصاف فراہم کرنے کی کوشش کی گئی، لیکن معاشرتی سطح پر انصاف کا احساس مکمل طور پر قائم نہ ہو سکا، کیونکہ سوچ اور رویے تبدیل نہیں ہوئے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ سانحہ بھی دیگر واقعات کی طرح دھندلا پڑنے لگا، مگر اس کے اثرات آج بھی ہمارے معاشرے میں محسوس کیے جا سکتے ہیں، خاص طور پر آزادیِ اظہار کے حوالے سے، جہاں لوگ اب بھی اپنے خیالات کے اظہار میں خوف محسوس کرتے ہیں اور خودسنسر شپ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ افسوسناک پہلو یہ بھی ہے کہ کچھ حلقوں نے قاتلوں کو ہیرو کے طور پر پیش کیا، اور سوشل میڈیا پر ان کے حق میں مہمات چلائی گئیں، جو نہ صرف انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے بلکہ نوجوان نسل کے ذہنوں پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے، اور انہیں ایک خطرناک سوچ کی طرف دھکیلتا ہے۔ یہ رویہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ہمارے معاشرے میں برداشت، تحقیق، اور سچ کو قبول کرنے کی کتنی کمی ہے، اور ہم کس حد تک جذبات کے زیر اثر آکر فیصلے کرتے ہیں، بغیر یہ سوچے کہ اس کے نتائج کتنے بھیانک ہو سکتے ہیں۔ مشال خان کا قتل آزادیِ اظہار، آزادیِ فکر اور انسانی حقوق پر ایک کاری ضرب تھا، جس نے یہ پیغام دیا کہ اگر آپ مختلف سوچ رکھتے ہیں تو آپ خطرے میں ہیں، اور آپ کی آواز کو کسی بھی وقت خاموش کیا جا سکتا ہے۔ یہ واقعہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ جذباتی ہجوم کس طرح قانون کو اپنے ہاتھ میں لے کر ایک بے گناہ انسان کی زندگی چھین سکتا ہے، اور ریاستی ادارے بعض اوقات ایسے حالات میں بروقت اور مؤثر کردار ادا کرنے میں ناکام رہتے ہیں، جس سے صورتحال مزید بگڑ جاتی ہے۔ یہ صرف ایک فرد کا قتل نہیں تھا، بلکہ یہ علم، سچ اور شعور کے خلاف ایک منظم حملہ تھا، جس نے پورے معاشرے کو متاثر کیا، اور ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کیا کہ ہم کس سمت میں جا رہے ہیں۔ مشال خان کی قربانی ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہے کہ ہمیں اپنے معاشرے میں برداشت، تحقیق، انصاف اور تعلیم کو فروغ دینا ہوگا، اور ایسی فضا قائم کرنی ہوگی جہاں اختلافِ رائے کو برداشت کیا جائے اور ہر فرد کو اپنی بات کہنے کا حق حاصل ہو۔ اگر ہم نے اس سانحے سے سبق نہ سیکھا تو مستقبل میں بھی ایسے المناک واقعات رونما ہو سکتے ہیں، اور مزید بے گناہ زندگیاں ضائع ہو سکتی ہیں، جو کسی بھی مہذب، باشعور اور ذمہ دار معاشرے کے لیے نہایت شرمناک اور ناقابل قبول بات ہے۔ مشال خان صرف ایک فرد نہیں بلکہ ایک علامت ہے۔ ایک ایسے نوجوان کی علامت جو سچ بولنے کی جرات رکھتا تھا، جو سوال کرنے سے نہیں ڈرتا تھا، اور جو ایک بہتر معاشرے کا خواب دیکھتا تھا؛ اور ساتھ ہی یہ ایک ایسے معاشرے کی بھی علامت ہے جو ابھی تک سچ سننے، برداشت کرنے اور اسے قبول کرنے کے لیے پوری طرح تیار نہیں ہو سکا، اور جسے ابھی بہت طویل سفر طے کرنا باقی ہے۔

خیبر پختونخوا کی خبریں

جمعیت علمائے اسلام کی مرکزی جنرل کونسل کے ممبر مولانا حسین احمد مدنی ایڈووکیٹ جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

اسلامی نظام کا نفاذ ہماری منزل ہے، مولانا حسین احمد مدنی

مدارس نوجوانوں کی دینی تربیت کر رہے ہیں، جلسہ دستار بندی سے خطاب

پشاور (پریس ریلیز) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کی مرکزی جنرل کونسل کے ممبر و سربراہ متحدہ امن کمیٹی پشاور مولانا حسین احمد مدنی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ہی ہماری اصل منزل ہے اور اس کے حصول تک ہماری جدوجہد مسلسل جاری رہے گی انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی ریاست کے طور پر معرض وجود میں آیا تھا اس لیے یہاں مکمل اسلامی نظام کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار جامع مسجد عمر فاروق، سیٹھی ٹاؤن پشاور میں منعقدہ سالانہ عظیم الشان جلسہ دستار بندی سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مہتمم جامعہ مولانا سلیم یوسف اور دیگر جید علما کرام نے بھی خطاب کیا جبکہ بڑی تعداد میں طلبا، علمائے کرام اور عوام الناس نے شرکت کی مولانا حسین احمد مدنی نے کہا کہ دینی مدارس ملک میں اسلام کی بقا اور دینی اقدار کے تحفظ کے مراکز ہیں جہاں نوجوان نسل کی بہترین دینی، اخلاقی اور روحانی تربیت کی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مدارس نہ صرف دین کی خدمت کر رہے ہیں بلکہ معاشرے کو ایک صالح، باکردار اور بااخلاق نسل فراہم کر رہے ہیں جو ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں انہوں نے کہا کہ آج کے پرفتن دور میں نوجوانوں کو گمراہی سے بچانے اور انہیں دین سے جوڑے رکھنے میں مدارس کا کردار انتہائی اہم ہے مدارس کے طلبا قرآن وسنت کی تعلیم حاصل کر کے معاشرے میں اصلاح اور ہدایت کا ذریعہ بنتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اسلامی نظام ہی وہ نظام ہے جو معاشرے میں عدل، انصاف اور مساوات کو یقینی بناتا ہے جب تک ملک میں مکمل اسلامی قوانین نافذ نہیں ہوتے اس وقت تک مسائل کا حقیقی حل ممکن نہیں۔

نگران وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان سے ٹیلی نار پاکستان کے ہیڈ آف گورنمنٹ افیئرز کی ملاقات

گلگت (بیورو رپورٹ) نگران وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان جسٹس (ر) یار محمد سے ٹیلی نار پاکستان کے ہیڈ آف گورنمنٹ افیئرز احمد فراز نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ہیڈ آف گورنمنٹ آفیئرز احمد فراز نے ٹیلی نار پاکستان کے سی ای او کی جانب سے وزیر اعلیٰ کے لیے نگران وزیر اعلیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد اور نیک خواہشات پہنچائیں۔ ملاقات کے دوران انہوں نے وزیر اعلیٰ کو گلگت بلتستان میں ٹیلی نار پاکستان کی جاری ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کے بارے میں بریفنگ دی اور خطے میں نیٹ ورک کوریج ٹیلی نار سروسز کو مزید بہتر بنانے اور کمپنی کے مستقبل کے توسیعی منصوبوں سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر 5G ٹیکنالوجی کا روڈ میپ بھی بحث کے اہم نکات میں شامل تھا۔ نگران وزیر اعلیٰ نے گلگت بلتستان بھر میں سیلولر اور انٹرنیٹ خدمات کی فراہمی میں ٹیلی نار کے کردار کو سراہا اور سروس کے معیار میں مزید بہتری، بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سیلولر کنیکٹیویٹی اور انٹرنیٹ کوریج کو مزید مضبوط بنائے تاکہ گلگت بلتستان کے عوام کو مواصلات کی بہتر سہولیات میسر آ سکیں۔ نگران وزیر اعلیٰ نے مواصلاتی نظام کو بہتر بنانے کیلئے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

وصال رف کی سماجی خدمات کا اعتراف:

"فخرِ ترلاندی ایوارڈ" کی پروقار تقریب،،

تحریر و ترتیب: ڈاکٹر محمد علی جوہر یوسفزئی
فوٹوگرافی: فقیر حسین فقیر
رزڑ ادبی کاروان،
اسوٹا ادبی تنظیم،

جب خدمتِ خلق کا جذبہ سچا ہو اور نیت میں اخلاص ہو، تو معاشرہ نہ صرف اس کا معترف ہوتا ہے بلکہ اسے سر آنکھوں پر بٹھاتا ہے۔ ایسی ہی ایک پر وقار "نشستِ تشکر" اور تقریبِ سعید کا انعقاد گزشتہ دنوں الخدمت فلاحی تنظیم ترلاندی کے دفتر (نہر کنارہ (میں کیا گیا، جہاں ممتاز سماجی شخصیت اور تنظیم کے صدر وصال رف کو ان کی گراں قدر انسانی خدمات کے اعتراف میں "فخرِ ترلاندی ایوارڈ" سے نوازا گیا۔ اس تقریب نے ضلع صوابی کے علمی، ادبی، سیاسی اور صحافتی حلقوں کو ایک چھت تلے جمع کر دیا۔

تقریب کی جھلکیاں اور مقررین کا خراجِ تحسین

تقریب کا آغاز حافظ ذیشان نے تلاوتِ کلامِ پاک سے کیا۔ سبز علی خان نے استقبالیہ کلمات ادا کرتے ہوئے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وصال رف کی خاموش جدوجہد آج ایک روشن مثال بن چکی ہے۔ نظامت کے فرائض معروف ادیب وصحافی ڈاکٹر محمد علی جوہر) سی ای او، جوہر میڈیا ہاس (نے اپنے مخصوص دلنشین انداز میں انجام دیے، جس نے شرکا کے جوش وخروش کو برقرار رکھا۔ ڈی آر سی صوابی کے حاجی ممتاز خان نے اپنے صدارتی خطاب میں وصال رف کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا: "معاشرے کی بقا ان لوگوں سے وابستہ ہے جو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر خلقِ خدا کی خدمت کرتے ہیں۔ وصال رف نے ترلاندی کی مٹی کا حق ادا کر دیا ہے۔" تقریب میں آئی ٹی پی ایم سی کے مرکزی صدر اور لونڈ خوڑ پریس کلب کے صدر حاجی حسین احمد، جنرل سیکرٹری ایاز خان، فضل ستار صابر اور اختر علی اختر نے بھی وصال رف کی فلاحی سرگرمیوں کو مثالی قرار دیا۔

اعزازات کی تقسیم اور معززین کی شرکت

جذبے اور جنون سے بھرپور اس تقریب میں پی ٹی آئی صوابی کے جنرل سیکرٹری افسر علی خان نے وصال رف سمیت دیگر نمایاں کارکردگی دکھانے والے اراکین میں شیلڈز تقسیم کیں۔ ان کے ہمراہ واجد علی خان چیرمین ترلاندی خاص، امجد علی خان ممبر ڈی ار سی رزڑ، ایڈووکیٹ ارشد علی اور حسنین خان بھی موجود تھے۔ تقریب میں علاقے کی متقدر شخصیات بشمول فقیر حسین فقیر شیخ ڈھیری، عاشق اسلام عاشق نازنجی، عبدالرحمٰن احساس سوڈھیر، باسط علی باسط یار حسین، فیاض فیضی کرنل شیر کلے، زاہد کاروان، محمد سعید عابد، جاوید خان امیر فروش، سیف اللہ، عنایت اللہ عنایت، حسن گل استاد، مولانا عبید اللہ، افتخار امیر صاحب، جہانزیب بابا، قیصر رضا، شوکت علی امیر صاحب، اسرار فطرت قدمی، زرشاد محسن، اور جہاد سحر صدر ترلاندی ادبی ٹولہ صوابی نے شرکت کر کے محفل کی رونق دوبالا کی۔

ترلاندی: خوبصورتی اور نظم وضبط کا سنگم

یہ تقریب محض ایک ایوارڈ کی تقسیم نہیں تھی بلکہ ترلاندی کی ترقی کا ایک عکس تھی۔ ترلاندی جنازہ گاہ کی تزئین و آرائش، کیاریاں، گلی کوچوں کی صفائی اور پہاڑی کی قدرتی خوبصورتی اس بات کی گواہ ہے کہ اگر قیادت مخلص ہو تو علاقہ جنت کا نظارہ پیش کرتا ہے۔ الخدمت فلاحی تنظیم کالوڈھیر کی کارکردگی کو بھی اس موقع پر خصوصی طور پر سراہا گیا۔

وصال رف کا عزم:

"خدمت آخری سانس تک"

صاحبِ اعزاز وصال رف نے اپنے خطاب میں جہاں تمام مہمانوں اور شعرا کا شکریہ ادا کیا، وہاں کچھ اہم معاشرتی پہلوؤں کی طرف بھی توجہ دلائی۔ انہوں نے صاحبِ ثروت اور عام عوام سے اپیل کی کہ وہ فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ انہوں نے نوجوانوں میں بڑھتے ہوئے موٹر سائیکل حادثات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہیں احتیاط برتنے کی تلقین کی۔

انہوں نے علاقے میں دیرینہ دشمنیوں کو ختم کر کے باہمی بھائی چارے اور امن کی فضا قائم کرنے پر بھی زور دیا۔ وصال رف کا کہنا تھا کہ یہ ایوارڈ ان کے لیے محض ایک شیلڈ نہیں بلکہ ایک بھاری ذمہ داری ہے، جسے وہ اپنی آخری سانس تک نبھائیں گے۔ تقریب کا اختتام پر تکلف چائے اور اجتماعی دعا پر ہوا، جس میں علاقے کی خوشحالی اور امن کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ اس موقع پر سیف الرحمٰن محتاج، عنایت اللہ عنائیت، قیصر خان شمگین، اختر علی اختر اومحمد طارق ادا اس نے الخدمت فلاحی تنظیم تو لاندہ کو منظوم خراجِ تحسین بھی پیش کیا،

تقریب میں پشتو ادبی جرگہ کرنل شیر کلے، پشتو ادبی صبان یار حسین، تو لاندہ ادبی ٹولہ، انجمن نوجوانان شگ ہ، اور دیگر تنظیموں کے ساتھیوں نے خصوصی طور پر شرکت کی، اس موقع پر افسر علی خان، حاجی ممتاز خان، واجد علی، امجد علی خان، جہانزیب بابا، معاز واللہ خان اور کالوڈھیر تنظیم کو خصوصی ایوارڈز بھی دے گئے،

نوشہرہ، سونے کی غیر قانونی کان کنی کیخلاف کارروائیاں

9 ماہ میں 505 مقدمات درج، 516 ملزمان گرفتار

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) نوشہرہ پولیس نے سونے کی غیر قانونی کان کنی کیخلاف کارروائیوں کے دوران جولائی 2026ء سے اب تک 505 مقدمات درج کر کے 516 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ضلعی پولیس سربراہ احمد شاہ کے غیر قانونی سونے کی کان کنی کے خلاف واضح احکامات کی روشنی میں اختر نصیر خان ایس ڈی پی او اکوڑہ سرکل کی براہ راست نگرانی میں تھانہ اکوڑہ اور تھانہ نظامپور پولیس کی بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اہم نکات: چیک پوسٹیں قائم: ضلعی انتظامیہ کی درخواست پر نوشہرہ پولیس 5 اہم مقامات پر 24/7 معاونت فراہم کر رہی ہے: جہیئ چوک، فوجی سیمنٹ فیکٹری چوک، چارجارو، اولڈ اٹک برج جے سی پی اور پی پی ملتگی کے قریب۔ ان میں سے ایک چیک پوسٹ پولیس اور منرل ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ مشترکہ طور پر چلا رہے ہیں تاکہ غیر قانونی کان کنی کے لیے ایکسویٹرز اور ایندھن کی ترسیل روکی جا سکے۔ ضلع بھر میں نگرانی: تھانہ نظامپور، اکوڑہ، کینٹ اور بدرشی کی حدود میں کان کنی والے علاقوں کی طرف مشینری اور ایکسویٹرز کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ جولائی 2025 سے اب تک 505 مقدمات درج کر کے 516 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ ٹینکرز سے 3 لاکھ 76 ہزار 839 لیٹر ایندھن، 300 لیٹر انجن آئل، 115 فیول ڈرم، 356 منی ڈرم، 3367 جیری کین، 120 ایکسویٹرز، 236 دیگر گاڑیاں، 27 لوڈرز، 26 ریفائننگ کارپیٹس، 16 ٹینٹ، 19 جنریٹرز، 60 پلانٹس، 24 آئل ٹینک اور 2 بیٹریاں قبضے میں لی گئیں۔ پولیس حکام کے مطابق علاقے میں قائم تمام غیر قانونی فیول اسٹیشنز کو بند کر کے ملوث افراد کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ نوشہرہ پولیس کا کہنا ہے کہ غیر قانونی کان کنی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں اور اس سلسلے میں محکمہ معدنیات کے ساتھ مل کر مزید اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تیمرگرہ پولیس کی بروقت کارروائی،

گمشدہ بچوں کو والدین سے ملا دیا

تیمرگرہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیمرگرہ پولیس نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے بحفاظت ان کے والدین کے حوالے کر دیا۔ محمد عیسیٰ اور ذین العابدین اپنے گھر سے لاپتہ ہو گئے تھے، جس پر ان کے والدین کی مدعیت میں رپورٹ درج کی گئی۔ تیمرگرہ پولیس نے ZARRA Act کے تحت مقدمہ درج کر کے فوری تفتیش کا آغاز کیا اور جدید ذرائع استعمال کرتے ہوئے۔ بچوں کو راولپنڈی سے صحیح سلامت ریکور کر لیا۔ بچے گھر سے بغیر اجازت کرکٹ اکیڈمی میں داخلہ لینے گئے تھے بچوں کے والدین نے پولیس کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے تیمرگرہ پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ تھانہ تیمرگرہ پولیس گمشدہ بچے والدین کے حوالہ کئے گئے۔

☆☆☆☆☆☆

شاہین ماڈل سکول تیمرگرہ میں تقریب انعقاد

شاہین ماڈل سکول تیمرگرہ کی شاندار کارکردگی، تقریب یوم والدین تقسیم انعامات

تیمرگرہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شاہین ماڈل سکول تیمرگرہ کی شاندار کارکردگی، تقریب یوم والدین تقسیم انعامات شاہین ماڈل سکول تیمرگرہ، جو 1996 سے علاقے میں معیاری تعلیم اور بہترین تربیت فراہم کر رہا ہے، اپنی مثالی کارکردگی اور نمایاں خدمات کی بدولت ایک ممتاز تعلیمی ادارہ بن چکا ہے۔ ادارے نے اب تک 600 سے زائد یتیم اور مستحق طلبہ کو مفت تعلیم دے کر نہ صرف تعلیمی میدان میں بلکہ فلاحی خدمات میں بھی اپنی منفرد پہچان قائم کی ہے۔ سکول میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم، اخلاقی تربیت اور کردار سازی پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے، جس کے نتیجے میں طلبہ نہ صرف تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں بلکہ معاشرے کے باصلاحیت اور ذمہ دار شہری بھی بن رہے ہیں۔ مزید برآں، طلبہ کو سول ڈیفنس کی تربیت دے کر انہیں قدرتی آفات سے نمٹنے کے قابل بنایا جا رہا ہے، جو ادارے کی دوراندیشی اور عملی تربیت کا واضح ثبوت ہے۔ گزشتہ روز سکول میں یومِ والدین اور تقریبِ تقسیمِ انعامات نہایت جوش وخروش سے منعقد ہوئی۔ تقریب میں سکول کے پرنسپل فرمان خان، مہمانِ خصوصی فضل کریم، نبی بخش اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے سکول کی تعلیمی وتربیتی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنا زیادہ وقت تعلیم پر صرف کریں اور موبائل کے غیر ضروری استعمال سے گریز کریں تاکہ مستقبل میں کامیاب ہو سکیں۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں شیلڈز اور نقد انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر والدین اور اساتذہ نے سکول کی مسلسل بہترین کارکردگی، معیاری تعلیم اور مثالی نظم وضبط کو سراہتے ہوئے اسے علاقے کا ایک مثالی تعلیمی ادارہ قرار دیا۔

ڈیرہ اسماعیل خان، محکمہ آبپاشی کے منصوبوں میں مبینہ کروڑوں کی کرپشن، زمیندار متاثر

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈہ پور کے دور حکومت میں محکمہ آبپاشی روہی ڈویژن ڈی آئی خان میں کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق تحصیل کلاچی کے موضع چارنلہ میں گھ سردار کی بحالی کے لیے 4 کروڑ 20 لاکھ روپے کا ٹینڈر جاری کیا گیا، جو اورنگزیب اینڈ سنز کو دیا گیا۔ الزام ہے کہ متعلقہ ٹھیکیدار نے کام مکمل نہیں کیا جبکہ ایکسین اور دیگر عملے کی مبینہ ملی بھگت سے منصوبے کو کاغذات میں مکمل ظاہر کر کے سرکاری خزانے سے رقم نکلوالی گئی۔ یاد رہے کہ گھ سردار اور اس سے ملحقہ مواضعات کی ہزاروں کنال اراضی سیراب ہوتی ہے، تاہم مبینہ کرپشن کے باعث اس سال زمینیں کاشت نہ ہو سکیں۔ اسی طرح سگائی گھ، شیخان گھ، چوہدری والا گھ، منجگئی گھ اور قلندر خیل بند (ویج نکلواڑہ) کی بحالی بھی متاثر ہونے سے وسیع زرعی رقبہ بنجر رہا۔

نوشہرہ، محکمہ الیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں چوکیداروں کی بھرتی کا عمل سکینڈ لائز ہو گیا

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) نوشہرہ کے محکمہ الیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میں چوکیداروں کی بھرتی کا عمل ایسے سنگین مالی سکینڈل کی زد میں آنے سے غریب اور بیروزگار نوجوانوں کے معاشی استحصال سے متعلق کئی سوالات کھڑے ہو گئے۔ میڈیا کو موصول ہونے والے اشتہار نے مبینہ لوٹ مار کے منصوبے کو بے نقاب کر دیا۔ اشتہار میں درج شرائط کے مطابق، چوکیدار کی نوکری کے خواہشمند غریب نوجوانوں پر یہ لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ مخصوص فنجی لیبارٹریز، مثلاً چغتائی یا شوکت خانم سے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ حاصل کریں، جبکہ ماہرینِ قانون اور مروجہ ضابطہ قواعد واضح کرتے ہیں کہ کسی بھی سرکاری ملازمت کے لیے میڈیکل چیک اپ صرف آفریلیٹر کے اجرا کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سے کروایا جاتا ہے جس کی فیس محض برائے نام ہوتی ہے۔ تاہم اس کیس میں مبینہ طور پر شارٹ لسٹنگ سے قبل ہی ہزاروں امیدواروں کو مہنگی نجی لیبارٹریوں کی راہ دکھا کر نجی اداروں کو فائدہ پہنچانے کا راستہ ہموار کیا گیا ہے، جس کے پیچھے محکمہ تعلیم کے چند افسران اور نجی لیبارٹری مالکان کے درمیان مبینہ گٹھ جوڑ کا شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ابتدائی تخمینوں کے مطابق، اگر ضلع بھر سے ہزاروں امیدواران لیبارٹریز کا رخ کرتے ہیں تو فی کس 8 ہزار روپے کے حساب سے یہ مجموعی رقم کروڑوں میں بنتی ہے، جسے عوامی حلقوں میں غریب کش سکینڈل قرار دیا جا رہا ہے کیونکہ چوکیدار کی نوکری کے لیے اپلائی کرنے والے بیشتر نوجوان پہلے ہی خطِ غربت سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے متاثرہ امیدواروں نے دہائی دی ہے کہ وہ پہلے ہی بے روزگار ہیں، مگر یہاں نوکری ملنے کی ضمانت کے بغیر ہی ان سے بھاری رقوم ہتھیا لی گئی ہیں جو کہ سراسر ناانصافی ہے، یہاں تک کہ کئی امیدواروں نے یہ رقم ادھار لے کر ادا کی ہے تاکہ ان کی درخواستیں محض اس تکنیکی بنیاد پر مسترد نہ کر دی جائیں۔ اس دستاویزی ثبوت کی روشنی میں نوشہرہ کے عوامی اور سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے مطالبہ کیا ہے کہ اس مبینہ "میڈیکل اسکینڈل" کی فوری اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور غریبوں کا استحصال کرنے والے ذمہ داروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

تیمرگرہ، شاہین ماڈل سکول کے پرنسپل وماہر تعلیم فرمان الدین یم والدین وتقسیم انعامات تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایگناسٹک شیئرز نوٹیفکیشن میں تاخیر

ملاکنڈ ڈویژن میں ہڑتال کا اعلان

تیمرگرہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈایگناسٹک شیئرز نوٹیفکیشن میں تاخیر، ملاکنڈ ڈویژن میں ہڑتال کا اعلان واضح عدالتی احکامات کے باوجود ڈایگناسٹک شیئرز کی نوٹیفکیشن جاری نہ کرنے کے خلاف صوبہ بھر میں ڈویژن وائز ہڑتال جاری ہے، جس کے تحت 13 اور 14 اپریل کو ملاکنڈ ڈویژن میں بھی مکمل ہڑتال کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن دیر لوئر کے صدر مطیع اللہ کے مطابق دو روزہ ہڑتال کے دوران ملاکنڈ ڈویژن کے تمام ہسپتالوں میں ڈایگناسٹک سروسز معطل رہیں گی، تاہم ایمرجنسی سروسز بدستور جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے جلد از جلد مطالبات تسلیم نہ کیے تو آئندہ کے لائحہ عمل میں مزید سختی لائی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام پر عائد ہوگی۔

پاکستان مسلم لیگ (ن) کی موثر پالیسیوں کے باعث ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے، فاروق اقبال

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، مقررین کا تقریب سے خطاب

تیمرگرہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لوئر دیر کے زیر اہتمام ایران اور امریکہ کے درمیان عارضی جنگ بندی اور سفارتی سطح پر پیش رفت کی خوشی میں ہفتہ کے روز یوم تشکر منایا گیا۔ اس سلسلے میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی صدر ملک فاروق اقبال نے پاکستانی عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی موثر پالیسیوں کے باعث ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ امر باعثِ فخر ہے کہ دو عالمی قوتوں کے درمیان مذاکرات جاری ہیں اور پاکستان کا سفارتی کردار دنیا بھر میں تسلیم کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سبز پاسپورٹ کی قدر و منزلت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ ملک فاروق اقبال نے صوبائی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایسی قیادت مسلط ہے جس نے صوبے کو مسائل کی دلدل میں دھکیل دیا ہے، جبکہ پنجاب میں تعلیم، صحت اور عام آدمی کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ تقریب سے پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی نائب صدر محمد ایوب اور فوکل پرسن سنٹرل حکومت و کوارڈینیٹر وزیر اعظم یوتھ پروگرام ملک نعمان سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں محمد ایوب کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت کے مؤثر کردار کے باعث آج عالمی توجہ اسلام آباد پر مرکوز ہے۔ مقررین نے وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

تیمرگرہ، پاکستان مسلم لیگ نون کے قائدین ملک فاروق اقبال، محمد ایوب اور ملک نعمان یوم تشکر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مردان کے اہم فون نمبرات

ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	0937-9230147
کمشنر مردان ڈویژن	0937-9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	0937-9230048
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	0937-9230051
ڈی آئی جی مردان	0937-9230112
ڈی پی او مردان دفتر	0937-9230109
ایس پی آپریشن مردان	0937-9230117
ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	0937-9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	0937-9230108
تھانہ سٹی:	0937-9230125
تھانہ ہوتی:	0937-9230244
تھانہ پارہوتی:	0937-561245
تھانہ صدر:	0937-9230130
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن:	0937-868235
تھانہ شہباز گڑھی:	0937-580172
تھانہ رستم:	0937-800124
تھانہ طورو:	0937-860320
تھانہ چورہ:	0937-775981
تھانہ جبر:	0937-542112
تھانہ تخت بھائی:	0937-551001
تھانہ کاٹلنگ:	0937-575302
ساڑ وشاہ:	0937-503001
تھانہ گڑھی کپورہ:	0937-846113
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	0937-9230065
پاسپورٹ دفتر مردان	0937-9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	0937-880019
ہیلپ لائن:	1199
ریسکیو مردان:	0937-9230770=1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	0937-9230261
سنٹرل جیل مردان:	0937-840625
ایف آئی اے تھانہ:	0937-9230077

محکمہ تعلیم مردان

ڈی ای او مردانہ:	0937-920151
ڈی ای او زنانہ:	0937-9230150
مردان کالج:	0937-9230033
کامرس کالج مردان:	0937-9230220
فضل حق کالج مردان	0937-9230070=9230084
جنرل پوسٹ آفس مردان	0937-9230031
ایکسائز دفتر مردان	0937-9230258
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	0937-9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	0937-9230155
محکمہ خوراک مردان:	0937-9230225
ٹی ایم اے دفتر:	0937-9230104
مردان بورڈ	0937-9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	0937-9230218

ستاروں کی دنیا

بچپن میں رومانوی فلمیں دیکھنے کی اجازت نہیں تھی، عامر خان

قدامت پسند گھرانے میں پلا بڑھا ہوں جہاں فلمیں بالخصوص رومانوی فلمیں دیکھنے پر سخت پابندی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے کہا ہے کہ میں ایک قدامت پسند گھرانے میں پلا بڑھا ہوں، بچپن میں رومانوی فلمیں دیکھنے کی اجازت نہیں تھی۔ عامر خان نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ وہ فلمیں بہت کم دیکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بچپن سے ہی وہ زیادہ تر مطالعہ کے شوقین رہے ہیں اور ایک قدامت پسند گھرانے میں پلے بڑھے ہیں جہاں فلمیں بالخصوص رومانوی فلمیں دیکھنے پر سخت پابندی تھی۔ اداکار نے کہا کہ بچپن میں وہ صرف دوردرشن پر آنے والی پرانی بلیک اینڈ وائٹ فلمیں دیکھتے تھے، ان کے والدین فلمیں دیکھنے کے معاملے میں سخت تھے اور رومانوی فلموں کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ بالی ووڈ سپر اسٹار کا کہنا تھا کہ ہفتے اور اتوار کو وہ پرانی فلمیں دیکھتے تھے، جن میں اشوک کمار اور دلیپ کمار کی فلمیں شامل تھیں۔ عامر نے اعتراف کیا کہ آج بھی وہ فلمیں بہت کم دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا، میں فلمیں بناتا ہوں، لیکن دیکھتا بہت کم ہوں۔

اے آئی کا گندا کھیل بے نقاب ! سابق شوہر پر اداکارہ کی فحش تصاویر پھیلانے کا الزام

برلن (این این آئی) جرمن استغاثہ حکام نے کہا ہے کہ انہوں نے ایک معروف ٹی وی شخصیت کے سابق شوہر کے خلاف تحقیقات دوبارہ شروع کر دی ہیں، اس الزام کے بعد کہ اس نے اس کی مصنوعی ذہانت (AI) سے تیار کردہ فحش تصاویر پھیلائیں، جس پر ملک بھر میں شدید ردعمل سامنے آیا۔ 44 سالہ کولین فرنانڈس کے الزامات نے انٹرنیٹ پر بڑھتے ہوئے ڈیجیٹل تشدد کے مسئلے پر شدید میڈیا بحث چھیڑ دی ہے، جو زیادہ تر خواتین کے خلاف کیا جاتا ہے۔ ہفت روزہ جریدے ڈیر اشپیگل نے گزشتہ ہفتے اس معاملے کی رپورٹ دی، جس میں فرنانڈس نے بتایا کہ وہ اس وقت شدید صدمے میں آ گئیں۔

علیزے شاہ نے کھل کر عینا آصف کی حمایت کا اظہار کر دیا

اداکارہ نے عینا آصف کا ویڈیو کلپ اپنے انسٹاگرام پر شیئر کر کے انکی جرات کو سراہا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف ٹی وی اداکارہ علیزے شاہ نے نوجوان اداکارہ عینا آصف کے حق میں کھل کر حمایت کا اظہار کر دیا۔ علیزے شاہ نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر عینا آصف کا ایک ویڈیو کلپ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں بعض سینئر فنکار نئے یا کم تجربہ کار اداکاروں کو وہ اہمیت نہیں دیتے جس کے وہ حقدار ہوتے ہیں بلکہ بعض اوقات انہیں نیچا دکھانے کی بھی کوشش کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عینا آصف اپنی نسل کی بہترین اداکاراؤں میں شامل ہیں اور غیر معمولی جذباتی ذہانت رکھتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کم عمر لڑکیوں کے ساتھ اس طرح کے رویے اکثر دیکھنے میں آتے ہیں، خاص طور پر ان کے ساتھ جو شوبز کے پس منظر سے تعلق نہیں رکھتیں۔ علیزے شاہ نے عینا آصف پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمت کے ساتھ اپنے تجربات سب کے سامنے رکھے۔ یاد رہے کہ عینا آصف نے حال ہی میں ایک پروگرام میں سینئر اداکاروں کے رویے سے متعلق بات کرتے ہوئے انکشاف کیا تھا کہ بعض مواقع پر انہیں نظر انداز کیا جاتا ہے یا طنز کا نشانہ بنایا جاتا ہے، جس پر سوشل میڈیا پر بھی بحث چھڑ گئی۔ علیزے شاہ نے نوجوان اداکارہ کو اپنی مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ اس طرح کھل کر بات کرنا دیگر نوجوان فنکاروں کے لیے بھی حوصلہ افزا مثال ہے تاکہ وہ اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھا سکیں۔

بالی ووڈ کی معروف اداکارہ سونم کپور کے ہاں دوسرے بیٹے کی پیدائش

سونم کپور نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کے ذریعے مداحوں کو اپنے گھر میں ننھے مہمان کی آمد کی خوشخبری سنادی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ سونم کپور کے ہاں دوسرے بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ سونم کپور نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کے ذریعے مداحوں کو اپنے گھر میں ننھے مہمان کی آمد کی خوشخبری سنادی۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ ہمیں آج 29 مارچ 2026 کو اپنے بیٹے کی پیدائش کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی ہو رہی ہے۔ اداکارہ نے لکھا ہے کہ ہماری فیملی بڑی ہو گئی ہے اور بیٹے کی آمد سے ہمارے دل بھی خوبصورت انداز میں بڑے ہو گئے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ وایو اپنے چھوٹے بھائی کا استقبال کرنے پر بہت خوش ہے اور ہم اس قیمتی نئی زندگی کی آمد سے بہت خوش ہیں جس نے ہمارے گھر کو خوشی اور وقار سے بھر دیا ہے۔ سونم کپور نے لکھا ہے کہ ہم اس نئے خوبصورت باب کے آغاز پر شکر گزار ہیں۔ واضح رہے کہ سونم کپور نے آنند آہوجا کے ساتھ مئی 2018 میں شادی کی تھی، اگست 2022 میں ان کے ہاں پہلے بچے کی پیدائش ہوئی تھی، جوڑی نے اپنے پہلے بیٹے کا نام وایو رکھا تھا۔

''دھرندھر 2'' کو پروپیگنڈا کہنے پر انیت پڈا کی بہن سخت تنقید کی زد میں آگئی، مداح آگ بگولہ

ممبئی (این این آئی) فلم دھرندھر 2 کو پروپیگنڈا قرار دینے کے بعد ریت پڈا نامی سوشل میڈیا صارف کو نہ صرف سخت تنقید کا سامنا ہے بلکہ انہیں اپنے سوشل اکاؤنٹس بھی بند کرنا پڑے۔ ریت پڈا بھارتی اداکارہ انیت پڈا کی بہن ہیں جو اس وقت سوشل میڈیا پر موضوع بحث بنی ہوئی ہیں۔ آن لائن شدید ٹرولنگ اور ردعمل کے بعد انہوں نے نہ صرف اپنا انسٹاگرام اکاؤنٹ بلکہ لنکڈ ان پروفائل بھی ڈیلیٹ کر دیا۔ تنازع اس وقت شروع ہوا جب ریت پڈا نے انسٹاگرام پر ایک صارف کو جواب دیتے ہوئے فلم دھرندھر 2 کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کیا۔ ان کے تبصرے کے اسکرین شاٹس تیزی سے وائرل ہو گئے۔

بھارتی اداکار راہول بینرجی شوٹنگ کے دوران سمندر میں ڈوب کر ہلاک

راہول بینر جی کے پسماندگان میں ان کی اہلیہ پریانکا سرکار اور ایک بیٹا شامل ہیں

ممبئی (این این آئی) بنگالی ٹیلی ویژن انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے نامور اداکار راہول ارودوے بنرجی ایک سیریل کی شوٹنگ کے دوران سمندر میں ڈوبنے کر جان کی بازی ہار گئے۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب اداکار راہول ارودوے بنرجی تمساری میں اپنے شو بھولے بابا پار کرے گا کی شوٹنگ کر رہے تھے۔ شوٹنگ کا ایک حصہ مکمل کرنے کے بعد وہ پانی میں اترے تاہم جب وہ کافی دیر تک واپس نہ آئے تو عملے کے ارکان فکر مند ہوئے۔ بعد ازاں ٹیکنیشنز نے انہیں پانی سے نکال کر ریسکیو کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ انہیں فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا لیکن وہ وہاں پہنچنے سے پہلے ہی دم توڑ چکے تھے۔ اداکار بھاسکر بنرجی نے اس شو میں راہول ارودوے بنرجی کے چچا کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے اس المناک واقعے کی تصدیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی موت ڈوبنے کی وجہ سے ہوئی، یہ ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہے جو پیک اپ کے بعد پیش آیا تاہم یہ سب کچھ کیسے ہوا یہ اب بھی واضح نہیں ہے۔

میرے پاس تم ہو کی سپر ہٹ کامیابی پر گھبرا گئے تھے ریشم کا انکشاف

لاہور (آئی این پی) معروف اداکارہ ریشم نے انکشاف کیا ہے کہ ہمایوں سعید اپنے ڈرامے میرے پاس تم ہو کی شاندار کامیابی پر گھبرا گئے تھے۔ اداکارہ ریشم نے حال ہی میں اپنے تجربے کا ذکر کیا اور بتایا کہ ڈرامہ سیریل میرے پاس تم ہو کی کامیابی کے بعد وہ ہمایوں سعید سے ملیں تو کیا ہوا۔ ریشم نے کہا کہ جب ہمایوں سعید نے میرے پاس تم ہو کی آخری قسط کے بعد لاہور کا دورہ کیا تو کئی لوگوں نے انہیں اپنے گھروں میں مدعو کیا، میں نے کہا کہ ہمایوں اگر آپ میری عزت کرتے ہیں تو آپ کو میرے گھر آنا ہوگا، کیونکہ میری بھانجی آپ سے ملنا چاہتی ہے، وہ آپ کی بڑی مداح ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہمایوں سعید آئے، انہوں نے بھانجی کو گلے لگایا اور پیار کیا، جس پر میری بھانجی خوشی سے جھوم اٹھی، وہ بہت عاجز اور شائستہ تھے۔

فضا علی کی شوہر و بیٹی کیساتھ ویڈیو وائرل ہونے پر نئی بحث چھڑ گئی

فضا علی کے شوہر کی خاموشی دیکھ کر زیادہ تر سوشل میڈیا صارفین مختلف کمنٹس کر رہے ہیں

لاہور (آئی این پی) معروف میزبان و اداکارہ فضا علی کی شوہر اور بیٹی کے ساتھ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد ایک نئی بحث چھڑ گئی۔ فضا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے شوہر اور بیٹی کے ساتھ ایک نئی ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو کے بیک گراؤنڈ میں مشہور ڈرامہ سیریل میری زندگی ہے تو کا او ایس ٹی سنا جا سکتا ہے جب کہ اداکارہ اور ان کی بیٹی گانے کی لپ سنکنگ کرتی ہوئی نظر آ رہی ہیں۔ فضا علی نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ الحمدللہ! میری دنیا میری بیٹی ہے اور میرا سکون میرا ہمسفر ہے۔ انہوں نے کیپشن میں مزید لکھا کہ گھر اب اور بھی زیادہ خوبصورت لگتا ہے۔ اداکارہ کی جانب سے شیئر کی گئی یہ ویڈیو کچھ ہی لمحات میں سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ویڈیو میں فضا علی کے شوہر کی خاموشی دیکھ کر زیادہ تر سوشل میڈیا صارفین مختلف کمنٹس کر رہے ہیں۔

میرا اور شان کی فلم ''سائیکو'' عیدالاضحیٰ پر ریلیز کی جائے گی

فلم میں میرا اور شان شاہد کے علاوہ سونیا حسین بھی ایک اہم کردار کر رہی ہیں، لیڈ کردار میرا اور شان ادا کر رہے ہے

لاہور (این این آئی) لالی ووڈ فلم ''سائیکو'' کا ٹریلر لانچ کر دیا گیا۔ اس فلم میں اداکارہ میرا اور شان نے مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ شان شاہد نے اس فلم کی ہدایات بھی دی ہیں جس میں میرا ایک مشکل کردار میں جلوہ گر ہو رہی ہیں۔ فلم میں میرا اور شان شاہد کے علاوہ سونیا حسین بھی ایک اہم کردار کر رہی ہیں فلم کو عیدالاضحیٰ پر ریلیز کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ فلم ''سائیکو'' کے پروڈیوسر سلمان بٹ ہیں اور اسے ریڈلپ اسٹک کے بینر تلے پروڈیوس کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لالی ووڈ فلم ''سائیکو'' کا ٹریلر لانچ کر دیا گیا۔ اس فلم میں اداکارہ میرا اور شان نے مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ شان شاہد نے اس فلم کی ہدایات بھی دی ہیں، جس میں میرا ایک مشکل کردار میں جلوہ گر ہو رہی ہیں۔ فلم میں میرا اور شان شاہد کے علاوہ سونیا حسین بھی ایک اہم کردار کر رہی ہیں واضح رہے کہ فلم ''سائیکو'' کے پروڈیوسر سلمان بٹ ہیں اور اسے ریڈلپ اسٹک کے بینر تلے پروڈیوس کیا گیا ہے۔

آسکر ایوارڈز 2029 میں تقریب کے مقام اور نشریاتی نظام میں نمایاں تبدیلیاں متوقع

لاس اینجلس (این این آئی) فلمی دنیا کے سب سے بڑے ایوارڈ آسکر ایوارڈز ایک نئے دور میں داخل ہونے جا رہے ہیں، جہاں 2029 سے تقریب کے مقام اور نشریاتی نظام میں نمایاں تبدیلیاں متوقع ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کئی برسوں سے یہ تقریب ڈولبی تھیٹر، لاس اینجلس میں منعقد ہوتی رہی ہے، تاہم 2029 میں اسے شہر کے ڈاؤن ٹاؤن میں واقع ایل اے لائیو منتقل کر دیا جائے گا، جو ایک وسیع اور جدید مقام ہے۔ نئی جگہ پر ریڈ کارپٹ، مرکزی اسٹیج، میڈیا کوریج اور آفٹر پارٹیز سب ایک ہی مقام پر منعقد کی جا سکیں گی، جس سے تقریب کو زیادہ منظم اور شاندار بنانے میں مدد ملے گی جس تھیٹر میں تقریب منعقد ہوگی

کھیل کھلاڑی

لاہور قلندرز کے فخر زمان کو لیول تھری جرم پر چارج کر دیا گیا

فخر زمان نے پی ایس ایل کی پلیئنگ کنڈیشنز کے آرٹیکل کی خلاف ورزی کی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) الیون کے چھٹے میچ میں کراچی کنگز کے خلاف بال سے چھیڑ چھاڑ کرنے پر لاہور قلندرز کے فخر زمان کو لیول تھری افینس پر چارج کر دیا گیا اس سلسلے میں پاکستان کرکٹ بورڈ نے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزیوں پر اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ فخر زمان نے پی ایس ایل کی پلیئنگ کنڈیشنز کے آرٹیکل کی خلاف ورزی کی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق یہ خلاف ورزی گیند کی حالت خراب کرنے کے حوالے سے ہے۔ میچ ریفری روشن ماہنامہ نے ڈسپلنری سماعت کی جس میں فخر زمان نے اپنے اوپر لگنے والے چارج سے انکار کیا۔ فخر زمان کے کیس کی مزید سماعت اگلے 48 گھنٹوں میں ہوگی جس کے بعد میچ ریفری فیصلہ سنائیں گے۔ پی سی بی کے مطابق کراچی کنگز کے فاسٹ بالر حسن علی کو جرمانہ کر دیا گیا ہے، حسن علی کو کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا۔ حسن علی نے میچ ریفری کے سامنے اپنی غلطی تسلیم کرلی جس پر میچ ریفری نے ان پر میچ فیس کا دس فیصد جرمانہ کیا۔ واضح رہے کہ یہ واقعہ لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کے میچ کی دوسری اننگز کے دوران پیش آیا، بال سے چھیڑ چھاڑ کرنے پر لاہور قلندرز کو پانچ رنز کی پینلٹی بھی پڑی۔

پی ایس ایل 11، سہیل تنویر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بولنگ کوچ مقرر

این او سی منسوخ ہونے کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے سرفراز اور وہاب کو اسکواڈ سے ریلیز کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے سابق فاسٹ بولر سہیل تنویر کو نیا بولنگ کوچ مقرر کر دیا۔ سہیل تنویر کو وہاب ریاض کی جگہ بولنگ کوچ مقرر کیا گیا ہے (آج) منگل کو جوائن کریں گے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے منیجر اعظم خان نے کہا کہ سہیل تنویر کی موجودگی ٹیم کے بولرز کے لیے سیکھنے کا اچھا موقع ہوگی۔ قبل ازیں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے وہاب ریاض کو بولنگ کوچ مقرر کیا تھا تاہم پی سی بی نے ویمن سیٹ اپ سے وابستگی کی بنیاد پر ان کا این او سی منسوخ کر دیا تھا۔ وہاب ریاض کے ساتھ ٹیم ڈائریکٹر سرفراز احمد کا بھی این او سی منسوخ ہوا تھا۔ این او سی منسوخ ہونے کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے سرفراز اور وہاب کو اسکواڈ سے ریلیز کر دیا ہے۔

ہاردک پانڈیا نے گرل فرینڈ کو قیمتی گاڑی مرسڈیز تحفے میں دے دی

ہاردک پانڈیا کے پاس کئی مہنگی گاڑیاں ہیں جن میں رولز رائس، لیمبور گینی و دیگر شامل

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ہاردک پانڈیا نے اپنی گرل فرینڈ مہکا شرما کو قیمتی مرسڈیز گاڑی تحفے میں دے دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہاردک پانڈیا نے مہکا شرما کو مرسڈیز بینز جی کلاس گاڑی تحفے میں دی جس کی قیمت تقریباً 1.7 کروڑ بھارتی روپے بتائی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصاویر میں دونوں کو شوروم میں نئی گاڑی وصول کرتے دیکھا جا سکتا ہے، جس کے بعد یہ خبر تیزی سے پھیلنے لگی۔ رپورٹ کے مطابق یہ خبر ایسے وقت میں سامنے آئی جب ہاردک پانڈیا انڈین پریمیئر لیگ میں ممبئی انڈینز کی قیادت کے لیے میدان میں اترنے والے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق ہاردک پانڈیا لگژری گاڑیوں کے شوقین ہیں اور ان کے پاس پہلے ہی کئی مہنگی گاڑیاں موجود ہیں جن میں رولز رائس، لیمبورگینی اور آڈی جیسے برانڈز کی گاڑیاں شامل ہیں جبکہ حال ہی میں انہوں نے ایک مہنگی فیراری بھی خریدی تھی۔ واضح رہے کہ ہاردک پانڈیا اور مہکا شرما گزشتہ کچھ عرصے سے اپنی دوستی اور مشترکہ عوامی تقریبات کے باعث خبروں میں ہیں۔

آرینا سبالینکا نے دوسری بار میامی اوپن ٹائٹل اپنے نام کر لیا

فتح کے ساتھ سبالینکا نے نہ صرف اپنا ٹائٹل برقرار رکھا بلکہ سن شائن ڈبل کا اعزاز بھی حاصل کر لیا

میامی (این این آئی) عالمی نمبر ایک ٹینس اسٹار آرینا سبالینکا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوکو گوف کو شکست دے کر مسلسل دوسری بار میامی اوپن ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میامی میں کھیلے گئے ویمنز سنگلز فائنل میں آرینا سبالینکا نے کوکو گوف کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 6-2، 4-6 اور 6-3 سے شکست دی۔ میچ کے آغاز میں سبالینکا نے بھرپور کھیل پیش کرتے ہوئے پہلا سیٹ آسانی سے جیت لیا، تاہم امریکی اسٹار کوکو گوف نے دوسرے سیٹ میں زبردست واپسی کرتے ہوئے مقابلہ برابر کر دیا۔ فیصلہ کن تیسرے سیٹ میں بیلاروس کی کھلاڑی نے ایک بار پھر کنٹرول حاصل کیا اور کامیابی سمیٹ لی۔ اس فتح کے ساتھ سبالینکا نے نہ صرف اپنا ٹائٹل برقرار رکھا بلکہ سن شائن ڈبل کا اعزاز بھی حاصل کر لیا جس میں ایک ہی سیزن میں انڈین ویلز اوپن اور میامی اوپن جیتنا شامل ہے۔ یہ کارنامہ انجام دینے کے بعد وہ تاریخ کی چند منتخب کھلاڑیوں میں شامل ہو گئی ہیں جبکہ یہ ان کا مسلسل دوسرا میامی اوپن ٹائٹل بھی ہے۔ دوسری جانب کوکو گوف نے شاندار مقابلہ کیا تاہم وہ اپنے ہوم گراؤنڈ پر ٹائٹل جیتنے میں ناکام رہیں۔ یہ کارنامہ انجام دینے کے بعد وہ تاریخ کی چند منتخب کھلاڑیوں میں شامل ہو گئی ہیں جبکہ یہ ان کا مسلسل دوسرا میامی اوپن ٹائٹل بھی ہے۔

پی ایس ایل، لاہور قلندرز پر سیکیورٹی پروٹوکول کی سنگین خلاف ورزی کا الزام

میں پانچ سالوں سے پی ایس ایل کا حصہ ہوں، اب اگر نئے پروٹوکول بنے ہیں تو اس سے ہم لاعلم تھے، سکندر رضا

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن میں دفاعی چیمپئن لاہور قلندرز کی ٹیم ایک نئے تنازعے کی زد میں آ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب پولیس نے لاہور قلندرز کی ٹیم پر سیکیورٹی پروٹوکول کی سنگین خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے۔ پولیس کی جانب سے لکھے گئے ایک خط کے مطابق ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی اور ایک غیر ملکی کھلاڑی سکندر رضا نے مبینہ طور پر ہدایات کو نظر انداز کرتے ہوئے چار غیر مجاز افراد کو ہوٹل کے اس فلور تک پہنچایا جہاں ٹیم قیام پذیر تھی۔ خط میں بتایا گیا کہ یہ افراد ایک کھلاڑی کے کمرے میں تقریباً تین گھنٹے تک موجود رہے۔ رپورٹ کے مطابق پہلے ٹیم کے لائژن افسر نے متعلقہ حکام سے ان افراد کو داخلے کی اجازت دینے کی درخواست کی، تاہم سیکیورٹی وجوہات کی بنیاد پر اسے مسترد کر دیا گیا۔ بعد ازاں فرنچائز کی انتظامیہ کی جانب سے بھی اجازت لینے کی کوشش کی گئی لیکن وہ بھی ناکام رہی۔ اس کے باوجود مبینہ طور پر کھلاڑیوں نے سیکیورٹی عملے کی مزاحمت کے باوجود مہمانوں کو اندر لے جانے میں کامیابی حاصل کی۔ پولیس نے اس عمل کو سیکیورٹی پروٹوکول کی کھلی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے سخت تشویش کا اظہار کیا ہے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب ٹیم انتظامیہ کے مطابق معاملے پر لیگ حکام سے رابطہ جاری ہے اور جلد وضاحت پیش کی جائے گی۔ سکندر رضا نے میچ کے بعد گفتگو میں سکندر رضا نے کہا کہ شاہین نے کوئی من مانی نہیں کی۔

کرکٹ آسٹریلیا نے کیمرون گرین کو آئی پی ایل میں بولنگ سے منع کر دیا

مہنگے ترین کرکٹر کے بولنگ نہ کرانے پر بھارتی میڈیا میں سوالات اٹھائے جانے لگے

سڈنی (این این آئی) آئی پی ایل کے مہنگے ترین غیر ملکی کھلاڑی آسٹریلوی آل راؤنڈر کیمرون گرین کو بولنگ سے روک دیا گیا۔ کرکٹ آسٹریلیا نے کیمرون گرین کو آئی پی ایل میں بولنگ سے منع کیا ہے۔ مہنگے ترین کرکٹر کے بولنگ نہ کرانے پر بھارتی میڈیا میں سوالات اٹھائے جانے لگے۔ آسٹریلوی آل راؤنڈر کیمرون گرین کو 25.20 کروڑ بھارتی روپے میں کے کے آر نے لیا تھا، کیمرون گرین آئی پی ایل کے مجموعی طور پر تیسرے جبکہ مہنگے ترین اوورسیز پلیئر ہیں۔ کیمرون گرین نے کے کے آر کی طرف سے ممبئی انڈینز کے خلاف میچ میں بولنگ نہیں کی، ہائی اسکورنگ میچ میں کے کے آر کو شکست ہوئی تو ہر کسی نے کیمرون گرین کی بولنگ سے غیر حاضری کو نوٹ کیا۔ کیمرون گرین نے کے کے آر کی طرف سے ممبئی انڈینز کے خلاف میچ میں بولنگ نہیں کی، ہائی اسکورنگ میچ میں کے کے آر کو شکست ہوئی تو ہر کسی نے کیمرون گرین کی بولنگ سے غیر حاضری کو نوٹ کیا۔ کے کے آر کے کپتان اجنکیا رہانے نے کیمرون گرین کے حوالے سے سوال پر کہا کہ کرکٹ آسٹریلیا سے پوچھیں اس حوالے سے کرکٹ آسٹریلیا کے ترجمان کا کہنا ہے کہ کیمرون گرین کو مختصر وقت کے لیے بولنگ سے روکا گیا ہے، کمر کے نچلے حصے کی انجری کی احتیاط کے لیے بولنگ سے روکا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کے کے آر کو اس حوالے سے باقاعدہ طور پر بتا دیا گیا تھا، کیمرون گرین بھارت میں بولنگ لوڈ کا خیال رکھ رہے ہیں، 10 سے 12 روز میں بولنگ میں واپسی ہوسکتی ہے۔

کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی، کراچی کنگز کے حسن علی پر جرمانہ عائد

حسن علی نے میچ ریفری کے سامنے اپنی غلطی تسلیم کرلی، میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ کیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے کراچی کنگز کے فاسٹ بولر حسن علی پر جرمانہ عائد کر دیا۔ پی سی بی کے مطابق حسن علی کو کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا۔ حسن علی نے میچ ریفری کے سامنے اپنی غلطی تسلیم کرلی، میچ ریفری نے ان پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ کیا۔ پی سی بی کے مطابق حسن علی نے کوڈ آف کنڈکٹ کی لیول ون کے آرٹیکل 2.5 کی خلاف ورزی کی۔ یہ خلاف ورزی میچ میں آؤٹ کرنے کے بعد اکسانے کے لیے زبان استعمال کرنے، ایکشن اور نامناسب اشارے کرنے کے حوالے سے ہے۔ واضح رہے کہ کراچی کنگز کے حسن علی نے 19 ویں اوور میں لاہور قلندرز کے حبیب اللہ کو آؤٹ کرنے کے بعد کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کی تھی۔ یہ خلاف ورزی میچ میں آؤٹ کرنے کے بعد اکسانے کے لیے زبان استعمال کرنے، ایکشن اور نامناسب اشارے کرنے کے حوالے سے ہے۔

آئی سی سی کا سوشل میڈیا جے شاہ کی ذاتی تشہیر کیلئے استعمال ہونے لگا، غیر متعلقہ پوسٹ کی گئی

نئی دہلی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس جے شاہ کی ذاتی تشہیر کیلئے استعمال ہونے لگے۔ آئی سی سی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر جے شاہ کے حوالے سے کرکٹ سے غیر متعلقہ پوسٹ کی گئی جس کے ذریعے کرکٹ شائقین کو ان کے طاقتور بھارتیوں کی فہرست میں شمولیت کا بتایا گیا۔ سوشل میڈیا صارفین نے آئی سی سی اکاؤنٹ سے چیئرمین جے شاہ کی ذاتی تشہیر پر ردعمل سامنے آیا ہے، جس میں اس عمل پر شدید تنقید کی گئی ہے۔

کس نے بال کی حالت تبدیل کی کچھ نہیں کہہ سکتا، سکندر رضا

کراچی کنگز کے خلاف میچ میں ہمارے رنز کم تھے ٹارگٹ اچھا دے سکتے تھے، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیم لاہور قلندرز کے آل راؤنڈر سکندر رضا نے کہا ہے کہ میں نے بال کی حالت تبدیل نہیں کی، کس نے بال کی حالت تبدیل کی کچھ نہیں کہہ سکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سکندر رضا نے کہا کہ مینجمنٹ پی سی بی کے ساتھ رابطے میں ہے، کراچی کنگز کے خلاف میچ میں ہمارے رنز کم تھے ٹارگٹ اچھا دے سکتے تھے۔ مینجمنٹ پی سی بی کے ساتھ رابطے میں ہے، کراچی کنگز کے خلاف میچ میں ہمارے رنز کم تھے ٹارگٹ اچھا دے سکتے تھے۔ خیال رہے کہ کراچی کنگز کے خلاف بال سے چھیڑ چھاڑ کرنے پر لاہور قلندرز کو پانچ رنز کی پنالٹی پڑ گئی۔ بال کی حالت تبدیل کرنے پر امپائرز نے گیند تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا، امپائرز گیند کی حالت تبدیل کرنے سے متعلق اب میچ ریفری روشن ماہنامہ کو رپورٹ کریں گے۔ روشن ماہنامہ کپتان شاہین آفریدی کو طلب کر کے سماعت کریں گے، میچ میں فیلڈ امپائرز فیصل آفریدی اور شرف الدولہ تھے۔

شاہین اور سکندر رضا روکنے کے باوجود 4 مہمانوں کو سکندر کے کمرے میں لے گئے، ڈی آئی جی کا پی سی بی انتظامیہ کو مراسلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے میچوں کے دوران لاہور قلندرز کے کپتان شاہین آفریدی اور کھلاڑی سکندر رضا پر مبینہ طور پر سیکیورٹی حصار توڑنے کا الزام لگا دیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ایل اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے نام مراسلے میں لکھا کہ 28 مارچ کی رات 10:35 پر لاہور قلندرز کے لائژن آفیسر منیجر سیکیورٹی اینڈ اینٹی کرپشن پی سی بی لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ اختر حسین سے کھلاڑی سکندر رضا کے 4 رشتہ داروں کو ان کے کمرے میں جانے کی اجازت دینے کی درخواست کی جو سیکیورٹی پروٹوکولز کے مطابق مسترد کر دی گئی۔ مراسلے میں کہا گیا کہ اسی وقت لاہور قلندرز کی انتظامیہ نے چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ایل سلمان نصیر سے رابطہ کیا، سلمان نصیر نے بھی انکار کر دیا جس کے بعد رات 11 بج کر 5 منٹ پر لاہور قلندرز کے کپتان شاہین شاہ آفریدی اور کھلاڑی سکندر رضا نے سیکیورٹی اہلکاروں سے مزاحمت کی اور چاروں افراد کو ہوٹل کی 8 ویں منزل پر اپنے کمرے میں بلا لیا۔

بقیہ 1

ریسکیو اہلکاروں سے ملاقات کی ریسکیو اہلکاروں سے بات چیت اور ان کے خدمات کو سراہا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میت منتقلی سروس کے ریسکیو اہلکاروں کو رضائے الٰہی اور عوامی خدمت کے جذبے سے کام کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مریض کی وفات کی صورت میں سوگوار خاندان کی کونسلنگ اور دلاسہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی پیارے کے بچھڑنے کے دکھ کی گھڑی میں ہم ساتھ ہیں اور ساتھ رہیں گے۔ہسپتالوں میں مریض کی وفات کی صورت میں پرائیویٹ ٹرانسپورٹر کا منہ مانگے کرایے وصول کرنا افسوسناک ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ریسکیو اہلکاروں سے اپیل کرتی ہوں اگر کوئی میت منتقلی پر خود بھی پیسہ دے تو ہرگز نہ لیں۔میت منتقلی سروس اہلکاروں کو رضائے الٰہی کے لئے عوامی خدمت کے جذبے کے تحت کام کرنا چاہیے۔صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ میت منتقلی سروس کا آغاز، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا قابل تحسین اقدام ہے۔میت منتقلی سروس کے ذریعے عوام کو دکھ کی گھڑی میں شریک ہونا کا احساس دلانا چاہتے ہیں۔ لاہور، راولپنڈی اور ملتان میں فی الحال شہر کی حدتک میت منتقلی سروس شروع کی جارہی ہے۔ دوسرے شہروں میں میت منتقلی سروس کے لئے دوسرے فیز میں پرائیویٹ ایمبولینسز مہیا کریں گے۔ ڈی جی ریسکیو سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے میت منتقلی سروس کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ سرکاری ہسپتال سے گھر تک میت منتقلی سروس کے حصول کیلئے 1122 پر کال کی جائے۔سرکاری ہسپتال میں 24/7 تربیت یافتہ یونیفارم میں ملبوس ڈرائیور، میت منتقلی سروس کے لئے موجود ہوں گے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ ہر سرکاری ہسپتال میں میت منتقلی سروس کے لئے خصوصی ڈیسک بنایا جائیگا۔میت کو ہسپتال کے سردخانے میں بھی میت منتقلی سروس کے ذریعے منتقل کیا جائے سکے گا۔میت منتقلی سروس کی سمارٹ ریسکیو مینجمنٹ سروس اور ڈسپیچ سسٹم کے ذریعے نگرانی کی جائیگی۔

بقیہ 2

پختونخوا کے وفد نے ملاقات کی جس میں ینگ ڈاکٹرز کو درپیش مختلف پیشہ وارانہ اور انتظامی چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران وفد نے شعبہ صحت میں موجود مسائل خصوصاً سروس سٹرکچر اور دیگر پیشہ وارانہ امور کی جانب وزیر صحت کی توجہ مبذول کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل کے حل سے نہ صرف ڈاکٹرز کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔اس موقع پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے یقین دہانی کرائی کہ تمام جائز اور حل طلب مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ینگ ڈاکٹرز کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے اور ان مسائل کا حل بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے عملی اقدامات کے ذریعے مسائل کے پائیدار حل کو یقینی بنائے گی

بقیہ 3

قیادت پر اعتماد کا اظہار فخر کی بات ہے،صدر، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی سفارتی کاوشوں نے دنیا کو بڑی تباہی سے بچایا،آج پاکستان دنیا میں پرامن اور ذمہ دار ریاست کے طور پر ابھرا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سمیت پارٹی رہنماؤں اور ورکرز سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ایران اور امریکہ کی مستقل جنگ بندی کے لیے مذاکرات کی کاوشوں پر سول اور عسکری قیادت کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ممالک جو مذاکرات کے لیے تیار نہیں تھے انہیں مذاکرت کی میز پر لانا ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔پاکستان کو اللہ نے اس مقام پر پہنچا دیا ہے کہ آج پوری دنیا ہماری طرف دیکھ رہی ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ امریکہ اور ایران نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل پر اعتماد کا اظہار کرکے جنگ بندی کی ۔اُنہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل نے پاکستانی عوام کے سر فخر سے بلند کردیئے ہیں۔اس وقت پوری دنیا میں پاکستان کی عزت وقار میں اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے میں آمادگی ظاہر کررہے ہیں۔ ہمیں غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کر کے اپنی معیشت کو مضبوط بنانا ہے۔

بقیہ 4

خوشخبریوں کا وقت شروع ہو چکا ہے اور ملک ایک بڑی پرواز کے لیے تیار ہے، پاکستان اس وقت عالمی سطح پر ایک اہم مقام حاصل کر چکا ہے جہاں دنیا نہ صرف ہمارے کردار کو دیکھ رہی ہے بلکہ اسے تسلیم بھی کر رہی ہے۔اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد ٹاکس کے ذریعے پاکستان کو عالمی سطح پر جو پذیرائی ملی اور جس طرح عالمی قیادت نے پاکستان کی پیس میکنگ کی کوششوں پر گفتگو کی، وہ ہماری سفارتی کامیابی ہے۔ ہارورڈ جیسے معتبر عالمی ادارے میں ہونے والی کانفرنس میں پاکستان کی قیامِ امن کے لیے دی جانے والی قربانیوں کا اعتراف ملک کی سفارتی جیت ہے۔عظمیٰ بخاری نے بھارت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف خود کو سیکولر ریاست کہلوانے والے بھارت کا ناکام چہرہ سب کے سامنے ہے، جہاں مقبوضہ کشمیر اور دیگر اقلیتوں کے لیے زندگی تنگ کردی گئی ہے، جبکہ دوسری طرف پاکستان کا ایک روشن اور ترقی پسند چہرہ دنیا کے سامنے ابھر رہا ہے جو ہر پاکستانی کے لیے باعثِ فخر ہے۔صوبائی وزیر نے حکومتی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ جب ہمیں حکومت ملی تو ملک عالمی تنہائی کا شکار تھا،لیکن وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور پوری حکومتی ٹیم کی شبانہ روز محنت سے معیشت بہتری کی طرف گامزن ہے اور پالیسی سازی میں پاکستان کا کردار نمایاں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ پلانٹڈ عناصر نے ملک کے امیج کو مسخ کرنے کی کوشش کی لیکن آج دنیا پاکستان کی ثقافت، انفراسٹرکچر، اور معاشی استحکام کو تسلیم کر رہی ہے۔مذہبی رواداری کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کی قیادت میں صوبے میں مذہبی ہم آہنگی کی نئی مثالیں قائم کی گئی ہیں۔ اس وقت سکھ یاتری پاکستان میں ہمارے مہمان ہیں جن کی خاطر تواضع اور مذہبی رسومات کی ادائیگی کے لیے مثالی انتظامات کیے گئے ہیں۔ یہی وہ پروگریسو پاکستان ہے جو ہم دنیا کو دکھانا چاہتے ہیں۔آخر میں انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کے دور میں اب سچ کو چھپایا نہیں جاسکتا۔مودی کا میڈیا جتنا بھی جھوٹ پھیلالے، حقائق سب کے سامنے ہیں۔ چاہے وہ رافیل طیارے گرانے کا واقعہ ہو یا پاکستان کی دفاعی و سفارتی کامیابیاں، دنیا اب پاکستان کی سچائی کا اعتراف کررہی ہے۔

بقیہ 5

انسداد پولیو مہم ملک کے مستقبل کے لئے ایک اجتماعی خطرے کے خلاف اعلان جنگ ہے،لاپرواہی کی وجہ سے جنم لینے والے پولیو کے مرض کو صرف شعور سے ہی ختم کیا جاسکتا ہے،والدین انسداد پولیو مہم میں اپنا کردار ادا کریں، گرمی اور سکیورٹی خدشات کے باوجود خدمات انجام دینے والے انسداد پولیو مہم کے فرنٹ لائن ورکرز ہمارے ہیرو ہیں۔کا انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے مہم کا آغاز صحت مند مستقبل کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انسداد پولیو مہم ملک کے مستقبل کے لئے ایک اجتماعی خطرے کے خلاف اعلان جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاپرواہی کی وجہ سے جنم لینے والے پولیو کے مرض کو صرف شعور سے ہی ختم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرمی اور سیکیورٹی خدشات کے باوجود خدمات انجام دینے والے انسداد پولیو مہم کے فرنٹ لائن ورکرز ہمارے ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین انسداد پولیو مہم میں اپنا کردار ادا کریں اور ذاتی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اپنے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں۔

بقیہ 6

میں کامیابی پر پیٹر ماجار کو مبارکباد دی ہے۔پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے پیٹر ماجار کے لیے نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ہنگری مزید ترقی کرے گا اور پاکستان اور ہنگری کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔صدرِ مملکت نے کہا کہ ہمارے لیے یہ بات خاص طور پر اہمیت کی حامل ہے کہ ہنگری کے انتخابات میں نوجوانوں نے اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ پاکستان جہاں آبادی کی اکثریت نوجوانوں پر مشتمل ہے، نوجوان اسی جذبے کے ساتھ ملک کے مستقبل کی باگ ڈور سنبھالیں گے۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ امید ہے کہ مستقبل میں پاکستان اور ہنگری کے تعلقات باہمی دلچسپی کے شعبوں میں مزید فروغ پائیں گے۔

بقیہ 7

ہوئے کہا کہ پاکستان مثبت پیش رفت کے لئے پراُمید ہے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان دنیا کی امیدوں کا محور بنا، کئی دہائیوں بعد امریکہ ایران کو ایک میز پر بٹھایا، پاکستان خطے میں پائیدار امن کے لئے کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا،امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں مذاکرات ہوئے، دونوں ملکوں کے وفود ہماری درخواست پر تشریف لائے۔شہباز شریف نے کہا کہ دعوت قبول کرنے کا ایران اور امریکا کے صدور کا مشکور ہوں، یہ میری نہیں پاکستان کے عوام کی عزت ہے، ایران اور امریکا نے 2 ہفتے کی جنگ بندی پر اتفاق کیا، دونوں ملکوں کے اعلیٰ سطح وفود میں 21 گھنٹے تک بات چیت جاری رہی۔اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان کو امن کی بحالی کے لیے ثالثی کا موقع ملا،ابھی تک سیز فائر قائم ہے، معاملات کو حل کرانے کے لیے پوری کوشش جاری ہے،یہ تاریخی لمحہ وطن عزیز کے 24 کروڑ عوام کے لیے باعث فخر ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد ٹاکس کے ذریعے پاکستان کو جنگ بندی کو مستقل امن میں بدلنے کا موقع ملا، مذاکرات میں ایسے مواقع بھی آئے کہ فریقین میں بات ٹوٹتے ٹوٹتے دوبارہ شروع ہوئی۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل کو شاباش اور شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں جب کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اوران کی ٹیم بھی خراج تحسین کی مستحق ہے۔اُنہوں نے مزید کہا کہ مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر راتوں کو جاگے، اُن کی فراست سے عارضی جنگ بندی پرعمل درآمد ہوا۔

بقیہ 8

ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو میں امریکی صدر نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں بہت سی باتوں پر سمجھوتا ہوچکا تھا، یورینیم معاملے پر اتفاق نہیں ہوسکا۔انہوں نے کہا کہ امریکی وفد نے اچھے جبکہ ایران نے برے طریقے سے مذاکرات کیے، ایران کسی صورت جوہری ہتھیار نہیں رکھ سکتا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ہم کسی ملک کو بلیک میل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، گزشتہ روز آبنائے ہرمز سے 34 جہازوں کی آمد ورفت ریکارڈ کی گئی، دنیا کو آبنائے ہرمز کی ضرورت ہے، جس کی ناکہ بندی شروع کردی گئی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ امریکا کے پاس سعودی عرب اور روس سے زیادہ تیل کے ذخائر ہیں، دنیا کے بہت سے ملکوں کے جہاز اس وقت تیل لینے امریکا آرہے ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی فوج نے ایران کے سمندری راستوں کی ناکہ بندی شروع کردی ہے۔امریکا نے آج سے ایرانی بندرگاہوں میں داخل اور نکلنے والے جہازوں کی ناکہ بندی کرنے کا اعلان کیا تھا، ناکہ بندی کا عارضی نفاذ جہازوں کی ایرانی پورٹس میں آمد و رفت پر ہوگا۔امریکی سینٹ کام کا کہنا ہے کہ خلیج عرب وخلیج عمان میں ایرانی پورٹس سے آنے جانے والے جہازوں پر بھی اس کا نفاذ ہوگا۔امریکی فوج کے مطابق ناکہ بند علاقے میں بغیر اجازت داخل ہونے یا نکلنے والے کسی بھی جہاز کو روکا، موڑا یا قبضے میں لیا جائے گا

بقیہ 9

دراصل ایک اسٹریٹجک وقفے کا ہونا چاہیے تھا۔برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بڑا سفارتی نتیجہ ایک ہی نشست میں حاصل نہیں ہوتا، چاہے وہ کئی گھنٹوں پر محیط کیوں نہ ہو۔شیری رحمن نے کہا کہ ابتدائی مذاکرات میں مسودوں کا تبادلہ اور ایک دوسرے کے موقف کو سمجھنا اہم پیشرفت ہوتی ہے، تحمل اور صبر ہی وہ عوامل ہیں جو جنگ بندی یا وقفہ فراہم کرکے بات چیت کو آگے بڑھانے میں مدد دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماضی کے تجربات کے مطابق مذاکرات ایک طویل عمل ہوتا ہے جس میں کئی مراحل سے گزرنا پڑتا ہے، اختلافی نکات کے حل کے لیے دونوں فریقین کو مناسب وقت اور جگہ دینا ناگزیر ہوتا ہے۔شیری رحمن نے کہا کہ تحمل اور وقت کی کمی صورت حال کو طویل اور تباہ کن تنازع کی طرف دھکیل سکتی ہے جو خطے اور دنیا کے لیے نقصان دہ ہے۔

بقیہ 10

آصف اور شاہین جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزار کر خلیج فارس میں لے گئے۔ذرائع کے مطابق ایک جہاز کویت سے کروڑوں لٹر ڈیزل کراچی پورٹ لائے گا جبکہ دوسرا جہاز کروڑوں لٹر خام تیل یو اے ای کے جزیرے داس سے بھرے گا۔شپنگ ذرائع کے مطابق آبنائے ہرمز سے خلیج فارس کے اندر جانے والے یہ پہلے دو پاکستانی جہاز ہیں۔اس سے قبل ایران نے 3 پاکستانی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے باہر نکلنے کی اجازت دی تھی، ان جہازوں کے بارے میں بھی خبر پاکستانی میڈیا پر بریک کی تھی۔

بقیہ 11

کے درمیان مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔پیر کو جاپان کی وزیرِ اعظم سانائے تاکائچی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو فون کیا اوران سے اسلام آباد میں پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم سانائے تاکائچی نے جنگ بندی اور مذاکرات کے انعقاد میں پاکستان کے سفارتی کردار کو سراہا۔انہوں نے امن قائم کرنے کے عمل کی مکمل حمایت کا اظہار کیا اوراسے علاقائی استحکام اور عالمی توانائی سلامتی کے لیے اہم قرار دیا۔ وزیرِ اعظم نے جاپانی ہم منصب کی نیک خواہشات پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ امریکا اور ایران کے وفود کے اسلام آباد میں ہونے والے تفصیلی مذاکرات پر شکر گزار ہیں اور پاکستان جنگ بندی کو برقرار رکھنے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ وزیرِ اعظم نے پاکستان اور جاپان کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا جسے جاپانی وزیرِ اعظم نے بھی سراہا۔ دونوں رہنماں نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 12

اور ملک میں امن وامان کی صورتحال پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں وزیر داخلہ نے قوم کے جانثاروں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور استحکام حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ریاست کی رٹ ہر صورت برقرار رکھی جائے گی اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ شرپسند عناصر کو ملک کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، پاکستان کا مستقبل صرف اور صرف امن اور قانون کی بالادستی سے وابستہ ہے۔

بقیہ 13

کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اقلیتی برادریوں کے بنیادی حقوق، سلامتی اور وقار کے تحفظ کیلئے پُرعزم ہے ، ان کی سماجی ومعاشی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی۔ بیساکھی کے موقع پر صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ خوشیوں اور مسرتوں سے بھرپور تہوار بیساکھی/ ویساکھی کے موقع پر میں پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم ہندو اور سکھ برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ بیساکھی/ ویساکھی ایک اہم مذہبی اور ثقافتی سنگ میل ہے جو ربیع کی فصل کی کٹائی کے آغاز کی علامت ہے، یہ موسم کسانوں کے لیے بے حد خوشی کا باعث ہے کیونکہ وہ اپنی محنت کا پھل حاصل کرتے ہیں۔ یہ موقع شکرگزاری، غور وفکر اور ایمان، اتحاد اور انسانیت کی خدمت جیسی پائیدار اقدار کی تجدید کا بھی پیغام دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے کئی علاقوں میں بیساکھی/ ویساکھی کو ہمسایوں اور مقامی برادریوں کی جانب سے بھی احترام کے ساتھ منایا جاتا ہے، جو باہمی احترام پر مبنی مشترکہ سماجی فضا کا عکاس ہے۔انہوں نے کہا کہ بابائے قوم نے ایک ایسے ملک کا تصور پیش کیا تھا جو تمام شہریوں کے لیے، بغیر کسی مذہبی یا نسلی امتیاز کے، مساوات، آزادی اور تحفظ کے اصولوں پر قائم ہو، یہ اصول آئینِ پاکستان میں باقاعدہ طور پر شامل ہیں، جو تمام برادریوں کو مساوی حقوق اور تحفظ کا ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ہندو اور سکھ یاتریوں کی سہولت کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے اور ملک بھر میں گردواروں کی دیکھ بھال اور سکیورٹی کو بھی یقینی بناتی ہے، خصوصاً اہم مذہبی مواقع پر۔انہوں نے کہا کہ میں ملک بھر کی تمام برادریوں کے مساوی حقوق کے تحفظ کے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہوں، خواہ ان کا تعلق کسی بھی عقیدے، ذات یا مسلک سے ہو۔حکومت اقلیتی برادریوں کے بنیادی حقوق، سلامتی اور وقار کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے اوران کی سماجی و معاشی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی۔ ان کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی ایک اہم ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ میں پاکستان اور دنیا بھر میں امن، خوشحالی اور ہم آہنگی کے لیے دعا گو ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ یہ دن سب کے لیے، خصوصاً ہماری ہندو اور سکھ برادری کے لیے، خوشیوں کا باعث بنے۔

بقیہ 14

گے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات پر اسکیم کی مدت دسمبر 2026ء تک بڑھادی گئی۔ مجموعی طور پر 94ہزار سے زائد سسٹم فراہم کئے جائیں گے جن پر دس ارب روپے کے قریب لاگت آئے گی۔قرعہ اندازی کے ذریعے کم آمدن والے صارفین کو مفت سولر سسٹم فراہم کیے جائیں گے،پنجاب کے تمام اضلاع اور تحصیلوں میں سکیم کا اطلاق ہوگا،اب تک آٹھ لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوچکی ہیں،اس سے قبل جون 2026ء تک سکیم کا اعلان کیا گیا تھا۔

بقیہ 15

اقوام متحدہ نے جنگ بندی برقرار رکھنے اور تعمیری انداز میں مذاکرات جاری رکھنے پر زور دیا ہے۔اقوام متحدہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری تجارت میں خلل کے باعث عالمی معیشت عدم استحکام کا شکار ہے، کھاد اور اس کے اجزاء کی سپلائی متاثر ہونے سے دنیا بھر میں غذائی بحران میں اضافہ ہوا۔ترجمان یو این کے مطابق ایندھن، ٹرانسپورٹ اور سپلائی چین متاثر ہونے سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوا، تقریباً 20 ہزار جہاز تنازع میں پھنس گئے، روزانہ مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے

بقیہ 16

ہے۔ذرائع کے مطابق 1 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری 2030ء تک مرحلہ وار کی جائے گی ،منصوبے کا مقصد اے آئی کے جدید نظام تک سستی رسائی فراہم کرنا ہے، وزارت آئی ٹی،اے آئی کیلئے بنیادی انفرا اسٹرکچر ڈویلپمنٹ منصوبہ شروع کرے گی،اگنائٹ نیشنل ٹیکنالوجی فنڈ کے ذریعے اے آئی انفرا اسٹرکچر کا منصوبہ شروع کیا جائے گا،اے آئی کی ترقی کیلئے جدید کمپیوٹنگ پاور اور جی پی یوز فراہم کیے جائیں گے۔ذرائع کے مطابق سرکاری اور پرائیویٹ شعبے کو کمپیوٹنگ پاور، گرافکس پروسیسنگ یونٹس فراہم کیے جائیں گے،اے آئی کی تحقیق اور ترقی کے لیے صنعتوں کو وسائل فراہم کیے جائیں گے، جی پی یوز کی فراہمی مصنوعی ذہانت، ڈیٹا جائزے، مشین لرننگ میں مدد گار ہوں گے، پاکستانی حکومت کے یہ اقدامات ملک کی عالمی ٹیکنالوجی، مسابقتی پوزیشن مزید مستحکم کریں گے، پاکستان میں اے آئی کے لیے سرمایہ کاری سے کاروباروں اور محققین کو فائدہ ہوگا،اے آئی میں سرمایہ کاری کے نتیجے میں پاکستان میں نئی ٹیکنالوجی کی راہ ہموار ہوگی۔

بقیہ 17

ہے۔ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق امارات، کویت، بحرین، قطر اور سعودی عرب جانے اور آنے والی پروازوں کی تعداد میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ قطر کے بعد کویت، بحرین اور امارات نے بھی پروازوں میں اضافہ کردیا ہے جبکہ بحرین، کویت اور قطر سے پاکستان سمیت دیگر ممالک کے لیے 100 سے زائد پروازوں کی آمد و رفت ریکارڈ کی گئی۔علامہ اقبال انٹرنیشنل ائیرپورٹ لاہور سے خلیجی ممالک کے لیے دوطرفہ 25 پروازیں آپریٹ ہوئیں۔اسی طرح کراچی سے 28، اسلام آباد سے 18، پشاور سے 8، کوئٹہ سے 4، ملتان سے 6 جبکہ فیصل آباد سے 4 پروازیں آپریٹ کی گئیں۔ایئر پورٹ ذرائع کے مطابق فضائی آپریشن میں بہتری کے باعث مسافروں کو سفری سہولیات میں بھی اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ 18

مہنگے ہوئے۔لہسن، مٹن، بیف، ایل پی جی، بجلی، لکڑی بھی مہنگی ہوئی، گزشتہ ہفتے ایل پی جی کی قیمتوں میں 10 فیصد سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، بجلی کی قیمت بھی 6 فیصد سے زائد بڑھ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیاد پر گندم کا آٹا 76.24 فیصد تک مہنگا ہوا، ایک سال میں پیاز 25 فیصد، سرخ مرچ 15 فیصد سے زائد مہنگی ہوئی، گزشتہ سال کی نسبت بڑا گوشت 13 فیصد، چھوٹا 41.12 فیصد مہنگا ہوا۔رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیاد پر ایل پی جی 35 فیصد اور ڈیزل 30 فیصد مہنگا ہوا، ایک سال میں گیس چارجز تقریباً 30 فیصد بڑھ گئے، پیٹرول کی قیمت میں بھی سالانہ بنیاد پر 75.25 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 19

جانی و مالی نقصان ہوا۔حادثے میں متعدد گاڑیوں کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔امارات میں پاکستانی سفارتخانے نے بھی اس واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں ایک پاکستانی شہری شامل ہے۔سفارتخانے کی جانب سے متاثرہ خاندان سے اظہارِ تعزیت کیا گیا ہے اور یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ میت کو جلد پاکستان منتقل کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔حکام کے مطابق اس واقعہ میں کم از کم تین افراد زخمی بھی ہوئے ہیں جنہیں فوری طور پر طبی امداد فراہم کی گئی۔حالیہ کشیدگی کے دوران امارات میں ایرانی حملوں کے نتیجے میں اب تک مجموعی طور پر 8 غیر ملکی شہری جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ماہرین کے مطابق اگرچہ فضائی دفاعی نظام میزائل حملوں کو بڑی حد تک ناکام بنا رہا ہے تاہم ملبہ گرنے جیسے واقعات شہری علاقوں کیلئے خطرہ بن رہے ہیں، جس سے خطے میں سکیورٹی خدشات مزید بڑھ گئے ہیں۔

بقیہ 20

عدالت میں غلام مصطفیٰ سمیت دیگر سائلین کی جانب سے درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔

بقیہ 21

قومی صلاحیت کو نمایاں کر رہا ہے اور بندرگاہوں کو تجارت اور علاقائی روابط کے فعال مراکز میں تبدیل کر رہا ہے۔ انہوں نے اس کامیابی پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ پیش رفت بحری شعبے میں پاکستان کی بڑھتی ہوئی طاقت کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی چیلنجز کے باوجود پاکستان نے لچک کا مظاہرہ کرتے ہوئے کراچی پورٹ پر مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ وفاقی وزیر نے اس کامیابی کا سہرا موثر حکومتی حکمت عملی اور وزارت بحری امور، بندرگاہوں کے چیئرمینز اوران کی ٹیموں کی انتھک محنت کو دیا اوران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اس رفتار کو برقرار رکھا جائے گا تا کہ پاکستان کو علاقائی تجارتی اور ٹرانس شپمنٹ مرکز کے طور پر مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پورٹ، پورٹ قاسم اور گوادر پورٹ سمیت دیگر پاکستانی بندرگاہوں نے ریکارڈ کارکردگی حاصل کی ہے۔

بقیہ 22

اور گاڑیاں ضبط کر لی گئیں۔چیئرپرسن رنگ روڈ اتھارٹی صفی اللہ گوندل کے مطابق رنگ روڈ پر تیز رفتاری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور شہری ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں اور گاڑی مقررہ رفتار میں چلائیں۔انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل ہی حادثات سے بچاؤ کا واحد حل ہے، اسی لیے اوور اسپیڈنگ کے خلاف کریک ڈاؤن آئندہ بھی جاری رہے گا تا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 23

ہدف تھا۔بتایا گیا کہ پاکستان کے سفیر مدثر ٹیپو تہران میں پاسداران کے زیر انتظام علاقے میں مقیم ہیں، جہاں بھی بمباری کی گئی۔ تاہم خوش قسمتی سے سفارتخانے یا سفیر کی رہائشگاہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ذرائع کے مطابق سفیر مدثر ٹیپو تقریبا بیس رکنی سفارتی عملے کے ہمراہ معمول کے مطابق اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے ہیں۔ایک سینئر سفارتکار نے بتایا کہ دھماکوں کی آوازیں انتہائی شدید تھیں جس سے عملہ پریشان ضرور ہوا، لیکن تمام اہلکار محفوظ ہیں۔سفارتی ذرائع کے مطابق موجودہ کشیدہ صورتحال کے باوجود پاکستانی سفارتی عملہ اپنی ذمہ داریاں نبھار رہا ہے اور حالات پر مسلسل نظر رکھی جارہی ہے۔

بقیہ 24

کے لیے مہلت دے رکھی ہے۔صحافی رانا محمد عظیم سمیت دیگر درخواست گزاروں کی جانب سے پیکا ایکٹ میں ترمیم کو چیلنج کیا گیا ہے۔

بقیہ 25

میں چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور ہوم سیکرٹری ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کو طلب کر رکھا ہے کیونکہ ملزم کو پی ایس ایل کی سکیورٹی ڈیوٹی کے باعث ٹرائل کورٹ میں پیش نہیں کیا جاسکا تھا۔ چیف جسٹس ہائیکورٹ عالیہ نیلم ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت کریں گی جبکہ پنجاب حکومت کی جانب سے ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل اخلاق سلہری پیش ہوں گے۔تھانہ لیاقت آباد کی طرف سے درج مقدمے کے مطابق ملزم پر الزام ہے کہ اس نے جعلی ڈی ایس پی بن کر مدعی سے اپنی ترقی کے لیے 15 لاکھ روپے لیے اور جعلسازی کے ذریعے مدعی کے 4 پلاٹ اپنے نام کروائے۔اس کیس میں چیف پولیس آفیسر (سی سی پی او) بھی تین مرتبہ عدالت میں پیش ہو چکے ہیں تا کہ معاملے کی سکیورٹی اور قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔انتظامیہ اور عدالت کی سخت نگرانی کے تحت کیس کی سماعت شفاف طریقے سے مکمل کی جائے گی۔

بقیہ 26

جس کے باعث اس کی موت واقع ہوئی۔متن کے مطابق 26 مارچ کو مقتول کے موبائل فون سے ایک پولیس اہلکار نے اس کی اہلیہ کو کال کی اور اطلاع دی کہ افتخار کو لڑکی کے اغواء کے الزام میں حراست میں لیا گیا ہے۔ایف آئی آر میں یہ بھی الزام عائد کیا گیا ہے کہ پولیس اہلکار مقتول کے خلاف کارروائی نہ کرنے کے بدلے 2 لاکھ روپے رشوت کا مطالبہ کرتے رہے۔پولیس حکام کے مطابق پولیس چوکی انڈسٹریل ایریا کا عملہ اس وقت زیر حراست ہے اور واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 27

تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملک بھر میں تیل کی فراہمی مستحکم اور تسلی بخش ہے۔وزارت آئی ٹی نے پیٹرولیم مصنوعات پر ہدفی سبسڈی کے لیے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی نظام کی تجویز پیش کی، جس کا مقصد شفافیت اور مؤثر ترسیل یقینی بنانا ہے، اجلاس میں توانائی بحران کے پیش نظر موبائل ایپ کے ذریعے سبسڈی فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جس کے لیے ٹیکنالوجی کی مدد سے ہدفی سبسڈی کے نظام کو جلد حتمی شکل دی جائے گی اور وفاق و صوبوں کے درمیان قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے گا۔وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے ایندھن کی بلاتعطل فراہمی کو سراہتے ہوئے عوام میں بچت کے رجحان کو فروغ دینے پر زور دیا، پنجاب کی نمائندگی کرتے ہوئے سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں کمی کا فائدہ براہ راست عوام تک پہنچنا چاہیے اور بدلتی صورت حال کے مطابق متعدد پالیسی آپشنز تیار کیے جائیں۔خیبر پختونخوا کے وزیرخزانہ مزمل اسلم نے وفاقی حکومت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں تیل کی فراہمی بہتر انداز میں برقرار رکھی ہے، بلوچستان کے وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بھی اجلاس میں اپنی تجاویز پیش کیں۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ حکومت کو محدود مالی گنجائش حاصل ہے، جوزیادہ تر پیٹرولیم لیوی سے حاصل ہونے والی آمدن تک محدود ہے، اس لیے کسی بھی ریلیف پیکج کو معاشی استحکام کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دینا ہوگا۔وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ صورت حال کو چیلنج کے بجائے اصلاحات کے موقع کے طور پر دیکھا جانا چاہیے اور انہوں نے ٹیکس اور سبسڈی نظام میں شفافیت اور بہتری کے لیے ڈیٹا پر مبنی فیصلوں کی ضرورت پر زور دیا اور عوام میں ذمہ دارانہ استعمال کے رجحان کو فروغ دینے کی اہمیت اجاگر کی۔

بقیہ 28

پاک حج موبائل ایپ پر اپنے شیڈول کے مطابق تربیت اور ویکسینیشن کے لیے متعلقہ حاجی کیمپ میں شرکت لازمی قرار دی، تربیتی سیشن کے دوران ٹکٹ، ویزا، شناختی لاکٹ اور کوائف نامے (لگیج ٹیگ) بھی جائیں گے۔دوسری جانب ترجمان مذہبی امور کا کہنا تھا کہ عازمین حج اپنا اصل شناختی کارڈ اور تصویر والی کمپیوٹرائزڈ بینک رسید ہمراہ لائیں، حاجی کیمپوں میں کرنسی نوٹوں کے تبادلے کے لیے متعلقہ بینکوں کے کاؤنٹرز بھی قائم کیے جائیں گے

بقیہ 29

کے خلاف ایک لاکھ روپے ہرجانے کا دعویٰ دائر کرتے ہوئے موقف اپنایا کہ اسے مالی اور ذہنی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ دکاندار کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ہرجانہ دلوایا جائے تا کہ صارفین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ڈیوٹی جج نے ابتدائی سماعت کے بعد کیس متعلقہ عدالت کو بھجوا دیا، جہاں آئندہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 30

نیب نے سزا معطلی کی درخواستیں قابل سماعت نا ہونے کا اعتراض اٹھا رکھا ہے۔بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے سزا معطلی کی درخواستیں دائر کر رکھی ہیں، احتساب عدالت نے 17 جنوری 2025 کو بانی اور بشری بی بی کو سزائیں سنائی تھیں۔

بقیہ 31

سے پیش کیا گیا تھا۔ذرائع کے مطابق منشیات کے مقدمات میں موثر پیروی کو یقینی بنانے کے لیے نئی پالیسی متعارف کرائی گئی ہے جبکہ کریمنل پراسیکیوشن سروس کیس فلو مینجمنٹ سسٹم رولز 2025 کی بھی منظوری دے دی گئی ہے۔

بقیہ 32

پلس سٹیٹس کیلئے سب نے مل کر کام کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا جی ایس پی پلس سٹیٹس برقرار رہنا چاہیے، اس پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوسکتا۔ایس ایم تنویز کا مزید کہنا تھا کہ جی ایس پی پلس سٹیٹس ہمارے لئے معاشی شہ رگ ہے، فائلر اور نان فائلر پر حکومت سے بات ہو رہی ہے۔چیئرمین اپٹما کامران ارشد نے کہا کہ ہم ملک سے ہیں اور ملک ہمارے سے، جی ایس پی پلس پاکستان کیلئے اہم ہے،2013 تک پاکستان کی ایکسپورٹ 2 بلین ڈالر سے نیچے تھی، اب ایکسپورٹ 5.9 بلین ڈالر پر پہنچ چکی ہے۔کامران ارشد کا کہنا تھا کہ جی ایس پی کو کسی صورت متاثر نہیں ہونا چاہیے، حکومت کو چاہیے جی ایس پی پلس کی حفاظت کرے، ملکی سالمیت سے بڑھ کر کچھ نہیں۔قبل ازیں کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض ودیگر عہدیداروں نے کہا کہ پاکستان کے لئے جی ایس پی پلس سٹیٹس بہت اہمیت رکھتا ہے، جی ایس پی پلس سٹیٹس سے یورپی ممالک کو برآمدات 5.3 ارب ڈالر سے بڑھ کر 8 ارب ڈالر ہوگئیں۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ایکسپورٹ اور معیشت کی لائف لائن جی ایس پی پلس ہے، آئی ایم ایف کے قرضے سے باہر آنے کے لئے ایکسپورٹ آخری حل ہے، پاکستان معاشی طور پر مضبوط سے مضبوط تر ہو رہا ہے، پاکستان کی برآمدات میں اضافہ ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل کا شعبہ ملکی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے معرکہ حق جیتا، اب معرکہ معیشت بھی جیتنا ہے، پاکستان کی بزنس کمیونٹی حکومت کے ساتھ مل کر کامیابی حاصل کرے گی

بقیہ 33

سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسلامی ممالک آزاد خارجہ پالیسیاں پر مبنی پالیسیاں تشکیل دیں، عالمی سطح پر مسلمانوں کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عالم اسلام کا متحد ہونا ناگزیر ہوچکا ہے، مغربی طاقتیں مسلمان کو محکوم اور مغلوب بنا کر غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کررہی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ مسلم ممالک کو باہمی اختلافات بھلا کر اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور ایک دوسرے کے ساتھ سیاسی، اقتصادی اور دفاعی تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ اگر امتِ مسلمہ نے بروقت مشترکہ لائحہ عمل اختیار نہ کیا تو مسائل میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ مسلمانوں کے خلاف ہونے والی ناانصافیوں اور مظالم کا فوری نوٹس لیا جائے، جبکہ مسلم قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنے عوام کے حقوق کے تحفظ اور خطے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے موثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 34

2 یونٹس کو بند کر کے مقدمات درج کر لیے گئے۔ خفیہ اطلاع پر کی گئی کارروائیوں کے دوران 5 یونٹس کو مجموعی طور پر 6 لاکھ 40 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔کارروائیوں کے دوران بڑی مقدار میں مضرِصحت اشیاء تلف کی گئیں، جن میں 3 ہزار کلوگرام فنگس زدہ مواد اور کریم، 1 ہزار کلو گرام گوشت جبکہ 500 لیٹر جعلی مشروبات شامل ہیں۔حکام کے مطابق چھاپوں کے دوران مختلف مشینری اور سامان بھی ضبط کیا گیا، جن میں مشینیں، سلنڈر، ڈرم، ڈھکن، فلیورز اور خالی و تیار شیشیاں شامل ہیں۔یہ کارروائیاں شادباغ، رائیونڈ روڈ، فیروزپور روڈ، نشتر، سندر اور مغل پورہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ فوڈ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایسے آپریشنز بلاتعطل جاری رہیں گے۔

بقیہ 35

کر لی گئی۔علاقہ مجسٹریٹ گوجر خان آفتاب احمد نے دلہن کی ضمانت منظور کی، عدالت نے ملزمہ کو 50 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم بھی دیا۔دلہن کو گرفتاری کے بعد گزشتہ روز علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا تھا اور عدالت نے ملزمہ کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا تھا۔پولیس کے مطابق گرفتار لڑکی کی ایک ماہ قبل شادی ہوئی ہے، شادی کے بعد فائرنگ کی ویڈیو سامنے آنے پر قانونی کارروائی کی گئی۔

بقیہ 36

میں سے 247 سینٹرز کو حساس قرار دیا گیا ہے۔امتحانی عمل کو شفاف اور نقل سے پاک بنانے کے لیے 383 مراکز میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے گئے ہیں جبکہ سکیورٹی اور نگرانی کے لیے 45 ہزار 844 نگران عملہ تعینات کیا گیا ہے۔لاہور میں امتحانات کے پہلے روز عربی، جغرافیہ اور تاریخ پاکستان کے پرچے لیے جا رہے ہیں، امتحانات کے انعقاد کے لیے شہر بھر میں 880 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں تا کہ امیدواروں کو سہولیات فراہم کی جاسکیں۔امتحانی عمل کو شفاف بنانے کے لیے 26 مراکز کی نگرانی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے کی جارہی ہے جبکہ تمام امتحانی سنٹرز میں دفعہ 144 نافذ ہے۔سکیورٹی کے سخت انتظامات کے تحت کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو امتحانی مراکز میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی جبکہ امیدواروں کو بھی مکمل شناخت کے بعد ہی سنٹر میں داخل ہونے دیا جائے گا۔شیڈول کے مطابق میٹرک کا آخری پرچہ 16 اپریل کو پنجابی اور تاریخ اسلام کا لیا جائے گا۔

بقیہ 37

اسپکشنز ہوئیں۔ 900,7 سے زائد نوٹس جاری اور ہزاروں صنعتی یونٹس سیل کئے گئے جبکہ 2300 سے زائد ایف آئی آرز درج ہوئیں اور جرمانے بڑھ کر 19 کروڑ 20 لاکھ روپے تک پہنچ گئے۔ 4 لاکھ 19 ہزار کلو سے زائد مضر صحت مواد ضبط کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر اینٹوں کے بھٹوں، فیکٹریوں اور کنسٹرکشن سائٹس پر سخت چیکنگ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق 2200 سے زائد واٹر ری سائیکلرز اور مسٹ اسپرنکلرز نصب کیے گئے جس سے لاہور میں پارٹیکولیٹ میٹر کی سطح 102 سے کم ہوکر 89 فیصد پر آ گئی۔ اینٹی اسموگ گنز کے استعمال سے بھی فضائی آلودگی میں واضح کمی ہوئی۔ پہلی بار فصلوں کی باقیات جلانے کے خلاف مؤثر اقدامات سے نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی، واٹر باؤزر یونٹس متحرک کئے گئے۔67 واٹر باؤزرز کی مدد سے آگ پر فوری قابو پایا گیا۔ PM2.5 سطح 50 سے کم ہونے سے راولپنڈی صاف ترین بڑے شہروں میں شامل ہوگیا۔ای پی آئی کی رپورٹ کے مطابق ملتان، بہاولپور، لودھراں اور منڈی بہاؤالدین میں بھی نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی۔تمام شعبوں میں ماحولیاتی نظام کی بہتری کے جامع اقدامات کے مجموعی طور پر نہایت موثر نتائج سامنے آئے۔ پنجاب حکومت نے پہلی بار جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور فیلڈ ایکشن کو یکجا کر کے سموگ کے خلاف جامع حکمت عملی اپنائی تھی۔ صنعتی دھوئیں کے اخراج، زہریلے دھوئیں کے مختلف ذرائع اور گردوغبار کے خلاف سخت مہم سے فضائی معیار میں واضح بہتری آئی۔ رپورٹ کے مطابق اینٹوں کے بھٹوں کی زیگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقلی، وہیکل ٹیسٹنگ اور کنسٹرکشن سائٹس پر کنٹرول نے بھی نمایاں بہتری میں بڑا کردار ادا کیا۔فصلوں کی باقیات جلانے کے خاتمے کے لیے کوئیک رسپانس یونٹس نے اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ای پی اے سمیت پنجاب حکومت کی تمام ٹیم کو شاباش دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب ماحولیاتی تحفظ کا مثالی صوبہ بن رہا ہے۔ 2026ء میں پنجاب ماحولیاتی تحفظ کے شعبے میں اپنی کارکردگی کا ریکارڈ خود توڑے گا۔

بقیہ 38

ٹیکنالوجی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی سہولت کے لئے حکومت پر عزم ہے، پاکستان معیشت کے شعبے میں ڈیجیٹائزیشن کو اپناتے ہوئے شفافیت کو یقینی بنانا چاہتا ہے۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ملک میں ٹیلی کام آپریٹرز کو 5 جی سپیکٹرم کی نیلامی کے بعد عوام کو معیاری انٹرنیٹ سروسز مہیا کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور ہم آہنگی سے کام کررہے ہیں۔وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر تعمیری شرکت سے ملک کی معیشت اور دیگر معیاری سروسز کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، پاکستان کی نوجوان آبادی کا ٹیلی کام اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں رجحان بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیلئے دلچسپی کا باعث ہے

دنیا کو دہشتگردی سے محفوظ بنانے کیلئے پاکستان تنہا بوجھ اٹھا رہا ہے، امریکی رکنِ کانگریس

پاکستانیوں کو امریکی ویزے کے حصول میں مسائل کے حل کے لیے بھی کام کریں گے، ٹام سوازی

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے چیئرمین رکن کانگریس ٹام سوازی اور امریکہ میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کی مشترکہ پریس کانفرنس میں پاک امریکہ تعلقات کے موضوع پر منعقدہ تاریخ ساز سمپوزیم کے بارے میں شرکا کو آگاہ کیا گیا۔ کانفرنس کے دوران گزشتہ آٹھ دہائیوں پر مشتمل پاک امریکہ شراکت داری، پاکستان کے معاشی سفر اور خصوصاً ملک کے درخشاں مستقبل اور دونوں ملکوں کے مابین تعاون کے حوالے سے غور کیا گیا۔

پشاور میں پولیس مقابلہ، اشتہاری اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے شاہ پور میں پولیس مقابلہ ہوا ہے جس میں ایک ملزم ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم قتل، منشیات فروشی اور پولیس پر حملوں سمیت 19 مقدمات میں مطلوب تھا۔

لاہور صوبائی وزیر لائیو سٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ سید عاشق حسین کرمانی محکمانہ امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان سٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا

پاکستان کو توسیعی فنڈ سہولت (EFF) کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلیٹی (RSF) کے تحت 21 کروڑ ڈالر تک رسائی حاصل ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے بعد ملک کے لیے اہم مالی معاونت کی راہ ہموار ہو گئی۔ آئی ایم ایف کے مطابق ایگزیکٹو بورڈ سے منظوری کے بعد پاکستان کو توسیعی فنڈ سہولت (EFF) کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلیٹی (RSF) کے تحت 21 کروڑ ڈالر تک رسائی حاصل ہوگی

پراپرٹی اونرشپ قانون کے خلاف درخواستیں سماعت کے لیے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں پراپرٹی اونرشپ قانون کے خلاف دائر درخواستوں کو باقاعدہ سماعت کے لیے مقرر کر دیا گیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں جسٹس جواد ظفر اور جسٹس عبہر گل خان پر مشتمل فل بنچ 2 اپریل کو کیس کی سماعت کرے گا۔ (بقیہ نمبر 20)

رنگ روڈ پر تیز رفتاری کے خلاف کریک ڈاؤن، سینکڑوں گاڑیوں کو جرمانے

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ پر تیز رفتاری کے خلاف رنگ روڈ پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے جس کے دوران اوور اسپیڈنگ کرنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ حکام کے مطابق رنگ روڈ پر اوور اسپیڈنگ پر 574 گاڑیوں کو بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ انتہائی تیز رفتاری پر 5 گاڑیوں کے خلاف مقدمات درج کر کے ڈرائیوروں کو گرفتار (بقیہ نمبر 22)

پیکا ایکٹ ترمیم کے خلاف درخواستیں سماعت کے لیے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں پیکا ایکٹ میں حالیہ ترمیم کے خلاف دائر درخواستوں کو سماعت کے لیے مقرر کر دیا گیا۔ جسٹس انوار حسین 30 مارچ کو درخواستوں پر سماعت کریں گے۔ عدالت نے وفاقی حکومت اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب جمع کروانے (بقیہ نمبر 24)

ابوظبی میں ایرانی میزائل کا ملبہ گرنے سے پاکستانی شہری جاں بحق

اماراتی فضائی دفاعی نظام نے آنے والے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا تھا

ابوظبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظبی میں بیلسٹک میزائل کے ملبے کے گرنے سے ایک پاکستانی شہری سمیت مزید دو افراد جاں بحق ہو گئے ہیں، جبکہ کئی افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق اماراتی فضائی دفاعی نظام نے آنے والے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا تھا، تاہم اس کا ملبہ ابوظبی کے علاقے سویحان میں جا گرا جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 19)

کراچی: رکن قومی اسمبلی شرمیلا فاروقی ایکسپو سینٹر میں پاکستان انٹیریئرز فرنیچر ایکسپو کا افتتاح کر رہی ہیں۔

تہران میں پاکستانی سفارتخانے کے قریب بمباری، سفیر اور عملہ محفوظ

کشیدہ صورتحال کے باوجود پاکستانی سفارتی عملہ اپنی ذمہ داریاں نبھا رہا ہے اور حالات پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے، رپورٹ

تہران (این این آئی) ایران کے دارالحکومت تہران میں پاکستانی سفارتخانے اور سفیر کی رہائشگاہ کے قریب شدید بمباری کی اطلاعات سامنے آئی ہیں تاہم تمام پاکستانی سفارتی عملہ محفوظ رہا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق بمباری کا سلسلہ رات تقریباً 8 بجے شروع ہوا، جس کے دوران سفارتخانے کے اطراف میں زور دار دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی سفارتخانے کے سامنے ایرانی فوج کا مرکز ارتش واقع ہے جو ممکنہ طور پر حملے کا (بقیہ نمبر 23)

پیٹرولیم مصنوعات پر ہدفی سبسڈی ٹیکنالوجی کی مدد سے نظام کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور سبسڈی اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت اور صوبوں نے پیٹرولیم مصنوعات پر ہدفی سبسڈی کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا اور کہا گیا کہ ہدفی سبسڈی کے نظام کو ٹیکنالوجی کی مدد سے جلد حتمی شکل دی جائے گی۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور سبسڈی اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا، جس میں پیٹرولیم ڈویژن نے ملک میں ایندھن کی صورت حال پر (بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ راولپنڈی میں والڈ سٹی (قدیم شہر) کی بحالی، تزئین و آرائش اور شہری سہولیات کی بہتری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

انسانیت کی خدمت ہی اصل عبادت ہے اور وہ لوگ خوش نصیب ہیں جو اپنی زندگی دوسروں کی بھلائی کے لیے وقف کر دیتے ہیں

ایسی ہی شخصیات میں محمد اسلم امین آرائیں کا نام سرفہرست ہے جو اپنے علاقے میں ایک متحرک سماجی کارکن اور غریبوں کے مددگار کے طور پر جانے جاتے ہیں

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) انسانیت کی خدمت ہی اصل عبادت ہے اور وہ لوگ خوش نصیب ہیں جو اپنی زندگی دوسروں کی بھلائی کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ ایسی ہی شخصیات میں محمد اسلم امین آرائیں کا نام سرفہرست ہے جو اپنے علاقے میں ایک متحرک سماجی کارکن اور غریبوں کے مددگار کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ایک مخلص سماجی کارکن محمد اسلم امین آرائیں ان لوگوں میں شامل ہیں جو عہدوں یا عزت کی خواہش کے بجائے خاموشی سے اپنے معاشرے کی بہتری کے لیے کام کرتے ہیں۔ ان کا مقصد ہمیشہ معاشرے کے پسماندہ طبقات کو آگے لانا اور ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا رہا ہے۔ محمد اسلم امین آرائیں غریبوں اور بیواؤں اور جھلسنے والوں کے مددگار بھی رہے ہیں۔ حاجی محمد اسلم امین آرائیں کی شخصیت کا سب سے روشن پہلو ان کی ہمدردی ہے۔ وہ ہمیشہ نچلے طبقے، بیواؤں، یتیموں اور بے سہارا لوگوں کا خادم بنا ہے۔ راشن کی فراہمی ہو، طبی امداد ہو یا غریب لڑکیوں کی شادی کا خرچ، وہ اپنی طاقت کے اندر ہر ممکن مدد کرتا رہتا ہے۔ کوئی اپنے دروازے کو خالی ہاتھ نہیں چھوڑتا۔ تعلیم اور صحت کے لیے خدمات بھی نمایاں رہی ہیں۔ حاجی محمد اسلم امین آرائیں نے سماجی خدمات کے ساتھ ساتھ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں ہمیشہ خصوصی دلچسپی لی۔ ان کا ماننا ہے کہ اگر ہم اپنی نسل کو تعلیم یافتہ بنائیں تو غربت کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ حاجی محمد اسلم امین آرائیں نے بہت سے غریب طلباء کو تعلیمی امداد فراہم کی ہے تا کہ وہ پیسے کی کمی کی وجہ سے اپنا مستقبل تاریک نہ کریں۔

ریسکیو 1122 اورکزئی 14 اپریل 2026 ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر اورکزئی بلال الدین کی ڈی پی او شوکت علی سے ملاقات

ملاقات کے دوران ضلع میں امن وامان کی صورتحال، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور ریسکیو 1122 و پولیس کے درمیان باہمی تعاون کو مزید بہتر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اورکزئی (ڈسٹرکٹ رپوٹر) ریسکیو 1122 اورکزئی 14 اپریل 2026 ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر اورکزئی بلال الدین کی ڈی پی او شوکت علی سے ملاقات اورکزئی: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 اورکزئی، بلال الدین نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (DPO) اورکزئی شوکت علی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اورکزئی: ملاقات کے دوران ضلع میں امن و امان کی صورتحال، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور ریسکیو 1122 و پولیس کے درمیان باہمی تعاون کو مزید بہتر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اورکزئی: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے ڈی پی او کو ریسکیو 1122 کی مجموعی آپریشنل سرگرمیوں اور ضلعی امور کے بارے میں آگاہ کیا۔ اورکزئی: ڈی پی او شوکت علی نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے یا حادثے کی صورت میں ریسکیو ٹیموں کو مکمل تحفظ اور ہر ممکن انتظامی تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اورکزئی: دونوں افسران نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اور ریسکیو 1122 کا باہمی رابطہ انتہائی ضروری ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت ریلیف کو یقینی بنایا جا سکے۔ اورکزئی: ڈی پی او شوکت علی نے ریسکیو 1122 اورکزئی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ترجمان، ریسکیو 1122 اورکزئی

ریسکیو 1122 اورکزئی 14 اپریل 2026 ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر اورکزئی بلال الدین کی ڈی پی او شوکت علی سے ملاقات

ڈی پی او شوکت علی نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے یا حادثے کی صورت میں ریسکیو ٹیموں کو مکمل تحفظ اور ہر ممکن انتظامی تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی

اورکزئی) محمد خالق اورکزئی سے) ریسکیو 1122 اورکزئی 14 اپریل 2026 ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر اورکزئی بلال الدین کی ڈی پی او شوکت علی سے ملاقات اورکزئی: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 اورکزئی، بلال الدین نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (DPO) اورکزئی شوکت علی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اورکزئی: ملاقات کے دوران ضلع میں امن و امان کی صورتحال، ہنگامی حالات سے نمٹنے اور ریسکیو 1122 و پولیس کے درمیان باہمی تعاون کو مزید بہتر بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اورکزئی: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے ڈی پی او کو ریسکیو 1122 کی مجموعی آپریشنل سرگرمیوں اور ضلعی امور کے بارے میں آگاہ کیا۔ اورکزئی: ڈی پی او شوکت علی نے کسی بھی ناخوشگوار واقعے یا حادثے کی صورت میں ریسکیو ٹیموں کو مکمل تحفظ اور ہر ممکن انتظامی تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اورکزئی: دونوں افسران نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اور ریسکیو 1122 کا باہمی رابطہ انتہائی ضروری ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت ریلیف کو یقینی بنایا جا سکے۔ اورکزئی: ڈی پی او شوکت علی نے ریسکیو 1122 اورکزئی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ترجمان، ریسکیو 1122 اورکزئی

پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 30 روز کی توسیع

صوبہ بھر میں کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر پابندی برقرار ہے، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت عائد پابندی میں 30 روز کی توسیع کر دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق صوبہ بھر میں آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ حکومت پنجاب نے سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے واضح کیا کہ ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہے

مشرق وسطیٰ کشیدگی، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ

ہفتہ وار مہنگائی کی سالانہ شرح 8.24 فیصد تک پہنچ گئی' ادارہ شماریات

لاہور (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے پاکستان پر اثرات پڑنے شروع ہو گئے، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں ایک فیصد تک اضافہ، سالانہ شرح بڑھ کر آٹھ اعشاریہ دو چار فیصد ہو گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے پیٹرول ڈیزل سمیت 23 اشیاء مہنگی ہوئیں، ایک ہفتے میں 23 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، جن میں پیاز، ٹماٹر، آلو، انڈے اور زندہ مرغی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پیاز اٹھارہ فیصد سے زائد جبکہ ٹماٹر گیارہ فیصد سے زیادہ (بقیہ نمبر 18)

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں ریکارڈ اضافہ پاکستان کی عالمی بحری صلاحیت کو اجاگر کر رہا ہے، محمد جنید انوار چوہدری

قومی صلاحیت کو نمایاں کر رہا ہے اور بندرگاہوں کو تجارت اور علاقائی روابط کے فعال مراکز میں تبدیل کر رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے حکومت کی مستقبل پر مبنی حکمت عملی اور پورٹ اتھارٹیز کی غیر معمولی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں ریکارڈ اضافہ پاکستان کی عالمی بحری صلاحیت کو اجاگر کر رہا ہے اور ملکی بندرگاہوں کو تجارت و کاروبار کے ممتاز مراکز کے طور پر مستحکم بنا رہا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں مسلسل اضافہ نئے سنگ میل قائم کر رہا ہے، (بقیہ نمبر 21)

پولیس چوکی انڈسٹریل ایریا میں زیر حراست شخص کی موت، 7 افراد کیخلاف مقدمہ درج

زیر حراست شخص افتخار کی لاش پھندا لگی حالت میں برآمد ہوئی تھی، قتل اور تشدد کی دفعات کے تحت کارروائی

لاہور (این این آئی) پولیس چوکی انڈسٹریل ایریا میں زیر حراست شخص کی پھندا لگی لاش ملنے کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جس میں پولیس اہلکاروں سمیت 7 افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ قتل، اختیارات سے تجاوز اور تشدد کی دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مقتول افتخار کو دوران حراست تشدد کا نشانہ بنایا گیا، (بقیہ نمبر 26)

فراڈ کے ملزم کی درخواست ضمانت کا کیس 30 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں فراڈ کے ایک اہم مقدمے میں ملزم کی درخواست ضمانت کی سماعت 30 مارچ کو مقرر کر دی گئی۔ رجسٹرار آفس نے سماعت کے لیے کیس کی کازلسٹ جاری کر دی۔ عدالت نے اس کیس (بقیہ نمبر 25)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

ہر طرف بے چینی کا راج ہے، امتیاز حیدر

آج انسان بیرونی مسائل کا ہی شکار نہیں بلکہ اندرونی بے چینی، ذہنی دباؤ اور مسلسل اضطراب میں بھی مبتلا ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ہمدرد یونیورسٹی اسلام آباد کے سابق ڈائریکٹر جنرل واسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر نے کہا ہے کہ آج انسان بیرونی مسائل کا ہی شکار نہیں بلکہ اندرونی بے چینی، ذہنی دباؤ اور مسلسل اضطراب میں بھی مبتلا ہے ہر طرف بے چینی کا راج ہے قومی سطح پر مہنگائی، بیروزگاری، سماجی مسائل اور عالمی سطح پر جنگیں، سیاسی کشیدگیاں اور معاشی بحران ہیں یہ تمام عوامل انسان کے ذہن کو متاثر کر رہے ہیں پاکستان اور دنیا اس وقت نازک دور سے گزر رہے ہیں حالات کا تقاضا ہے کہ گھبرانے کی بجائے حالات کا مقابلہ کیا جائے اور اپنی توانائیوں کو مثبت سمت میں استعمال کیا جائے ہمیں اپنی معیشت کو مضبوط بنانے کے لئے مقامی وسائل پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی اجتماعی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں ہم مسائل کی نشاندہی بھی کریں اور ان کا عملی حل بھی تلاش کریں حکومتی پالیسی کا ساتھ دیں اور قومی معیشت کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہمدرد شوریٰ کے ماہانہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا عنوان "خوف کی فضا اور انسان کا مضطرب ذہن" تھا قومی صدر ہمدرد شوریٰ سعدیہ راشد نے کہا کہ خطے میں بڑھتی کشیدگی نے پاکستان سمیت علاقے میں غیر یقینی کی فضا پیدا کر دی ہے اس کے اثرات سیاسی اور معاشی ہی نہیں ایک عام شہری کی زندگی پر بھی پڑے ہیں پیٹرول کی قلت، قیمتوں میں اضافہ، سفری مشکلات اور ہوائی اڈوں کی بندش نے مجموعی بے چینی میں اضافہ کیا ہے غیر مصدقہ خبروں سے گریز، مستند معلومات کا حصول، معمولات زندگی کو برقرار رکھنا، متوازن غذا، مناسب نیند اور ہلکی جسمانی سرگرمی ذہنی دباؤ کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں ضروری ہے کہ انسان اپنی ذہنی اور جسمانی صحت کا خیال رکھے حالات کے تناظر میں متوازن طرز زندگی اختیار کر کے ہم اپنی صحت اور ذہنی سکون کو بہتر طور پر برقرار رکھ سکتے ہیں دیگر دانشوروں میں ڈاکٹر فرحت عباس، طارق شاہین، حکیم بشیر بھیروی، پروفیسر ڈاکٹر ریاض احمد، نعیم اکرم قریشی، پروفیسر نیاز محمد عرفان اور سلمیٰ قاصر شامل تھیں ان دانشوروں نے بھی کہا کہ خوف کو کمزوری نہ بنائیں بلکہ اپنی طاقت بنائیں اپنے ذہن کو اضطراب سے نکال کر امید، حوصلے اور اعتماد کی فضا قائم کریں کیونکہ ایک پرسکون ذہن ہی ایک مضبوط قوم کی بنیاد رکھتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے شہر کے نشیبی علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا

واسا کی جانب سے جاری نکاسی آب کے کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے بریفنگ بھی لی

راولپنڈی (پی این ایس) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کے ہمراہ جاری بارشوں کے دوران نالہ لئی کے مختلف پوائنٹس اور شہر کے نشیبی علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے واسا کی جانب سے جاری نکاسی آب کے کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے بریفنگ بھی لی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بارش کے دوران شہریوں کو درپیش مشکلات کے فوری ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور نکاسی آب کے عمل کو بلا تعطل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور واسا کی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے بھی انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی سہولت کے لیے تمام ادارے مربوط انداز میں کام کر رہے ہیں۔ مجموعی صورتحال اور جاری سرگرمیوں کو تسلی بخش قرار دیا گیا۔ آخر میں ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ الرٹ رہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل تیار رہیں۔

صحافی ونمائندہ خصوصی روزنامہ مسلمان محمد اویس کے چھوٹے بھائی عاقب علی دشتہ ازدواج کے بندھن میں بندھ گئے

خوشی کے اس موقع پر علاقے کی صحافی سیاسی وسماجی شخصیات کے علاوہ دوست احباب نے بھرپور شرکت کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

حسن ابدال (سٹاف رپورٹر محمد اویس بٹ) صحافی ونمائندہ خصوصی روزنامہ مسلمان محمد اویس کے چھوٹے بھائی عاقب علی دشتہ ازدواج کے بندھن میں بندھ گئے۔ خوشی کے اس موقع پر علاقائی صحافی سیاسی وسماجی شخصیات کے علاوہ دوست احباب نے بھرپور شرکت کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ سابقہ امیدوار برائے ایم پی اے پی پی ٹو ممتاز بٹ ایڈوکیٹ، ناصر بٹ، سیٹھ فخر حیدر، جنید بٹ، محمد تسلیم، نعمان علی، یونس خان، محمد طلحہ، فراز گل، راجہ حسنین، افراسیاب، اصف علی، جیدی، احسان علی، شفقت محمود، ارباز خان، اسماعیل خان، ملک شہری خان، شعیب خان، راجہ اصف، حذیفہ، حاشر، سمران، محمد علی سلطان پور نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر محمد اویس نے شرکت کرنے والے مہمانوں کی شاندار میزبانی کرتے ہوئے انکا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

ضلعی انتظامیہ ہنگو گڈ گورننس عوام دوست اقدامات

اسسٹنٹ کمشنر ٹل نے او پی ڈی۔ ایمرجنسی اور گائنی وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا

ٹل) نمائندہ خصوصی) ضلعی انتظامیہ ہنگو گڈ گورننس۔ عوام دوست اقدامات صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر ہنگو جناب گوہر زمان وزیر کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ٹل شاہ بخت یوسفزئی نے صفائی ستھرائی، ہسپتال میں عملے اور بنیادی سہولیات کی دستیابی کو چیک کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ٹل نے او پی ڈی۔ ایمرجنسی اور گائنی وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا اور ڈیوٹی پر موجود عملے کو مریضوں کی سہولت کے متعلق ضروری ہدایات بھی دیں۔

وزارتِ مذہبی امور کا حج تربیت، ویکسینیشن اور ادویات ایک ہی دن فراہم کرنے کا فیصلہ

ملک بھر کے 10 حاجی کیمپوں میں بیک وقت تربیت اور ویکسینیشن کا عمل 8 اپریل سے شروع ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارتِ مذہبی امور نے حکومتی ہدایات پر مؤثر عمل درآمد کرتے ہوئے حج تربیت، ویکسینیشن اور ادویات پیکنگ کی سہولیات ایک ہی دن فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک بھر کے 10 حاجی کیمپوں میں بیک وقت تربیت اور ویکسینیشن کا عمل 8 اپریل سے شروع ہوگا، تمام سرکاری عازمینِ حج کے لیے اپنے مقررہ شیڈول پر حاجی کیمپ میں شرکت لازمی قرار دی گئی ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 28)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، چیئرمین بورڈ کیپٹن (ر) زاہد سعید اور سیکرٹری صحت عظمت محمود، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کیفر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے دورے پر ماسٹر پلان پر بریفنگ لے رہے ہیں۔

ناقص کپڑا فروخت کرنے پر دکاندار کے خلاف ہرجانے کا دعویٰ دائر

لاہور (این این آئی) صارف عدالت میں سمن آباد کے ایک دکاندار کے خلاف ناقص کپڑا فروخت کرنے پر ہرجانے کا دعویٰ دائر کر دیا گیا۔ سمن آباد کی رہائشی خاتون نے موقف اختیار کیا کہ اس نے شادی میں پہننے کے لئے فینسی سوٹوں کا کپڑا خریدا تاہم گھر آ کر معائنہ کرنے پر کپڑا ناقص کوالٹی کا نکلا۔ درخواست گزار نے دکاندار (بقیہ نمبر 29)

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس 31 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ کیس 31 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ رجسٹرار آفس نے بانی اور بشریٰ بی بی کیس کی کازلسٹ جاری کر دی، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف سماعت کریں گے۔ عدالت نے نیب کی درخواست پر بانی اور بشریٰ بی بی کے وکیل سے جواب طلب کر رکھا ہے جبکہ (بقیہ نمبر 30)

پنجاب میں فوجداری نظام کی بہتری کیلئے اہم فیصلے، کیس فلو مینجمنٹ سسٹم کی منظوری

نارکوٹک کیسز کیلئے نئی پراسیکیوشن پالیسی 2025ء منظور، مقدمات کی تیز رفتار پیروی یقینی بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فوجداری نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں مقدمات کے نظام کو موثر اور تیز بنانے کے لیے بڑے فیصلے کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب نے کیس فلو مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے مقدمات کی نگرانی اور رفتار بہتر بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی نارکوٹک کیسز کے لیے پراسیکیوشن پالیسی 2025ء کے مسودے کی منظوری بھی دے دی گئی ہے، جسے سیکرٹری پراسیکیوشن کی جانب (بقیہ نمبر 31)

جی ایس پی پلس سٹیٹس برقرار رہنا چاہیے، اس پر سمجھوتا نہیں ہو سکتا، ایس ایم تنویر

ٹیکسٹائل کا شعبہ ملکی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے معرکہ حق جیتا، اب معرکہ معیشت بھی جیتنا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) سربراہ یونائیٹڈ بزنس گروپ ایس (یو بی جی) ایم تنویر نے کہا ہے کہ پاکستان کا جی ایس پی پلس سٹیٹس برقرار رہنا چاہیے، اس پر سمجھوتا نہیں ہو سکتا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سربراہ یو بی جی ایس ایم تنویر کا کہنا تھا ہم مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، معیشت کی بہتری کیلئے کام کر رہے ہیں، تجارت کے لئے فری ٹریڈ معاہدے ہونے چاہئیں، جی ایس پی پلس سٹیٹس 8 ممالک کو ملا ہوا ہے، جی ایس پی (بقیہ نمبر 32)

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن صوبے میں کفایتی اقدامات کی نگرانی کے لئے تشکیل کردہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلامی ممالک آزاد خارجہ پالیسیاں پر مبنی پالیسیاں تشکیل دیں، جے یو آئی (س)

مغربی طاقتیں مسلمان کو محکوم اور مغلوب بنا کر غلامی کی زندگی گزارنے پر مجبور کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظمِ اعلیٰ مولانا ایوب خان، نائب ناظمِ اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز اور مولانا توقیر عباس (بقیہ نمبر 33)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، جعلی وملاوٹ شدہ اشیائے خورونوش تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے غیر معیاری اور مضر صحت اشیا تیار کرنے والے یونٹس کے خلاف سخت ایکشن لیا۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں 8 یونٹس پر چھاپے مارے گئے، جن میں سنگین خلاف ورزیوں پر (بقیہ نمبر 34)

پنجاب بھر میں میٹرک امتحانات کا آغاز، 27 لاکھ سے زائد طلبہ شریک

صوبے بھر میں 4 ہزار 92 امتحانی مراکز قائم، 247 سینٹرز کو حساس قرار

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں میٹرک کے سالانہ امتحانات کا باقاعدہ آغاز ہو گیا، جس میں 27 لاکھ 96 ہزار سے زائد امیدوار شرکت کر رہے ہیں۔ محکمہ تعلیم کے مطابق امتحانات کے انعقاد کے لیے صوبے بھر میں 4 ہزار 92 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں جن (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی، شادی میں ہوائی فائرنگ کرنیوالی دلہن کی ضمانت منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے گوہڑہ میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے والی دلہن کی ضمانت منظور (بقیہ نمبر 35)

وفاقی دارالحکومت کے مقامی پروفیشنل صحافیوں کی نیشنل پریس کلب اسلام آباد آمد

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 09 اپریل 2026 کو اسلام آباد سرکل صبح 08:00 بجے تا دوپہر 01:00 تک ترامڑی، وحید آباد، کنڈ راجگان، حامد، اظہر شہید، لہتراڑ روڈ فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک شاہ پور، این آئی ایچ، ٹی اینڈ ٹی، بہارہ کہو وون اینڈ ٹو، ٹریٹ، گلف سٹی، پارک ویو، ہتھیال فیڈرز۔ راولپنڈی کینٹ سرکل میں صبح 07:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک، جاپان روڈ، جھنڈا، اے پی ایف، ایس پی ڈی، پٹریال، چکری، ہسکول فیڈر، چکوال سرکل میں صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، عبداللہ پور، جلال پور، ساغر پور، بی ڈبلیو، دریالہ جالپ فیڈرز، جی ایس او سرکل میں صبح 08:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک 132 کے وی گرڈ اسٹیشن نیو واہ، صبح 08:00 بجے تا شام 06:00 بجے تک 132 کے وی گرڈ اسٹیشنز گبوال، تلہ گنگ، کہوٹہ سٹی، پلندری اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

ایکریڈیٹیشن کارڈز کی تجدید کی آخری تاریخ کو 30۔ اپریل 2026 تک بڑھا دیا گیا

ایکریڈیٹیشن فارم (B) مکمل کر کے دفتر ڈی جی پی آر میں مقررہ تاریخ تک جمع کروا دیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) تمام صحافی حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایکریڈیٹیشن کارڈز کی تجدید کی آخری تاریخ کو 30۔ اپریل 2026 تک بڑھا دیا گیا ہے۔ لہٰذا جن خواتین وحضرات نے ایکریڈیٹیشن کارڈز کی رینیول کروانی ہے وہ ایکریڈیٹیشن فارم (B) مکمل کر کے دفتر ڈی جی پی آر میں مقررہ تاریخ تک جمع کروا دیں۔

رکن قومی اسمبلی راجہ اسامہ اشفاق سرور ایم پی اے بلال یامین ستی کے ہمراہ جھیکا گلی کے علاقے میں لینڈ سلائیڈنگ سے متاثرہ مقامات کا دورہ کر رہے ہیں

منصوبہ محض ایک ہاسنگ سوسائٹی نہیں بلکہ اعتماد، ذمہ داری اور جدید طرزِ زندگی کی عملی مثال ہے

مشکل فیصلے بھی عوام کے مفاد میں کیے، محمد صفدر

کھنیال ہومز کی انتظامیہ اپنے وعدوں کی پاسداری پر یقین رکھتی ہے اور مشکل حالات میں بھی اپنے صارفین کے ساتھ کھڑی رہی ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر ایڈمن کھنیال بلڈرز محمد صفدر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کھنیال بلڈرز کا 16 سالہ سفر اعتماد، شفافیت اور معیار کی ایک روشن مثال ہے۔ ان کے مطابق کھنیال ہومز، میویدہ پاکستان، نے نہ صرف ایک کامیاب رہائشی منصوبے کے طور پر اپنی شناخت قائم کی بلکہ اس دوران کسی بڑے تنازع یا قانونی پیچیدگی سے بھی مکمل طور پر محفوظ رہا، جو انتظامیہ کی سنجیدگی اور عوامی اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے میں رہائشیوں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کی گئیں، جن میں وسیع و عریض مسجد محمد، تعلیمی ادارے، پارکس اور دیگر سماجی سہولیات شامل ہیں۔ ماحولیاتی بہتری کے لیے گرین انیشی ایٹو کے تحت لاکھوں پودے لگائے گئے، جس سے نہ صرف ماحول بہتر ہوا بلکہ علاقے کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوا۔ محمد صفدر نے کہا کہ بدلتے ہوئے حالات اور سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر 2023 میں منصوبے کو متعلقہ اداروں کی قانونی اجازت سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تاہم اس دوران کلائنٹس کے مفادات کو اولین ترجیح دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 95 فیصد الاٹیز کو ایڈجسٹ کیا گیا ہے۔ جن رہفنڈز اور متبادل پلاٹس فراہم کر دیے گئے ہیں جبکہ باقی 5 فیصد افراد کو ان کی مرضی کے مطابق بھی جلد از جلد ایڈجسٹ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھنیال ہومز کی انتظامیہ اپنے وعدوں کی پاسداری پر یقین رکھتی ہے اور مشکل حالات میں بھی اپنے صارفین کے ساتھ کھڑی رہی ہے۔ ان کے بقول یہ منصوبہ محض ایک ہاسنگ سوسائٹی نہیں بلکہ اعتماد، ذمہ داری اور جدید طرزِ زندگی کی عملی مثال ہے، اور مستقبل میں بھی اسی عزم کے ساتھ کام جاری رکھا جائے گا۔